دنیا بھر کا سب سے بڑا اندرجال

موسومہ

قانون محبت معروف کالا جادو

اصلی کالا جادو

مصنفہ

صاحب دیال

جس میں

تسخیر محبوب کے نہایت عجیب و غریب سربستہ اور فوراً اثر
دکھانے والے عملیات کا بالتفصیل بیان کیا گیا ہے

منگوانے کا پتہ

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

قیمت پانچ روپے

(مطبوعہ [illegible] پریس دہلی)

نذر

قانون محبت کو ان سوختہ قسمت حرماں نصیب لوگوں کی نذر کیا جاتا ہے جو رہگذر ہستی میں اپاہجوں کی صورت میں بالکل دست و پا اور بے مدد و گار بیٹھے ہیں جنکی ترقی کی راہیں مسدود ہو چکی ہیں جنکو اپنے آگے سوائے ناکامیابی کے اور کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا وہ بدنصیب عشاق جو یار کی ایک جھلک دیکھنے کی خاطر اپنا سب کچھ لٹانے کو آمادہ ہیں۔

قانون محبت

کے مطالعہ سے ناامیدی امید کے ساتھ بدل جائے گی اور ان کے قلب مضطرب کو وہ فرحت و انبساط حاصل ہوگی جس کا نام محبت کی لغت میں حکیموں نے وصل یار رکھا ہے

ناکامی کے سوا

نمائشی فقیروں اور عملیات کی لایعنی کتابوں سے آپ کو کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ اگر دین اور دنیا کے فوائد سے آپ کو بہرہ اندوز ہونے کی خواہش ہے تو آئندہ صفحات کو بغور ملاحظہ فرمائیں دنیا کی ہر مصیبت اور زندگی کی کشمکش دستور عمل میں راہ قرار دیجئے کہ یہی ان کی اشاعت کا مقصد ہے۔"

"مصنف"

عرض حال

(ناظرین! دنیا میں) وہ کونسا بشر ہے جسکی یہ خواہش نہ ہو کہ ہر انسان اس کا مطیع بنا رہے اور وہ عزت کا دیوتا بن کر انسان پر حکومت کرے حب یا عشق و محبت دنیا میں ازل سے پیدا ہوئے ہیں اور ابد تک قائم رہیں گے، جب تک سے اس دنیا کا آغاز شروع ہوا ہے اور جب تک یہ قائم رہے گی تب تک عشق و محبت کا دور دورہ اس دنیا میں برابر رہے گا حالانکہ زمانہ نے ہزاروں رنگ بدلے اس پر ہزاروں دور گذرے اور ان دوران میں سے ہر دور نہ اپنے سے پہلے دور سے مشابہت رکھتا ہے اور نہ اپنے سے بعد والے دور سے کوئی مطابقت لیکن عشق و محبت میں کسی قسم کا تغیر پیدا نہ ہوا۔ اس زمانے میں بھی جس میں ہم اس دنیا میں جلوہ گر ہوئے ہیں عشق و محبت کا بدستور چار دانگ عالم میں دور دورہ ہے جس طرف آنکھ اٹھا کر دیکھو یہی سماں نظر آتا ہے ہر شخص کسی نہ کسی کے عشق میں مبتلا ہے کوئی کسی نازنین کا شیفتہ ہے کوئی کسی دولت کا طالب ہے کوئی کسی ضرورت کا خواہاں ہے کوئی نام و غرور کا فدائی ہے کوئی تحصیل علم کا خواہاں ہے کوئی بقائے نام کا شیدائی۔

الغرض جس شخص کو دیکھو وہ کسی نہ کسی رنگ میں رنگا ہوا نظر آتا ہے اور کسی نہ کسی بات میں سرگرداں و کوشاں ہے بعض شخص عشق مجازی میں محو نظر آتے ہیں تو بعض عشق حقیقی میں مست و بیخود ہیں اور کو فنا ور مطلق پاک ذات خداوند عالم کے وصال کی آرزو رکھتے ہیں۔ جس طرح ہم

سے پہلے زمانہ میں عشق و محبت کا رنگ ڈھنگ تھا اور جس طرح خود ہمارے عہد میں ان کا زور شور رہے، اسی طرح آئندہ زمانے میں بھی یہی رہے گا۔ الغرض عشق دائم قائم رہے صرف اس وقت تک جس وقت تک دنیا باقی ہے بلکہ اس کے بعد بھی کون نہیں چاہتا کہ وہ دنیا میں سرفراز رہے۔ ذی عزت مال دار زمیندار محلوں کا مالک نہ ہو کون ہے جس کی یہ خواہش نہیں کہ پری پیکر مہ جبینوں سے ہم آغوش نہ ہو! دنیا ہر قسم کی لذات سے لبریز ہے انواع اقسام کے گلہائے ہوس روزگار کی نشہ سے اٹھکھیلیاں لے رہے کر کھیل رہے ہیں اور دنیا میں وہ فطرت کے سامان پیدا کر رہے ہیں۔ انشاءاللہ اسی طرح نوع انسان کا دل دلی امنگوں سے بھرا ہوا ہے، جب کبھی کسی باغ میں گلگشت کو نکلتا ہے تو دل خواہش کرتا ہے کبھی گلاب دیکھتا ہے کبھی رابیل سوہانی معلوم دیتی ہے چپا پر جی آتا ہے اور کبھی نرگس شہلا کی آنکھوں سے دل چرانے والے کی داد دلاتی ہے جنبلی کو پکڑ اور سنبل کر رکھ دیا ہے اسی طرح جب بازاروں گلیوں کوچوں محلوں اور بام پر نگاہ پڑتی ہے تو نگاہ ہائے جلوہ گر کے کرشمے اور فتنہ انگیزیاں نازنینوں کے ابھرتے ہوئے سینے متوالی آنکھوں اور گھونگریلے گیسو دیکھ کر بے اختیار جی پکار اٹھتا ہے کہ یا خدا دنیا میں تو نے کیا عجائبات پیدا کئے اور بلاشبہ یہی خواہش ہوتی ہے کہ میری آشنائی ان سے ہو اور میں ان گلوں کو با اختیار گلچیں بنوں مگر کاش کہ ہمت نہیں رسائی کا انہیں طریقہ نہیں، غرض کہ کوئی مشکل کشائی کی نہ پاکر حسرت بھرا دل اندر ہی اندر دبا کر رہ جاتا ہے، انسان خواہش کرتا ہے کہ فلاں جگہ میری شادی ہو تاکہ میں نفاجبات کو اپنی حسب خواہش کروں مگر مقدر اجازت نہیں دنیا اس لئے اپنے حصہ میں ایک نہ چھوڑا جو ڈال ہمیشہ کے لئے مغموم رہنا ہے

اور اس طرح کے تفکرات میں ڈوبے ہوئے انسان کی زندگی دوبھر ہو جاتی ہے، جی چاہتا ہے کہ میرے پاس اتنی دولت ہو کہ میں فلاں رئیس کی طرح زندگی بسر کروں موٹریں ہوں عربی و تازی طویلہ میں موجود ہوں مگر وائے افسوس شکایت کی جگہ ہے اسی طرح کسی دشمن نے تنگ کر رکھا ہے مگر روپیہ پیسہ نہیں کوئی یار و مددگار نہیں قہر درویش بر جان درویش کا مصداق انسان خاموشی سے مصیبتوں کا مقابلہ کرتے ہوئے جان دے بیٹھتا ہے حاکم کی اطاعت آقاؤں کی غلامی، افلاس، پژمردہ زندگی اولاد نہ ہونا، یہ سب باتیں ایسی ہیں جن سے انسان کبھی شاد رہکر زندگی بسر نہیں کر سکتا بلکہ وہ دنیا جسے بہشت کہا جا سکتا ہے نمونہ دوزخ بن جاتی ہے آؤ ہم آپ کو بتائیں گے معمولی سے معمولی جستجو کے بغیر صرف ہمارے چند عمل آپ کو کس طرح افلاس سے دور حکومت سے دوستی اور جی چاہے محبوبوں سے ہم آغوش کرا سکتے ہیں یہ عمل بزرگان کامل کی جدوجہد تگ و دو کا نتیجہ ہے جن پر عمل کرنے سے آپ کو واضح ہو جائے گا کہ وہ دنیا جو افلاس اور غلامی اور جدائی سے دوزخ بنی ہوئی ہے کس طرح بہشت بریں بن سکتی ہے اور آپ کس طرح سے آزادی سے اس میں رنگ رلیاں منا سکتے ہیں۔

جب یا تسخیر کے لئے ہر طالب ہزاروں فکریں کرتا ہے طرح طرح کے ڈھنگ نکالتا ہے، قسم قسم کی تدبیریں کرتا ہے کہ اپنی مراد تک پہونچ جائے لیکن انتہا درجہ کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا ہے کہیں مال سے دریغ نہیں کرتا کہیں آبرو سے خدمت کرتا کہیں دوسروں کے احسان کا بار اپنی گردن پر رکھ لیتا ہے اور کہیں خود اپنی جان عزیز اسکی نذر کر دیتا ہے لیکن جب یا تسخیر کا دوست اور تیر بہدف طریقہ تو کچھ اور ہی

ہے اور وہ ہر شخص کو بشرطیکہ وہ ذراسی کوشش گوارا کرے حاصل ہو سکتا ہے جب اسے حاصل کر لیا تو سمجھ لو کہ وہ ساحل مراد پر پہونچ جائے گا اور ہر بلا کھٹکے اور فکر اپنی مراد سے ہم آغوش ہو گا۔

بہرکیف ہمارا دعویٰ ہے کہ اگر ہماری کتاب کے اسباق و ہدایات و عملیات کی کماحقہٗ پیروی کیجاوے تو یقیناً ہر شخص اپنے مقاصد میں کامیاب ہو سکتا ہے اور دنیا میں خاطر خواہ و نیک زندگی بسر کر سکتا ہے

قانونِ محبت کے عملی اسباق

سبق (۱) قانونِ کشش

کیا آپ جانتے ہیں کہ کشش کس چیز کا نام ہے اس چار حروف کے مختصر مجموعہ میں کس قدر معنوی وسعت پنہاں ہے۔

آئیے ہم آپ کو بتائیں گے کہ کشش ایک لطیف ترین غیر مرئی (جو کہ دکھائی نہ دے) قوت کو کہتے ہیں جس کا عمل تمام ذی روح اشیاء پر حاوی ہو دنیائے فطرت کی ہر چیز میں یہ وصف موجود ہے کیا وہ دوسری چیزوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے یا دوسری چیزوں کی جانب کھنچ جاتی ہے یہ ایک قانون قدرت ہے آپ کا اثر دوسروں پر پڑے گا یا دوسروں کے اثر سے آپ مغلوب ہو جائیں گے یہ حالتیں دونوں اسی کشش کے ماتحت واقع ہوتی ہیں اور اب یہ آپ کی سمجھ پر منحصر ہے کہ دوسرے آپ کو اپنی طرف کھینچ لیں یا وہ آپ کے اثر سے مرعوب ہو کر آپ کی جانب کھنچ آئیں دوسروں کو اپنی طرف کھینچتا ہے یا ان پر اپنا اثر ڈالتا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ آپ کو ان پر زیادہ طاقت اور زور حاصل ہو جاوے یعنی جب تک آپ دوسروں کے بمقابلہ زیادہ قوی اور بارعب نہیں ہوں گے اس وقت تک ان پر آپ کا اثر نہیں پڑ سکتا۔

دوسروں پر غلبہ پانے کے لئے حاصل ہو سکتا ہے یہ ایک راز ہے اور جو شخص اپنا وقت صرف کرنا اور محنت سے کام لینا

چاہتا ہے اس پر یہ راز ضرور آئینہ ہو جاتا ہے یہ طاقت ہر ایک شخص کے پاس موجود ہے اس کو کہیں باہر سے نہیں لانی پڑتی صرف اس کی نشو نما کی ضرورت ہے جس کے لئے اعتماد و استقلال دو باتیں بہت ضروری ہیں مگر نہ متلون مزاج تعمیل پسند ضدی اور مغرور انسان کبھی دوسروں پر غالب نہیں آ سکتا،

اگر آپ ہماری ہدایتوں کے مطابق صدق دل سے عمل کریں تو آپ کو دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے میں بہت کامیابی حاصل ہو سکتی ہے آزمائش سے معلوم ہوا ہے کہ اگر انسان دنیا کے دوسری اور باتیں سیکھ سکتا ہے تو اس کے لئے ہمارے اصول اور طریقے سیکھ لینا اور ان میں کامیابی حاصل کرنا بھی ناممکن نہیں ہے جن اصحاب نے آزمائش کی ہے ان کی تعداد اس قابل نہیں کہ انگلیوں پر گنی جا سکے اور ان میں سے ہر ایک نے "فرداً فرداً" ان اصولوں کے کارآمد ہونے کے متعلق اطمینان ظاہر کیا ہے اگر آپ ان کے بیانات پر یقین کریں اور ہماری ہدایتوں پر عمل پیرا ہوں تو ہم آپ کی کامیابی کا ذمہ اپنے سر لیتے ہیں

اس موضوع کی درس تدریس سے آپ سائنس کے ایک نئے میدان اور زندگی کے شعبہ میں قدم زن ہوں گے یہی نہیں بلکہ آپ ایک اہم مہم طے کرنے کے لئے آمادہ ہوں گے اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے انسانی زندگی کا وہ سعیدہ حاصل ہوتا ہے جس میں عنقریب داخل ہونے والے ہیں اس کو آپ کی ذاتی قابلیت یا مذہبی تکمیلات سے کوئی واسطے نہیں ممکن ہے کہ آپ عالم اجل و فاضل جید ہوں لیکن اگر دوسرے انسانوں کے دل و دماغ پر قابو حاصل کرنے کی طاقت اور قابلیت آپ میں نہیں ہے تو آپ کا فضل و کمال کسی کام نہ آئے گا، کیونکہ اس سے آپ کو مکمل کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی ہم آپ سے احتیاطاً بتلائے دیتے ہیں کہ خواہ ہماری ہدایتیں بادی منظر میں

بالکل سادہ اور معمولی ہوں، اس کی پیروی ہر حال میں لازمی ہے
اکثر باتیں ہم آپ کو ایسی بتائیں گے جن سے کام بڑے بڑے نکلتے ہیں لیکن وہ بذاتِ خود بالکل چھوٹی ہیں اور دوسرا شخص ان کی معنوی طاقت سے بے بہرہ ہونے کے باعث یہ سمجھتا ہے کہ ان سے مطلوبہ نتائج نہیں برآمد ہو سکتے، لیکن اصلیت یہ ہے کہ اگر واقعی ان ہدایتوں کی بخوبی پیروی کی جاوے تو آپ ہم سے بھی زیادہ کی تعریف کے پل باندھنے لگ جائیں گے،

ہمارے طریقے کے کامیاب ہونے کا ثبوت سب سے زیادہ ان اصحاب سے مل سکتا ہے جنہوں نے اس تعلیم پر عمل کیا ہے وہ ہم سے بھی زیادہ تعریف و ستائش کریں گے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا اثر دوسروں پر پڑتا ہے وہ مضبوط اور دیرپا ہو تو مناسب یہ ہے کہ آپ اس طریقے سے ان پر اثر ڈالیں کہ خود ان کو ایسا کرنے کی خبر نہ ہو اور ان لوگوں کو ایسا معلوم ہو گا، وہ خود جو کچھ کرتے ہیں خود ذاتی خواہش اور ارادے سے کرتے ہیں اور ان کاموں کو کرانے والا کوئی دوسرا وسیلہ نہیں ہے اس لئے لوگوں پر اپنا اثر ڈالنے کے لئے ہمیشہ چستی اور ذاتی فیصلے سے کام کیجئے، یہ آپ ہر شخص کو اپنے بس میں کر سکتے ہیں کیونکہ ہر شخص کی طبیعت جداگانہ ہوتی ہے اس لئے مختلف اشخاص کو قابو میں لانے کے لئے مختلف پہلو سے کام لینا پڑتا ہے کیونکہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ یہ ضروری نہیں ہے کہ سب انسانوں پر یکساں ہی طریقہ سے اثر ڈالا جائے کیونکہ کوئی شخص کسی چیز سے مرعوب ہوتا ہے اور کسی پر کسی چیز کا اثر پڑتا ہے یہ قدرتی قانون ہے بقول کسی کے

گلہائے رنگا رنگ سے ہے زینتِ چمن　　　اے ذوق اس جہان کو زیب ہے اختلاف

جو مشقیں آگے چل کر بتائی جاتی ہیں، ان میں ایک ہی ساتھ کمال حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیئے رفتہ رفتہ ترقی کرنے کی ضرورت ہے اس سے جو نتیجہ برآمد ہوں گے وہ پختہ اور یقینی ہوں گے اس لئے اگر آپ حرف بحرف اپنی ہدایتوں کے مطابق عمل کریں گے تو یاد رکھیئے گا کامرانی دست بستہ آپ کے سامنے کھڑی ہو جائے گی فتح وظفر کا تاج آپ کے زیب سر ہوگا اگر بالفرض محال شروع شروع میں ایک ایک مرتبہ کامیابی نہ بھی حاصل ہو تب بھی مایوس دل شکستہ نہ ہونا چاہیئے اور نہ ہم کو مورد الزام بنانے کی ضرورت ہے۔

آپ دوبارہ غور کر کے ہدایتوں کا مطالعہ کریں اور مسلسل کوشش کرتے رہیں، ایک نہ ایک روز کامیابی ضرور حاصل ہو جائے گی اس کے ہم ذمہ دار ہیں۔

سبق (۲)، عام چال چلن

دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے ہر ایک میں یہ عام بات ہوتی ہے یعنی چال چلن طریقہ نشست و برخاست اور یا ہمی سلوک اس لئے حسب ذیل ہدایتوں پر عمل کریں۔

ہمیشہ علم اور بردباری سے کام لیں اور ایسے انسان بن جائیں جو اپنا ہی مدعا برائے تکمیل بخوبی واقف ہو اور حصول مقصد میں جلد بازی سے کام لینا نہیں چاہیئے، کیونکہ اس کو اعتماد ہوتا ہے کہ مطلوبہ نتیجے ضرور ضرور دستیاب ہو جائے گی۔ اس لئے انسان کو کسی بات کے لئے بے چین اور بے صبر نہیں ہونا چاہیئے۔

(۲) آپ اپنی شکایات کی کسی کو کبھی ہوا نہ دیں نہ کسی سے ہمدردی کے طلبگار ہوں اور نہ کسی سے تعلق اور خوشامد کی توقع رکھیں۔ اپنے مشاغل کا کسی سے ذکر نہ کریں۔

(۳) ہمیشہ نیکی اور مہربانی کے اظہار میں پیشقدمی کریں دوسروں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کے ساتھ آپ کے دست ویا ہمیشہ آگے بڑھیں ہر ایک ایسے کام میں حصہ لیں جو نیک منزلت بخش ہو۔

(۴) کسی مسئلہ پر کبھی بحث و حجت نہ کریں۔

ان اصولوں پر بڑی احتیاط کے ساتھ عمل کرنا چاہیئے اور جب آپ کو کسی کی اطلاع موصول ہو خواہ وہ اطلاع کیسی ہی فضول حقیر کیوں نہ ہو جو آپ اپنے ملاقاتی سے نبانا چاہیں تو آپ خاموشی سے کام لیں کیونکہ دوسروں کو اپنے بس میں کرنے کی کوشش ہوگی۔

اس مسئلہ کو ذرا وضاحت سے بیان کرنے کی ضرورت ہے دیکھئے اپنے دوست کو موصولہ اطلاع سے آگاہ کرنے کی خواہش واقعی ایک بڑی زبردست طاقت ہے جس کے زیر اثر ہو کر آپ یقیناً دوست کے پاس چلے گئے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ کی قوت خواہش صرف ہو جائیگی اور اگر آپ وہاں نہیں جائیں گے تو خواہش دبی رہ جائے گی اور خرچ نہ ہوگی، خواہش بھی ایک طاقت ہے

جس قدر یہ صرف ہوگی اسی قدر زور گھٹ جائے گا۔

اس لئے مناسب یہ ہے کہ اس خواہش کو محفوظ رکھا جائے صرف نہ کیا جاوے کیونکہ اگر آپ اس طاقت کی مقررہ اور مطلوبہ مقدار اپنے پاس محفوظ نہ رکھیں گے اور ذرا ذرا سی باتوں پر اس کو صرف کیا کریں گے

تو پھر بتائیے کہ ضرورت کے وقت آپ کو کامیابی کیسے حاصل ہوگی۔ اس وقت طاقت کے نہونے سے آپ کے کف افسوس مل کر رہ جائیں گے اور مقصد حاصل نہ ہو سکے گا۔ پہلے طاقت جمع کر کے پھر اس کے بعد صرف کیجئے گویا اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ خواہش کو روکنے سے مراد ہے اپنی طاقت کو محفوظ رکھنا لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خواہش کیونکر رک سکتی ہے، جن چیزوں کو ہم پسند نہیں کرتے ان کی ہم خواہش کبھی نہیں ہوئی اس لئے اگر ہم ان چیزوں کو ناپسند کرنے لگیں جن کی ہمارے دل میں خواہش موجود ہے تو ہم خواہش پر قابو پا سکتے ہیں، چونکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہر قسم کی خواہش کو قابو کیا جائے ہم ان ہی چیزوں سے نفرت کریں جن کی ہمارے دل میں زیادہ خواہش ہے، ہر ایک قسم کی زبردست خواہش کو روکنا بہت مشکل ہے مگر مشق سے آسان ہے۔

سبق (۳) دوسروں کو بذریعہ خاموشی مطیع کرنا

دوسری بات یہ ہے کہ اپنے دوستوں یا ملاقاتیوں پر کبھی اپنی صفات یا رائے کا اظہار نہ کیجئے حتی الامکان ان مسائل پر خاموشی اختیار کرنی چاہیئے، مثلاً ایک شخص آپ کے پاس ضروری خبر لایا ہے جس کو سنتے ہی آپ عام طور پر حیرت و استعجاب کا اظہار کرنے لگتے ہیں، لیکن ہمارے اصول و قواعد سے آپ کو واجب ہوگا کہ حیرت و استعجاب سے محض ان چیزوں کو سن لیں صرف انداز سے یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ آپ کو اس خبر سے بے تعلقی نہیں ہے آپ کو ایسا کرنے سے اس شخص کو بڑی حیرت ہوگی کیونکہ وہ سمجھے گا کہ جس بات

قدرتاً متاثر ہوا تھا اس کا آپ کے سر پر ذرا اثر نہ ہوا، اور وہ آپ کو نہایت متین سنجیدہ سلیم الطبع سمجھ کر آپ کی عزت کرنے لگے گا۔ جب وہ دیکھے گا کہ اس تعجب خیز اطلاع سے آپ کے دلی سکون میں کوئی حیرانی واقع نہیں ہوئی نہ طبیعت میں کسی قسم کا جوش پیدا ہوا ہے۔ تو قدرتاً آپ کے اس اندازہ کا قائل ہو جائے گا اور سمجھنے لگے گا کہ آپ کو اپنے دل پر قابو حاصل ہے، آپ کی طبیعت بالکل ذکی الحس اور زود اثر نہیں ہے اس طرح آپ کے دل پر آپ کی دھاک بیٹھ جائے گی۔

یہ امر بھی فراموش نہیں کرنا چاہیئے کہ آپ کو لوگوں کے ساتھ برتنے میں بڑی عقلمندی اور چابکدستی سے کام لینے کی ضرورت ہے اگر کہیں آپ کے تبدیل شدہ کے مقصد کا دوسروں کو پتہ لگ گیا تو سمجھ لینا چاہیئے کہ آپ کو کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی، اس راز کا اظہار کامیابی کے حق میں سم قاتل ہے۔

سبق (۴) بذریعہ گفتگو دوسروں کو بس میں کرنے کا طریقہ!

اب ہم آپ کو لوگوں پر اثر ڈالنے کا طریقہ بتلاتے ہیں کسی شخص سے گفتگو کرنے کے دوران میں آپ برابر اس کے چہرے کی طرف دیکھتے رہیں، ہمیشہ اس کے ناک کی ابتدائی سرے پر یعنی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان نظر رکھیں اور اگر آپ بہت دن اسی طرح دیکھتے دیکھتے تھک جائیں اور رخ بدلنے کی ضرورت محسوس ہو تو ادھر ادھر دیکھنے کی بجائے اس کے جسم کے کسی حصہ پر نظر رکھیں لیکن جب سلسلہ کلام میں

اس حصّہ پر پہونچ جائیں جس کو آپ زیادہ موثر بنانا چاہتے ہیں تو اپنے مخالف کی طرف براہ راست دیکھ کر نظر اس کی آنکھوں پر رہے یا ناک پر ابتدائی سرے پر مگر بڑے غور سے اس کی طرف دیکھنے کی ضرورت ہے

اگر آپ کسی شخص کو اپنے بس میں کرنا چاہتے ہیں تو صفائی کے ساتھ مگر پرزور لہجہ میں چند الفاظ میں اپنا مطلب اس پر ظاہر کر دیں اور اس گفتگو کے دوران میں نظر اسی شخص کی طرف رہے اور دل میں بھی یہ خیال مضبوطی سے جما ہو گا، آپ کے اثر سے وہ شخص مرعوب و متاثر ہو کر ضرور بالضرور آپ کی حسب مرضی کام کرے گا نیز اس نظارے سے واقعہ یا الفاظ کی تصویر بھی اپنے ذہن میں بنائے جائے جو اس شخص سے کہنا چاہتے ہیں اگر ممکن ہو تو آپ اپنے مخاطب سے بھی اپنی طرف سے نگاہ نہ ہٹانے دیں، بلکہ وہ سامنے رخ کر کے آپ کی باتیں سننے لگے تو آپ اس کی ناک کے ابتدائی سرے پر نظر رکھیں نہایت استقلال اور خاموشی سے یوں ہی دیکھتے رہیں، مگر گھورنا مناسب نہیں ہے خود کو دوسروں کے اثر سے محفوظ رکھنے کے لئے آپ کو نیچی نگاہ نہیں کرنی چاہیئے۔ بلکہ مناسب ہے کہ دوران کلام میں آپ دائیں بائیں نظر ہٹالیں کیونکہ چاہیں آپ کو دوسروں پر قابو پانے کا کتنا ہی غلبہ کیوں نہ ہو اگر آپ کا متکلم دوران کلام میں آپ کی طرف دیکھتا رہے گا تو ضرور وہ آپ پر غالب آجائے گا یہ ممکن ہے کہ جو کچھ وہ شخص چاہتا ہے وہ آپ نہ کریں، لیکن بہر حال آپ اس کی بات مان لیں گے اس کہنے میں آجائیں گے اس لئے ہمیشہ دوسروں کے اثر سے بچنے کے لئے اس وقت جب آپ سے باتیں کر رہا ہو۔ آپ اپنی نظر ہٹالیں اور دائیں یا بائیں جانب دیکھنے لگیں تاکہ اس کی باتوں پر غور کر کے اپنی پوری

طاقتوں سے یہ فیصلہ کر سکیں کہ آپ اس کی باتوں پر اپنی خواہشوں کے مطابق کام کرنا چاہیئے یا نہیں۔ اس طریق سے آپ خود بخود فوراً دوسروں کو قابو کر سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ اسباق مذکور کی مشق شروع کرنے سے پہلے آلہ کرسٹل پر دو ایک دن کی معمولی مشق ضرور کیجیئے کرسٹل کے ذریعہ آپ مذکورہ بالا مشقوں میں فوراً کامیاب ہوں گے واقعی کرسٹل بڑے کام کی چیز ہے جس کی قیمت صرف ایک روپیہ ہے۔

سبق (۵)، دوسروں کو بذریعہ ٹکٹکی مطیع کرنا!

دوسروں کو اپنے بس میں کرنے کے لئے مضبوطی اور استعمال کے ساتھ ٹکٹکی باندھنے کے بعد دیکھنا بہت ضروری ہے اس لئے آپ کو ایک شخص کی طرف بڑی دیر تک اس طرح دیکھنے کا طریقہ سمجھنا چاہیئے اور وہ طریقہ حسب ذیل ہے۔

سفید کاغذ کا ایک چھوٹا سا ٹکی کی طرح ایک گول ٹکڑا لے کر ایک آئینہ پر رکھیئے اور دیکھیئے کہ آپ بلا آنکھ جھپکائے یا بلا تھکاوٹ کے کتنی دیر تک دیکھ سکتے ہیں اس عمل کو بار بار کیجیئے حتی کہ آپ کو دس منٹ یا پندرہ منٹ تک ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کی مشق ہو جائے، خیال رہے کہ ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کے دوران میں آنکھوں سے طاقت وری کا اظہار ہو رہا ہو اور ٹکٹکی بھی نہایت زبردست ہو بعد ازاں آئینہ کے سامنے بیٹھے اور اپنے عکس پر نظر ڈال کر اس کے ناک کے ابتدائی سرے پر دیکھنے کی کوشش کیجیئے گویا آپ کسی دوسرے شخص کو دیکھ رہے ہیں اس طرح

آپ کو معان نظر سے دیکھنے کی عادت ہو جائے گی۔

اس طرح جب ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کی عادت ہو جائے تو اس کو اپنے کاروبار میں لانا شروع کیجیے جس قدر زیادہ مرتبہ ممکن ہو اس کو عمل میں لائیں مثلاً اگر آپ کسی جلسہ یا محفل میں کسی ایک اور شخص کے پیچھے بیٹھے ہوں اور چاہتے ہوں کہ وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے تاکہ آپ بھی سامنے کا منظر دیکھ سکیں تو اس کی گدی کی جانب اس ارادہ سے ٹکٹکی لگا کر دیکھئے کہ آپ کے ایسا کرنے سے وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے، پہلے پہلے تو آپ کو زیادہ کامیابی نہ ہوگی لیکن کئی روز تک متواتر مشق کرنے سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کو کس قدر امید افزا نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

سبق (۶) قوت مقناطیسی بڑھانا!

آگے چل کر ہم آپ کو اس علم کی وہ آسان مشقیں بتلائیں گے جس کے ذریعہ آپ اپنی آنکھوں میں قوت مقناطیسی بڑھا کر اس ذریعہ سے ماہرین کو ہر فرد و بشر کو فوراً مطیع کرنے کے قابل ہو جاویں گے۔

مندرجہ ذیل تین چیزوں سے آنکھوں کی مقناطیسی قوت بڑھ سکتی ہے۔

(۱) سبزی سے (۲) سیاہ داغ سے (۳) آئینہ سے۔

سبزی کی مشق کسی باغ میں کرنی چاہیئے ان مشقوں سے جن کی بصارت کمزور ہے یا جن کو چشمہ یا عینک لگانے کی عادت ہے اور اس وجہ سے دوسروں کو مطیع کرنے کے عمل میں ناکامیاب رہتے ہیں ان کو چند یوم میں بہت فائدہ ہوگا نظر بڑھ جائے گی چشمہ لگانے کی ضرورت محسوس

ہوگی اور اس طرح سے دوسروں کو مطیع کرنے میں جلد کامیاب ہوں گے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی باغ یا وادی کی زراعتی زمین میں موسم کے مطابق چند پودے لگاؤ، مثلاً آم، یا جامن کے ایک ایک بالشت کے پیڑ ہوں، ان پر جدا جدا خیال جماکر ٹکٹکی لگانا چاہیئے اول سب سے چھوٹے پودے پر ٹکٹکی جمایئں کہ یہ ہماری کشش سے دوسرے ہم عمروں سے بڑھ جائے گا۔ اور واقعی ذہن نشین کر لینے سے دوسروں سے بڑھ جاوے گا، آٹھ دس دن کے بعد دوسرے پودے پر آنکھ رکھیں اور خیال میں لائیں کہ چار دن تک دوسرے درختوں سے اس کے دو پتّے زیادہ نکل آئیں گے اور ضرور ایسا ہی ہوگا۔ ایسے ہی اگر کسی پودے کو خشک کرنا چاہو یا رنگت میں زرد یا سیاہ یا سبز نظر آتا ہو تو تمہارے چند یوم کے تصور سے عوام الناس کو ویسا ہی دکھائی دے گا۔

سیاہ داغ سفید کرنا کہ جب آپ ٹکٹکی باندھنے میں کامیاب ہو جائیں تو بعد ازاں سیاہ داغ سفید کرنے کی مشق کریں اس کا طریقہ یہ ہے کہ سفید دیوار پر ایک انچ گول سیاہ داغ بنائیے زمین سے اسقدر اونچا ہو کر تم زانو بیٹھ کر آنکھوں سے تین چار انچ اونچائی میں دیکھ سکو دیوار سے دو فٹ کے قریب۔ فاصلہ چھوڑ کر بیٹھو، اور خیالات ہر طرف سے روک کر ٹکٹکی لگاؤ سانس آہستہ آہستہ لینا چاہیئے اور پختہ یقین کر لو کہ چند منٹ تک تمام داغ سفید ہو جائے گا چنانچہ شروع میں ایک دو دن سفید بادل سے اڑاتے نظر آئیں گے بعد ازاں ۱۵، ۲۰ منٹ دیکھتے دیکھتے سارا داغ سفید ہو جایا کرے گا، اور طبیعت میں نہایت بشاشت و خیال اور جدت سی پیدا ہو جائے گی کئی دیکھنے سے وقت گذرتا معلوم ہوگا بلکہ

عجیب راحت و فرحت محسوس ہوگی۔

آئینہ کی مشق تیسری مشق آئینہ کی ہے آئینہ بھی دماغ کی طرح آویزاں کریں اور اپنی آنکھوں سے آنکھیں ملائیں، مگر اس میں خیال کو نہایت ہی آنکھوں میں محو کرنا چاہیئے یعنی سوائے آنکھوں کے باقی اپنے چہرے کا خیال تک نہ رہے بلکہ یہ بھی بھلا دو کہ آیا تم اپنی آنکھوں سے آنکھیں ملائے ہو یا کسی اور سے جب یہ تصور مکمل ہو جائے تو تم یقین کر لو کہ اب تمہاری آنکھوں میں مقناطیسی قوت بڑھ گئی ہے اور تم کامیاب عامل بن سکتے ہو۔

سبق (۷) عمل حُب نمبر اوّل

بذریعہ آئینہ دوسروں کو بس میں کرنے کا طریقہ

ایک بڑا آئینہ جس میں چہرے سے لیکر گردن تک کا تمام حصّہ دکھائی دیتا ہے خرید لو اس میں دیکھنا ہے عکس کی پتلی کو اپنی نظر کا مرکز بناؤ اور یکسو ہو کر توجہ کرو۔ کہ تمہاری مقناطیسی آنکھوں سے نکل کر عکس کی پتلی کے ذریعہ اس کے دل و دماغ پر اثر کر رہی ہے۔ اور وہ ابھی ابھی میرے قابو میں ہوا جاتا ہے ہر روز نصف گھنٹہ یہ عمل کرو۔ اگر پہلے دن مشکل ہو تو آہستہ آہستہ بتدریج بڑھاؤ یعنی پہلے دن پانچ منٹ بغیر آنکھ جھپکے دیکھ سکو جب تمہاری آنکھوں میں اس قدر طاقت ہو جائے گی کہ پانچ منٹ تک جس کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھو گے وہ آپ کے سامنے نہ دیکھ سکے گا اور مطیع ہو جائے گا۔

بذریعہ روشن ضمیری تمام مشغولوں میں کامیابی حاصل کرنے والا عمل نمبر (۲)

ایک بڑا آئینہ خرید لو جس میں چہرے سے لیکر گردن تک کا تمام حصہ دکھلائی دے اس میں سے دیکھنا شروع کرو عکس کی آنکھ کی پتلی کو نظر کا مرکز بناؤ اور یکسوئی قلب ہوکر توجہ کرو۔ کہ تمہاری مقناطیسی آنکھوں سے نکل کر عکس کی پتلی سے نکل کر اس کے دل و دماغ پر اثر کر رہی ہے اور وہ ابھی ابھی بے ہوش ہوا چاہتا ہے۔

ہر روز نصف گھنٹہ یہ عمل کرو۔ بعض عامل ۷ یوم میں اور بعض عامل ۱۵ یوم میں حالت روشن ضمیری یا سماوھی میں چلے جاتے ہیں۔ اپنے گھر والوں کو تاکید کرو کہ حالت بے خبری میں کوئی تمہیں جگائے نہیں کیونکہ اس عمل میں خود بخود جاگنا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

نوٹ:۔ اس عمل کے لئے بالخصوص تنہائی کی ضرورت ہے اپنے مکان میں ایک علیحدہ جگہ اس کام کے لئے منتخب کر لو۔

استعمال:۔ سرد و تر اشیاء مثلاً دودھ گھی زیادہ استعمال کرنی چاہئے کیونکہ ان ایام میں گرمی خشکی بڑھ جاتی ہے۔

پرہیز:۔ گرم خشک نشہ آور تیل والی اشیاء اور ترش دہی سے پرہیز لازمی ہے۔

جب اس عمل میں کامیاب ہو جائیں یعنی جبکہ خود بخود روشن ضمیری ہو جائے تو پھر قانون حجت کی انگلی تمام

مشقوں کو بخوبی آسانی سے خود حاصل کرلیں گے، اور اپنے ہر کام میں کامیابی حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں گے اس کے آگے ہم آنکھ سے کام لینے کا طریقہ جو ہمارا معمولی اور مجرب ہے لکھتے ہیں، شائقین اس کو بہت مفید پائیں گے کیونکہ اس کتاب میں جو کچھ ہم نے درج کرنا ہے وہ سوائے تجربہ حاصل کئے کے نہیں کرنا، اس لئے ہم اپنے ناظرینوں کو بھی متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ یہ کتاب ہر طرح سے مکمل اور کامیاب صورت میں تکمیل ہو کر ناظرین کے پیش خدمت ہے۔

سبق (۸) آنکھوں کے استعمال کے ذریعہ ہر شخص کو اپنے بس میں کرنا!

کسی شخص کے نزدیک جاتے ہوئے ہمیشہ اس کی طرف دیکھو چاہے اس کی آنکھوں کو دیکھو یا اس کی آنکھوں کے درمیان ناک کی جڑ کو دیکھو اگر تم ایسے دیکھ رہے ہو تم اپنی نظر سے نیچے اوپر بھی کر سکتے ہو اس وقت نہیں جب کہ تم اسے ایسا حکم دے رہے ہو جس کی تعمیل کرنے کے لئے تم مجبور ہو اگر تم کسی سے بہت دیر بات چیت کرنا ہو تو درمیان میں حسب مرضی چاہے ادھر ادھر نہ دیکھا کرو لیکن جب تم اپنے مطلب پر پہنچو جسکو تم موثر بنانا چاہتے ہو تو بولتے وقت سیدھے اسکی آنکھوں کی طرف یا ناک کی جڑ کو دیکھو، گہری نظر اور ایک ٹک نظر سے دیکھنے کی مشق کرو جھانکنے اور چند ھیا نے والی آنکھوں سے کبھی کسی پر اثر نہیں پڑتا، گہری اور زور دار اثر دار نظر

سے دیکھو لیکن سی نظر سے تم اس وقت تک نہ دیکھ سکو گے جب تک تمہاری مشق مکمل نہ ہو جائے اور ساری قوت ارادی بھی زبردست ہو۔ جب تم کسی سے کوئی بات منوانا چاہو تو اپنی نظر کو مخاطب کی آنکھ سے آنکھ ملاتے ہوئے غور کرو اور اپنے دل میں یہ بات مضبوط رکھو، کہ تم اپنا اثر اس پر ضرور ڈال دو گے اور اس بات کا بھی یقین رکھو کہ وہ تمہاری بات منظور کرے گا، بات چیت کے درمیان جس وقت تم اس پر اپنا اثر ڈال رہے ہو اور جہاں تک ممکن ہو اس کو ادھر ادھر دیکھنے ہو۔ اگر وہ ادھر ادھر دیکھنے لگے گا، تو اس کو تمہاری باتوں پر غور کرنے کا موقعہ نہ مل سکے گا۔

جب تک وہ تمہاری طرف اور تم اس کی طرف دیکھ رہے ہو اور تمہاری آپس میں بات چیت ہو رہی ہے تو تمہاری باتوں پر اس کو غور کرنے کا موقعہ ملے گا، وہ تمہاری باتوں کو منظور کر دیگا۔

بات چیت کے وقت خاص خاص موقعوں پر کسی آدمی کا دھیان اپنی طرف پھیرنے کی کئی ایک تجویزیں ہیں۔ مثلاً اگر تمہارا مخاطب ادھر ادھر دیکھنے لگے تو ایک تدبیر یہ ہے کہ تم بھی اس کی طرف نگاہ پھیرو اور اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف دیکھنے کی کوشش کرے پورے طور پر ممکن ہے کہ تم اپنی بات میں کامیابی حاصل کرو۔

سبق (۹) ہاتھوں کی کشش والا عمل

ہاتھوں کی کشش کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک اسٹر ہاتہ یا کوئی بڑی مجلد کتاب میز پر رکھو، خود میز کے پاس کرسی کے ساتھ لگ کر

بیٹھو دونوں ہاتھوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو نیچے کو جھکا کرتے ہوئے مذکورہ سے بتدریج اوپر اپنی طرف لاؤ ہر دو ہتھیلی کھلی رہیں۔ اپنے جسم کے ساتھ تک لاکر الٹا جھٹکا دے کر دوبارہ ایسا ہی پے در پے عمل کرتے جاؤ اول، اول چند منٹ ہی ہاتھوں میں نھکاوٹ سی محسوس ہوگی، بعدازاں روزانہ ایسی مشق سے دو دو تین گھنٹے تک برابر ایسے پاس کئے جاؤ گے اور درمیان میں بیس بیس منٹ پاس کرنے پر اگر تم اپنی ہتھیلی چہرے کے قریب لاؤ گے تو ایک ہلکی سی ہوا تمہارے ہاتھوں سے نکلتی ہوئی معلوم ہوگی اور یہ ہوا تمہارے ہاتھوں میں کیمیائی قوت کے پیدا ہو جانے کا ثبوت ہے، پاس کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شیشے میں اپنے عکس پر پاس کرو، اور دل میں مضبوط ارادہ رکھو کہ گویا تم اس عکس کو بلا رہے ہو۔ ۱۵ منٹ روزانہ یہ عمل کرو۔

نوٹ:۔ پاس کرتے وقت تمہیں اپنی انگلیوں سے کھنجھناہٹ یا سنسناہٹ معلوم ہوگی اور چہرے پر پاس کرتے وقت دائیں ہاتھ سے سردی اور بائیں ہاتھ سے گرمی محسوس ہوگی۔ نیز اگر آپ ریشم کے باریک دھاگے کو ایک انچ کاٹ کر مجلد کتاب پر رکھو۔ اور بذریعہ پاس اپنی طرف کھینچ رکھو۔ دیکھو اگر وہ باریک دھاگہ تمہاری طرف کھینچ آئے تو آپ سمجھ لو کہ تم پاس کرنے کے عمل میں کامیاب ہوگئے، ہاتھوں کے اس عمل سے تم ایک باکمال مسمرسٹ بنکر دوسروں کو فوراً مطیع کرسکتے ہو۔

سبق (۱۰) تصوّر

آپ جانتے ہیں تصور کس چیز کا نام ہے، اس سے مراد وہ طاقت

ہے جس کے ذریعہ سے دنیائے خیالات میں بنائی جاتی ہیں دوسروں کو بس میں کرنے کے لئے تصور بھی ایک ضروری وسیلہ ہے جو لڑکے مدراس میں پڑھتے ہیں، ان کو محنت اور مستعدی کی دنیا میں قدم زن کرنے کے لئے تعلیم کے دوران میں تصور کی طاقت کے استعمال سے مشتبہ کیا جاتا ہے لیکن یہ طاقت دل و ارادے کے ماتحت نہایت حیرت انگیز کارنمایاں کر سکتی ہے۔

ہر قسم کی مخلوق یہ طاقت دانستہ طور پر عالم نادانستگی میں اپنا کام کرتی ہے، اس کی مثال ایک کنجوس آدمی کی زندگی سے مل سکتی ہے وہ خود کو اپنی ضروریات زندگی مثلاً سامان تن و پوش وغیرہ کی خریداری کے لئے بالکل غریب تصور کرتا ہے جس سے یہ چیزیں خرید کی جا سکتی ہیں مگر وہ پیسہ خرچ نہ کریگا اور بھوکا رہ جائیگا، کیونکہ اس کے دل میں تو یہ خیال چھایا ہوا ہے کہ وہ اپنی جمع کی ہوئی دولت خرچ کر ڈالے گا تو اس کے پاس ایک پیسہ نہ رہے گا۔ اور اس کی مفلسی سے جان ہوا ہو جائے گی مگر اس کو یہ خیال نہیں ہے کہ جس حالت سے وہ دوڑ رہا ہے، وہ خود اس میں گرفتار ہے اور یہ محض اس کی خیالی دنیا کا ہی اثر ہے کہ وہ زندگی کے لطف سے ہمیشہ محروم رہتا ہے۔

دوسری طرف انسان کو دیکھئے جو اپنی قسمت سے پیدا کی ہوئی فارغ البالی کے مزے لوٹ رہے ہیں۔ دیکھئے کس طرح کامیابی بتدریج اس میں خود اعتمادی کے جوہر پیدا کر دیتی ہے، اور آخر کار مسلسل تصور سے وہ ان چیزوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے، جن کے لئے اس کے دل میں خواہش موجود

تھی اس لئے آپ کو بھی اپنے تصورات کو دل میں ماتحت رکھنا ہے اور اپنی روحانی و جسمانی ترقی کے لئے باقاعدہ مزاولت ... کرنی چاہیئے۔

آپ کی عادات و فضائل بنانے میں تصور کا بڑا ہاتھ ہے۔ کیوں کہ یہ عالم کا ایک بڑا زبردست عنصر یعنی جزو ہے لیکن اس کو بھی ترکیب باقاعدہ بنانا اور قابو میں رکھنا ہے۔

تصور سے آپ کو یکسوئی خیالات کی طاقت حاصل ہوگی، یکسوئی کی عادت ڈالنے کے لئے آپ کو اس چیز کا تصور کرنا چاہیئے۔ جو آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں جس کے تصور سے آپ کا دل خوش اور شانت، یعنی ساکت رہتا ہے، جب یہ محسوس ہونے لگے گا۔ کہ آپ کا دل اس تصور میں بلا وقفہ ایک مدت معینہ تک مشغول رہ سکتا ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یکسوئی مطلوبہ حاصل ہونے لگی ہے، آگے چل کر اس نکتہ کو ہم زیادہ وضاحت کے ساتھ سمجھائیں گے۔

سبق (۱۱) عملیات تصور

تصور کے عملیات میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سب سے اول ہماری کتاب کے صفحہ (۳۹) کے عمل نمبر ۲ میں جب کامیابی حاصل کر چلو تو مندرجہ ذیل تین عملیات کا تجربہ کرو۔

(۱) کسی شخص کی پیٹھ کے پیچھے کھڑے ہو جاؤ اور اس کی گردن کے پچھلے حصے پر خوب اچھی طرح سے ٹکٹکی جماؤ اور اپنے دل میں خوب مضبوط اور ارادہ کرو کہ وہ شخص تمہاری طرف مڑ کر دیکھے، ایسا کرنے

سے وہ شخص مرکر دیکھے گا۔

(۲) اپنی آنکھوں کو بند کرو اور اپنے کسی دوست یا رشتہ دار کا خیالی نقشہ اپنی بند آنکھوں میں جماؤ۔ جب خیالی نقشہ جم جائے گا تو آپ اسے تحکمانہ لہجہ میں حکم دو کہ وہ فلاں وقت میں تم سے ملنے آئے یا آپ کا فلاں وقت پر فلاں کام کردے۔ ایسا کرنے سے آپ کا وہ شخص ضرور حکم بجالائے گا۔ اور آپ کا حسب منشاء کام انجام .... دے گا،

(۳) زمین کے اوپر ایک بڑا سا گول دائرہ باندھو اور جیسے جیسے اس کے ساتھ اس کی آنکھیں بھی پھرتی رہیں مگر ٹکٹکی ہرگز نہ ٹوٹے اور اپنے دل میں یہ مضبوط ارادہ رکھو کہ جو حد بندی تم نے کر دی۔ اس کے باہر نہیں جا سکتی پتھر کی چٹان کی طرح آپ کا ارادہ شرط ہے۔ مثلاً آپ اس دائرہ کے اندر کسی مکھی یا بھڑ سے مکوڑے و چیونٹی کو پکڑ کر بٹھلاؤ۔ تو اب جب آپ اس کے اوپر اپنا تصور جما کر اپنے آپ میں یہ تصور باندھ لیں گے کہ وہ اس دائرہ سے باہر ہرگز ہرگز نہ نکل سکیں گے۔

جب آپ مذکورہ بالا عملیات میں کامیابی حاصل کرلیں تو آپ سمجھ لیں کہ آپ تصور کے ذریعہ ہر بشر کو فوراً اپنے بس میں کر کے اس سے ہر قسم کا کام نکلوا سکتے ہیں۔ اب ناظرین کے لئے تصوّر کے ذریعہ بس میں کرانے والا عمل ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

عمل

علی الصباح جب آپ خواب راحت سے اٹھیں تو اپنے

بستر پر چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ۔ اب اپنی آنکھوں کو بند کر لو اور اپنے دل میں آسمان کا تصور باندھو۔ گویا کہ تم ہو بہو نیلے رنگ کا آسمان تم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو، ۱۵ منٹ تک خوب مضبوطی سے یہ تصور جما رہے، صبح و شام دونوں وقت برابر دس یوم تک یہ عمل کرتے رہو۔ پھر گیارھویں دن بجائے آسمان کے کسی ایسے شخص کا تصور دل میں جماؤ جس کو تم اپنے بس میں کرنا چاہتے ہو۔ اس کا خیالی نقشہ بذریعہ تصور اپنی بند آنکھوں کے سامنے کھینچو۔ گویا کہ اس کی آنکھیں، ناک، کان منہ، گردن، وغیرہ سب ویسے کا ویسا تم اپنی بند آنکھوں میں دیکھ رہے ہو اور وہ مجسم حالت میں آپ کے روبرو کھڑا ہے۔

جب یہ حالت ہو جائے کہ تصور کی آنکھ سے جیسے چاہو دیکھنے لگ جاؤ تو اس عمل کو آپ مکمل سمجھیں یہ ایک بڑا ہی زبردست عمل ہے اس سے آپ کی عجیب و غریب معجزے کرانے والی مقناطیسی قوت ایک سے ہزار گنا ترقی کر جاوے گی۔ اور اس کے ذریعہ آپ ہر شخص کو فوراً مطیع کر کے اپنا کام نکلوا سکیں گے۔

سبق (۱۲)، تصور کے ذریعہ خط کو مؤثر کرنا!

حسب معمول رات کو آپ بستر پر آرام سے لیٹ جاؤ جب آپ کو نیند غلبہ کرنے لگے تو اپنے دل میں اس بات کا مضبوط تصور باندھو کہ میں صبح سویرے اٹھ کر جو خط اپنے مطلوب کے پاس لکھوں گا اس خط کے پڑھتے ہی میرا مطلوب فوراً ماہی بے آب کی طرح تڑپ اٹھے گا اور جب تک مجھ سے ملاقات نہ کریگا اسکو کسی پہلو قرار نہ آئے گا مذکورہ بالا

فقرات کو بار بار دل ہی دل میں دہراتے رہو حتیٰ کہ نیند میں بے ہوش ہو جاؤ۔ صبح سویرے جب آپ کی آنکھ کھلے تو چارپائی پر ہی بیٹھے رہو نیچے نہ اترو اور اپنے دل سے تمام قسم کے خیالات کو بالکل دور کر دو بعد ازاں مندرجہ ذیل عمل کو شروع کر دو۔

عمل

کسی کورے سفید کاغذ، قلم دوات کو ہاتھ میں لو جو کہ رات کو سونے سے پہلے ہی تجویز کر کے رکھے ہوں۔ اب اس کاغذ کی پیشانی پر نشان بناؤ ⊙ اور اپنے دل میں نشان کے بیچ میں مضبوطی سے یہ خیال جماؤ کہ میں اس نقطہ کو دیکھ رہا ہوں۔ میری مقناطیسی قوت دل سے نکل کر آنکھوں کے ذریعے اس میں بڑی جلدی داخل ہو رہی ہے اور نقطہ کے گرد کالا گول دائرہ میری قوت مقناطیسی کو ہرگز باہر نہ نکلنے دے گا، مگر جس طرح کسی چمکدار چیز پر کالے کالے بادلوں سے یکایک بجلی گر پڑتی ہے، ہو بہو ویسے ہی اور اسی طرح جس وقت فلاں کی چمکیلی نگاہیں اس نقطہ پر پڑیں گی، میری بجلی اپنا اثر دکھائیگی اور اس کی رگ رگ میں اثر کر کے میرا ہم خیال بنائے گی۔ وہ میرے حکم سے ہرگز ہرگز انکار نہیں کرے گا۔ اسے میری بات ماننی ہی پڑے گی۔ کیونکہ اس کا دل میرے قبضہ میں ہوگا، مذکورہ بالا تصور سانس روک کر باندھنا چاہیئے اگر خدا رحم کرے بغیر نہ رہا جائے، تو نقطہ پر ہلکی ہلکی پھونکیں مار کر سانس کو خارج کر دیں اور از سر نو پندرہ منٹ بعد پھر وہی تصور جماؤ اس کے بعد مندرجہ

ذیل خیالات کو اپنے دل میں دہراؤ۔

میرے قلم سے نکلا ہوا ایک ایک نقطہ پڑھنے والے کو ماہی بے آب کی طرح تڑپا دے گا سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے زمین اپنی حرکت بند کر دے گی، قانون قدرت کا بدل جانا ممکن ہو سکتا ہے مگر میرے خط مذکورہ کے مطلب کا پورا ہونا بالکل ناممکن امر ہے جب میری جادو بھری تحریر اس کی آنکھوں سے گذرے گی تو اس کا دل ماہی بے آب کی طرح تڑپ اٹھے گا، اور جب تک ملاقات نہ کر لیگا اس کو کسی پہلو قرار نہ آئے گا۔ مذکورہ بالا تصور کو بھی پندرہ منٹ تک اپنے دل میں جاری رکھو۔ اب خط لکھنا شروع کرو، طرز تحریر سیدھی سادھی اور صاف وزوردار لہجہ والی ہونی چاہیئے۔

دوران تحریر میں ہر ایک فقرے کے بعد اپنے دل میں یہی خیال رہے کہ آپ کی قوت مقناطیسی آپ کی آنکھوں کے راستے خارج ہو کر آپ کے خط کے ایک ایک نقطہ کے اندر اپنا پورا پورا اثر بھر رہی ہے بس جب خط مذکورہ آپ کے محبوب کو ملے گا، خواہ وہ ہزاروں کوس کے فاصلہ پر کیوں نہ ہو وہ فوراً پڑھتے ہی آپ کے پاس ملاقات کے لئے چلا آوے گا اور آپ کا ہر ایک کام سر انجام دیگا۔

سبق (۱۳) تجویز بسی کرن منترا

بسی کرن منتر کا بہت سے حضرات نے نام سنا ہو گا زمانہ قدیم سے آج تک سیکڑوں واقعات سننے میں آتے رہتے ہیں کہ انسان کے اندر ایک ایسی پوشیدہ طاقت بھی موجود ہے جس کے زور سے وہ دوسرے

آدمیوں کو اپنے بس میں کر سکتا ہے، پچھلے صفحات میں آپ نے ملاحظہ کیا ہے کہ ساری طاقت خیال میں اور ہماری آئندہ کامیابی، تندرستی اور خوش دلی کا دارومدار ہماری موجودہ دنیاوی خیالات پر ہے، کہا جاتا ہے کہ معمول کے علم یا اس کی رضامندی کے بغیر نیک اور بد دونوں قسم کے کاموں کے لئے تجویز منتر سے کام لیا جا سکتا ہے۔

اصل میں سمی کرن منتر کا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے باہمی اعتماد عالمگیری محبت اور یک دلی اور یک جہتی کی اسپرٹ کو دیجائے اس کا منشا یہ ہرگز نہ تھا، اور نہ کسی زمانہ میں ہو سکتا ہے کسی خاص شخص کو اپنا مطیع اور معتقد بنا کر جائز طور پر اپنی مقصد براری کی جائے۔

ہر چیز کی خرابی خراب ہوتی ہے، پرانے زمانہ میں ہندوستان اور غیر ممالک میں بھی انہیں منتروں کے ذریعہ لوگ دوسروں عورت اور دولت پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتے تھے مگر اس کا نتیجہ یہ نکلتا تھا، کہ ان کا اپنا مطلب تو حل ضرور ہو جاتا تھا. مگر منتر کی طاقت ضرور کم ہو جاتی تھی - عالم روحانی کی ترقی پاکیزہ ارادوں کے ذریعہ ہوا کرتی تھی اور اس کے ذریعہ انسان ہر مشکل کام کو حل کر سکتا ہے دنیا کی کایا پلٹ دنیا اور دوسروں کو اپنے بس میں کرنا عامل کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہوتا ہے، دلی خیالات کا اظہار بذریعہ الفاظ جس سے سامع کے دل پر اثر پڑتا ہے اس کو تجویز یا منتر کہتے ہیں۔

تجویز یا منتر کی طاقت اس کے بار بار زبان سے ادا کرنے سے بڑھتی ہے، آپ ایک شخص سے کوئی بات ایک مرتبہ کہیں تو اس پر کچھ اثر نہ ہوگا لیکن اگر بار بار دوسرے الفاظ میں وہی بات کہی جاوے تو آخر کار وہ

اس کے دل پر ضرور نقش ہو جائے گی۔

اکثر ایسی تجاویز کا اظہار کیا جاتا ہے۔ جن کا یا تو فی الفور بہت کم اثر ہوتا ہے، یا بالکل ہوتا ہی نہیں، اس کا سبب یہ ہے کہ ان کا اظہار باقاعدہ نہیں کیا جاتا، اب ان تجاویز کا اظہار کیسے کیا جائے یہ راز ذرا وضاحت کے ساتھ مشکل بیان کیا جا سکتا ہے اور ایک باقاعدہ ظاہر کی ہوئی تجاویز سنکر بھی آپ کو یہ نہیں معلوم ہو سکتا ہے کہ اس میں کوئی غیر معمولی بات ہے یا نہیں یا ایں ہمہ اس میں ایک ایسی صفت موجود ہے جس کے ذریعہ سے اس شخص آپ کا مطلوبہ اثر پڑ سکتا ہے جس کو آپ اپنے قابو میں لانا چاہتے ہیں۔ حسب ذیل مشق کرنے سے آپ کو اظہار تجویز کا صحیح طریقہ معلوم ہو جائے گا،

ایک کمرے میں جایئے اور اس کا دروازہ بند کر لیجئے تاکہ آپ کو کوئی نہ دیکھ سکے، اب نہایت مسلسل اور آہستہ آہستہ گہری سانس لینے اور پھر اس کو باہر خارج کر دینے کا متواتر عمل ۵ منٹ تک کیجئے اور یہ تصور باندھیئے کہ کوئی شخص جس کو آپ چاہتے ہیں آپ کے سامنے بیٹھا ہوا ہے اور اس فرضی شخص سے زوردار مگر پر اعتماد لہجہ میں گفتگو کیجئے یعنی جو آپ کہنا چاہتے ہیں اس کو اس طریقہ سے ادا کیجئے کہ الفاظ براہ راست سینہ سے نکلکر باہر آئیں، اس دوران میں آپ کی حرکات جسمانی بھی نہایت موثر ہونی چاہیئے۔ جو کام آپ کرنا چاہتے ہیں اس کو یہ دعوےٰ سمجھ کر کہئے اور کیجئے۔ کہ آپ کا مخاطب واقعی آپ کے سامنے بیٹھا ہوا ہے اور آپ اس سے گفتگو کر رہے ہیں۔

آئندہ باب میں ہم آپ کو اس علم کے متعلق کچھ کارآمد

گے منتر تبلائیں گے، جن کو آپ بڑے شوق سے جائز کاموں اور آڑے وقتوں میں کام کافی دلچسپی سے لائیے گا، اور ہر فرد و بشر کو مطیع و فرمانبر دار کر کے ان سے ہر قسم کا کام نکلوا سکیں گے۔

سبق (۱۴) بذریعہ مسمریزم دوسروں کو بس میں کرنے کے طریقے

ایک ایسا کمرہ جہاں بالکل ہی اندھیرا ہو۔ کی دیواروں پر سیاہ پالش کرادو اور اس کمرے کے روشندانوں اور دروازوں پر ایسے فٹ سیاہ رنگ کے پردے لٹکادیں۔ کہ روشنی نام تک داخل نہ ہو سکے اس کمرہ کی مشرقی دیوار پر چونہ کا ایک گول سرکل جس کا قطر قریباً ایک فٹ ہو بنادیں اور اس کے درمیان میں زرد سنہری رنگ کا چمکدار ایک اور سرکل بنادیں جس کا قطر قریباً دو انچ ہو ان ہر دو سرکلوں کی انچائی اتنی ہو کہ عامل کی نشست کے برابر رہے یعنی سرکل درمیانی عامل کی آنکھ کی برابر رہے نقشہ سرکل یہ ہے۔



کمرہ کی چھت پر بھی سیاہ رنگ کا یعنی کہ ہر طرف سیاہی اور تاریکی ہو، روشنی کا نام و نشان تک بھی نہ ہو مگر دونا سرکل کی سفیدی اور زردی ہو۔ عامل کو چاہیئے کہ صبح سویرے چھ بجے کمرے میں

کے داخل ہو اور ایک میز پر جس کی اونچائی اتنی ہو کہ اس پر بیٹھنے والے
کی آنکھ درمیانی سرکل کے برابر ہو بیٹھ جائے اپنی آنکھ کو بغیر جھپکائے
درمیانی سرکل یعنی سنہری سرکل پر ڈال دے اور ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا
رہے، پانچ منٹ کے بعد اس کی آنکھوں سے پانی بہنا شروع ہوگا
مگر عامل بغیر پانی صاف کئے وہاں بیٹھا رہے پانچ منٹ کے بعد
پانی خود بخود بند ہو جاویگا اور آنکھیں اس میں گڑ جاوینگی۔ اب
تمام قسم کے دنیاوی خیالات کو اپنے دل و دماغ سے نکال دے عامل
کو ایک گھنٹہ اسی طرح لگاتار بیٹھا رہنے سے طرح طرح کے پرتو اور
پرستار نظر آنے لگیں گے بلا خوف و تردد ان پرستاروں کا مطالعہ
کرتا چلا جاوے، ایک گھنٹہ کے بعد یکلخت آنکھ بند کر دے اور
پانچ منٹ کے بعد آنکھ کھول کر کمرے سے باہر نکل آئے، اب اسے درد
سر محسوس ہوگا۔ مگر تھوڑی دیر کے آرام کے بعد درد سر رفع ہو
جائیگا۔ اب دوسرے دن بجائے ایک گھنٹہ کے ایک گھنٹہ اور
پندرہ منٹ قیام کرے۔ اسی طرح تیسرے دن عمل کرے علی ہذا القیاس
پندرہ دن تک یہی عمل کرتا چلا جاوے۔ اس کے درمیان میں
اس کو بہت سے مرحلوں میں سے گذرنا ہوگا، مگر وہ کسی قسم کی تکلیف
کو جگہ نہ دے۔ چونکہ یہ سب عارضی ہوں گے، پندرہ دن کے بعد
اس کی آنکھ میں ایک خاص کشش پیدا ہوگی سولھویں دن وہ
پھر مثل سابق اپنی نشست پر قیام کرے، اب کوشش کرے
کہ اس کی آنکھ اس سنہرے سرکل کے نقطہ کو اپنی طرف
کھینچ لے، یہ کوئی مشکل بات نہیں سولھویں دن کا عامل

اس سرکل کو صرف ایک ادنیٰ سی چشمی حرکت سے اس نقطہ کو اپنی طرف کھینچ سکتا ہے، جب عامل اپنی طرف اس نقطہ نقطہ کو کھینچے اور دیکھے کہ وہ سرکل یعنی نقطہ ایک ادنے سی حرکت سے اس کی آنکھ کے نزدیک آجاتا ہے۔ اور ادھر ادھر گھمانے سے گھوم بھی جاتا ہے۔ تو اب عامل اپنی نشست سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ اور اب کھڑا ہو کر اس نقطے کو ادھر ادھر حرکت کرے گا۔ اب عامل اپنی آنکھ کے اشاروں سے اس نقطہ کے رنگ تبدیل کرنے شروع کرے، تو اس رنگ میں تبدیل ہوتے جاویں گے۔ جب یہ سب کچھ ہو جاوے تو عامل جب بلا شبہ تصور کرے کہ عامل جب کشش عین کا ماہر ہو چکا ہے جو کہ مسمریزم کا پہلا سبق ہے، صرف اسی کشش سے بہت سے عمل ہو سکتے ہیں۔ اور سینکڑوں مشکلات دور ہو سکتی ہیں۔

سبق (۱۴) تسخیر حسن!

اگر کسی پری جمال و سنگدل معشوق کو اپنا بنانا ہو اور وہ کسی طرح نہ مانے۔ کتنا ہی پتھر دل کیوں نہ ہو تو متذکرہ بالا عامل اپنی عینی کشش سے اسے اپنے دام الفت میں لا سکتا ہے۔
اپنے حسین کی گذرگاہ پر عامل کو اپنا قیام کرنا چاہیئے، جونہی وہ مہ جبین وہاں سے گذرے اپنی آنکھیں دور سے ہی عامل اس پر ڈال دے اور اپنی آنکھوں کی کشش سے اس کی آنکھوں کو اپنی

طرف لانے کی کوشش کرے، ایسا کرنے سے پہلے دن ہی اپنی کشش کا نور اس کی آنکھوں میں داخل ہوجاویگا، اور جونہی وہ عامل کی نزدیک سے گذر چکے گا۔ تو اس کی آنکھ میں ایک نشہ سا پیدا ہوجائے گا، اور تمام راہ وہ حیران و پشیمان بے سدھ چلتا جاوے گا، اور جونہی وہ اپنی قیام گاہ پر پہنچے گا تو اسے ایسا معلوم ہوگا کہ اس کی آنکھ اور دل میں کوئی خاص تغیرات پیدا ہو گئے ہیں عامل روزانہ اسی طرح کرتا جاوے یا اگر روزانہ موقع نہ ہو تو وقتاً فوقتاً ایسا کرتا چلا چلا جائے بلا شک و شبہ آٹھ دس مرتبہ ایسا کرنے سے اس محبوب میں عامل کے لئے وہ محبت پیدا ہوجائے گی۔ کہ وہ عامل کے عشق میں دیوانہ ہوکر عامل سے خود بخود طالب الفت ہوگا۔ اور جب تک عامل سے اقرار محبت نہ لے گا چین نہ پاویگا۔

سبق (۱۵) راز یار

گو عامل کو کسی پری پیکر ماہ جمال سے اس کو راز حاصل کرنے ہوں کہ وہ کس کس سے الفت پیدا کرتا ہے اور آج تک اس نے کس کس سے الفت پیدا کی تو عامل کو چاہیئے کہ اسی محبوبہ کی آنکھ پر اپنی کشش ڈالے، اور اس پہ کشش ڈالنے کی بعد محبت آمیز خوشتر طریقہ سے کلام کرے، **پھر اپنی آنکھ کی کشش** اس کے دل پر ڈالنی شروع کرے ایسا کرنے سے وہ ماہ جبیں اپنا تمام راز آہستہ تر بیان کرنا شروع کرے گا، اور آخر میں تمام محبوں سے الفت قطع کرکے اپنے آپ کو عامل کے لئے پیش کرے گا اور جب تک

قبول نہ کرے، چین نہ پاوے گا۔

خواب راحت:۔ اگر عامل چاہے کہ کوئی وہ طالب مطلوب ایسی راحت حاصل کریں کہ ایک دوسرے سے بحالت خفتگی بھی خواب آور ہو جاویں اور وصال کا وہ مزہ حاصل کریں کہ جو فردوس میں غلمان وحوریں عنایت کریں گی تو ایسے عمل کے لئے عمل پہلے مذکر کو ایک گھنٹہ بالکل برہنہ کرکے مسمرایز رکرے اور مسمرایز رکرے اور مسمرایز ر کرنے میں دل و دماغ اور عضو خاص کی طرف خوب رغبت رکھے اور آنکھوں پر بھی خاص تصور جمائے، اس کے بعد مونث کو بغیر اس کے بتلائے چھپ کر یہی عمل کرے، اور اس کے بعد ان کے بستر راحت کو ایک گھنٹہ مسمرایزر کرکے اس پر اپنے تصور کے ذریعے فردوش سے پیری جانوں کو منگوا کر مباشرت کرائے جو صرف خیالی اداؤں سے کر لینا عامل کے لئے نہایت ہی آسان ہو اور پھر اس مقام پر ایک محل رقص وسرود گرم کرے، اس عمل کے بعد اپنے عمل کو ختم کر دے۔ اس کے بعد وہ طالب و مطلوب اپنے شغل میں مشغول ہو جاویں بفضل خدا وہ لذت پائیں گے کہ دنیا میں کسی کو نصیب نہ ہوئی ہو گی، اور ان دونوں میں باہمی وہ لطف و حجت پیدا ہو گی اور ان دونوں میں باہمی وہ لطف و حجت پیدا ہو گی کہ کوئی زبردست سے زبردست طاقت بھی مفاہمت پیدا نہیں کر سکتی۔

سبق (۱۲) نامہ سحر

اگر کسی معشوقہ لقا کی نسبت سن رکھا ہو یا کبھی دیکھنے کا اتفاق

ہوا ہو اور وہ معشوق دور دراز کسی مقام پر مقیم ہو اور کوئی چاہے
کہ بذریعہ نامہ کے معشوق مطلوبہ سے میل ملاقات ہو اور محبوب کا جب تک
وصال حاصل نہ کرے چین نہ پاوے چاہے کتنے ہی دور دراز فاصلہ پر کیوں
نہ ہو تو ایسے محبوب کے لئے عامل کو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل عمل کا عامل بنے۔
اندھیرے کمرے مجوزہ متذکرہ بالا میں کانسی کی دھات کی ایک
صاف تھالی لے اور جس میں سیاہ روشنائی کو عرق گلاب میں اس قدر
حل کرے کہ وہ لکھنے کے قابل رہے کہ اس عرق اور روشنائی کو اس کانسی
کی تھالی میں ڈال دے اور خوب حل کرے جب عرق اور روشنائی
یکجان ہو جاوے تو اس کے عین درمیان میں زعفران جو کہ عرق گلاب
میں قریباً تین ماشہ علیحدہ ہوا ہو ڈال دے اس کے بعد ٹکٹکی لگا
کر زعفران کو مسمرائز کرے، جب زعفران مسمرائز ہو جاوے
تو اس زعفران کو اپنے ہاتھ کے اشارے سے بذریعہ مسمریزم
مندرجہ سبق نمبر ۱، ۲، ۳، ۴ حرکت دے کر ملا دے پھر ایک سفید
کاغذ لے کر جس پر کہ حاشیہ سرخ رنگ کی روشنائی سے بنا ہوا اپنے
سامنے رکھ کر مسمرائز کرے جب روشنائی اور کاغذ پہ تیار شدہ
سیاہی سے محبت آمیز لہجہ میں اشد عاشوق محبت کا اظہار کرے،
جونہی کہ یہ خط محبوب مذکور کے پاس پہنچے گا فوراً ماہی بے آب
کی طرح تڑپ جاویگا۔ اور ہر ایک لفظ خط سے جوش محبت سے
لبریز کر دے گا، اور فوراً ہی بے تامل وہ شرم کو بالائے طاق رکھ کر
جواب سے سرفراز کرے گا، اور طالب دیدار ہوگا۔ اس کے بعد
عامل ہر خط مذکورہ سیاہی سے تحریر کر کے اپنا مطلب آمیز نامہ پیام جاری کرے

سبق (۱۷) عمل بسمل

اگر کوئی ماہ لقا پری پیکر کسی دور دراز مقامات پر رہتا ہو چاہے درمیان میں پہاڑ، سمندر اور دریا کیوں نہ حائل ہوں اور عامل کو چاہیئے کہ مطلوبہ سمندر چیر کر پہاڑ پھاند کر دریا عبور کر کے خود بخود ہجر یار میں بغرض وصال خود بخود آ حاضر ہو تو مذکورۃ الصدر ہدایت پر عمل کرنے سے بلا تاخیر و بلا دریغ وہ سہ جمال ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہوا وصال حاصل کرے گا۔ اور جب ملاقات حاصل نہ کرے گا، نیم بسمل ہو کر فراق جاناں میں تڑپتا رہے گا، مندرجہ سبق نمبر ۱۴، ۱۵ میں جو کمرہ بیان کیا گیا ہے، اس کمرے کے عین وسط میں چار فٹ چوڑا اور چار فٹ لمبا ایک فٹ گہرا ایک گڑھا کھود دیں اور اس گڑھے میں صاف شفاف پانی بھر دیں اور ساتھ ہی اس گڑھے میں تین تولہ پھٹکری سفید پیس کر چھڑک دیں، تاکہ پانی میں اگر کوئی مٹی وغیرہ ہو تو سب بیٹھ جاوے، اور پانی صاف شفاف ہو جاوے، جب پانی بالکل تھر جاوے تو مشرق کی طرف منہ کر کے اس پانی کے سامنے بیٹھ جاویں اور ٹکٹکی لگا کر پانی کی طرف دیکھیں، ایک ستارہ سا پانی میں نظر آنے لگے گا۔ اب اس ستارے کے درمیان اسی اس معشوق کا تصور جما دیں، جب معشوق کا تصور پوری طرح جم جاوے تو اپنی حرکات کو اس قسم کا کریں کہ محبوب سے اظہار محبت ہو رہا ہے کبھی سناتا ہو بوس و کنار کرے اور کبھی دیگر حرکات سے کام لیں روزانہ

ایک گھنٹہ اسی طرح سے کام لیں، تیسرے دن بند کر دیں اس کا اثر تمام محبوب پر ہوگا اور جب تک کسی حیلہ محبوب آ کر وصال نہ کرے گا، چین نہ پاوے گا، چاہے لوہے کی دیواریں بھی اس کے مانع کیوں نہ ہو، خداوند تعالےٰ خود بخود اس کے لئے ایسے اسباب پیدا کر دیوے گا، کہ وہ عامل کے مکان تک پہونچ جاویگا۔

سبق (۱۸) یار کا تصوّر

تصور میں دو باتیں ہوتی ہیں ایک تو کوئی عاشق کسی معشوق کا تصور کرے اور وہ معشوق تصور میں ہی آ کر وصال ہو اور حقیقتاً کچھ بھی نہ ہو دوسرا عاشق کسی محبوب کو صرف اپنے تصور میں لائے اور وہی تصور معشوق کے دل میں پیدا ہو یعنی معشوق کو خود بخود اسی عاشق کا خیال ہو اور وہ اس خیال کی تقلید میں وہاں یعنی عاشق سے ملنے کی کوشش کرے ان ہر دو اطوار میں عمل تو ایک جیسا ہے مگر فرق صرف یہ ہے کہ ہر قسم میں پہلے سے ہی اس قسم کا تصور دل و دماغ میں قائم کرنا چاہیئے، ایک آئینہ ایک فٹ لمبا اور نو دس انچ چوڑا لیجئے، اس کے کنارے یعنی ہر چہار طرف کے گوشوں پر ایک انچ چوڑائی کا سیاہ روغن پھیر دیں پھر ایک انچ کنارہ کو چھوڑ کر ایک سیاہ مکرر کنارہ کر دیں، اس کے بعد دوسرے کنارے کو محیط تصور کر کے ایک سینٹر یعنی مرکز قائم کر دیں اور سرکل یعنی دائرہ بنا دیں اس سرکل کو تو خالی رہنے دیں اور محیط کے بقایا حصّہ کو سبز رنگ کر دیں اب اس آئینہ کو مذکورہ سبق نمبر ۱۵-۱۶ کے سیاہ کمرہ میں رکھیں

اور اس آئینہ کے بالمقابل نشست کر کے کسی چیز کا تصویر بذریعہ مسمرائزڈ چشم کریں اور پریکٹس کریں جب منصور تیکے مقابل میں لانے کی پریکٹس ہو جائے تو آپ اس معشوق کی تصویر میں لاویں تو جس قسم کا تصور معشوق کا آپ کریں گے فوراً اسی محبوب کے عمل میں ملبوس ہو جاویگا۔ صرف پریکٹس تصور درکار ہے اور یہ آئینہ مسمریزم کے تصور میں خاص آلہ ہے

سبق (۱۹) بذریعہ ہپناٹزم دوسرں کو بس میں کرنا

صبح کے وقت غسل کر کے اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایسے ایک مکان میں بیٹھ جاؤ جہاں ہر طرح کا سکون ہو اور کسی قسم کا شور وغل بالکل نہ ہو۔ فرش کے اوپر دو زانو بیٹھ جاؤ، اور اپنے ایک ہاتھ میں مسمریزم کی گیند لے لو۔ اس کے سوراخ میں سے دیکھو اور دل میں تصور کرو کہ فلاں شخص جو تمہارا مطلوب ہے تمہارے سامنے ہاتھ باندھے کھڑا ہوا ہو اور اس کی صورت گیند کے سوراخ میں ہو کر تمہیں نظر آرہی ہو اور یہ نیت باندھو کہ تم اسے اپنا مطیع کئے بیٹھے ہو اور وہ تمہارا گرویدہ ہوا جاتا ہے۔ یہ عمل تم پہلے دن چند منٹ تک کرو۔ اور دوسرے دن اس سے کچھ اور زیادہ دیر تک اور اسی طرح وقت کو بڑھاتے جاؤ۔ اور ایک ہفتہ بلا ناغہ اس عمل کو کرو۔ اس کے بعد اس کی شکل ضرور اس گیند کے سوراخ میں ہو کر تمہیں دکھائی دینے لگے گی اور وہ ضرور تمہارا مطیع ہو جاوے گا اس کی طبیعت پر تمہاری توجہ کا اور ارادہ کا غائبانہ ایسا اثر پڑے گا کہ اس کے دل میں تمہاری ایک لو لگ جائے گی۔ اثر محبت و اطاعت کی

آگ اس کے سینہ میں بھڑکنے لگے گی۔

سبق (۲۰) دوسرا طریقہ

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تم اپنے ارادہ کو کاغذ کے ایک پرزے پر لکھو اور خواہ اسے بذریعہ خط کے یا بذریعہ ٹیلیفون کے مطلوب کے پاس تک پہونچا دو اور اگر مطلوب تمہاری آواز سے واقف ہے کیونکہ صرف ٹیلیفون کے لئے اس کی ضرورت ہوتی ورنہ خط یا تار کے لئے ان باتوں کے لئے صرف یہ ضرورت ہے۔ کہ وہ تمہارے نام سے واقف ہو تو جس وقت وہ خبر تار یا خط اس کے ہاتھوں میں پہونچے اسی وقت اس کی طبیعت متاثر ہونے لگے گی اور جب وہ اسے کھول کر دیکھے گا تو اس پر پورا اثر ہو جائے گا لیکن ٹیلیفون یا خط یا تار روانہ کرنے کی تاریخ ایک جگہ بیٹھ کر مراقبہ میں یہ نیت باندھو، کہ مطلوب اب تمہارا مطیع ہوا نتیجہ یہ ہوگا کہ ضرور تمہارا مطیع ہو جائیگا۔

نوٹ

اس طریقہ کو امراض کے علاج میں بھی استعمال کیا جاتا ہے اگر مریض تمہاری آواز یا نام سے واقف ہوں تو جس وقت اس کے پاس ٹیلیفون کی خبر پہونچے گی، تار یا خط پہونچے اور وہ کھول کر اسے پڑھے گا، یہ الفاظ کہ اب مرض دور ہوا اور تم پر آرام بخش نیند کا غلبہ ہوا، اسے نظر آئیں گے اسی وقت اسے گہری نیند اور چین کی نیند آ جائے گی، اور اس کا مرض دور ہو جائے گا، اس طریقہ سے ہر طرح کے مرض کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

جنتر! منتر!! تنتر!!!

ناظرین:۔ آج کل نئی روشنی والے لکھے پڑھے لوگوں نے علم جادو، جنتر، منتر یعنی عملیات و تعویذات وغیرہ کو ناممکن بلکہ وہم سمجھ لیا گیا ہے اور اسے خلاف قانون قدرت قرار دیدیا گیا ہے بلکہ وہ انہیں نفرت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ حالانکہ ان کے خیالات ویسے ہی غلط ہیں، جس طرح کہ ان کے خیال میں علم جادو غلط ہے، آج کل کے بعض لوگ اس علم سے اس قدر نا واقف ہوتے ہیں۔ جیسا کہ ایک پہلی جماعت کا لڑکا اقلیدس سے ہو سکتا ہے، جس علم کے متعلق ہم پوری واقفیت نہیں رکھتے اسے صرف فیشن کے طور پر یا سن سنا کر ہی لغو قرار دینا نہایت بے انصافی ہے، مذہبی دنیا میں رات دن یہی دیکھا جاتا ہے کہ ایک مذہب کا شخص دوسرے مذہب کی کتب مقدسہ کو لغو قرار دیتا ہے حالانکہ زندگی بھر میں ان کتب کو دیکھا بھی نہ ہوگا۔ عموماً دیکھا جاتا ہے کہ جو بات کسی علم اور تجربہ میں نہ آئی ہو وہ اسے ناممکن سمجھ لیتا ہے مگر جوں جوں اس کا علم اور تجربہ وسیع ہوتا جاتا ہے اس قدر ہی اس کے پہلے خیالات کی تردید ہوتی جاتی ہے، واضح ہو کہ موجودہ سائنس آف آکلٹ نے منتروں، جنتروں، اور تنتروں کی طاقت کو صحیح تسلیم کر لیا ہے اس لئے ہم صرف یہاں آپ کو بتلا دیتے ہیں کہ علم جادو جنتر، منتر، تنتر بھی ایک سائنس ہے اور یہ ہرگز خلاف قدرت قانون قدرت نہیں ہے منتروں، جنتروں پر کتابیں لکھنے والوں نے بھی کمال کر دیا ہے مثلاً انہوں نے چینا جادو، مصر کا جادو، چین جاپان کا جادو، سحر سامری وغیرہ وغیرہ

نام رکھ کر کاغذ کالے کر کے لوگوں سے ٹکے بٹورنے شروع کر دیتے ہیں کیونکہ اکثر لوگ ان کتابوں کے عملوں کو کرتے ہیں۔ اور نتیجہ کچھ بھی نہ دیکھ کر اس علم کے مخالف ہو جاتے ہیں، ہم اپنے سیدھے سادھے بھائیوں کو بتلاتے ہیں کہ موجودہ وقت میں مارکیٹ جس میں کتابیں منتروں، جنتروں تنتروں کی شائع ہو رہی ہیں۔ ان سے شاید ہی کوئی ایسی کتاب ہو جس کا ایک آدھ عمل کچھ نتیجہ دکھا سکے، ورنہ سوا دھوکے کے اور کچھ نہیں ہے، اس لئے آئے دن نقلی کتابوں کے جال سے بچیں اور پوری واقفیت کے لئے ہماری کتابوں سے کالا جادو کا تجربہ کریں۔ اگر آپ ذرہ سی تکلیف گوارا کر کے ہمارے تجربات کا کالا جادو کرنا شروع کریں گے آپ ضرور ہی اس علم کے قائل ہو جائیں گے، اب ہم آگے چل کر بیس عمل اسباق کے بعد آپ کو عمل حب کے سینکڑوں کالے جادو، جنتر، منتر تنتر معہ مکمل ترکیب و ہدایات کے بتلاتے ہیں۔

ناظرین بڑے شوق سے قسمت آزمائی کر سکتے ہیں اور ہماری محنت کی داد دے سکتے ہیں۔

عملیات کالا جادو

کالا جادو کے ذریعے عورتوں کو مطیع کرنا اور قابو میں لانا

واضح ہو کہ پیشتر ازیں دیباچہ میں بھی لکھا جا چکا ہے، کوئی بھی عمل کیوں نہ ہو اسے جائز ضرورت میں استعمال میں لاویں۔ عورتوں کو مطیع کرنا بھی جائز ضرورت پر ہی استعمال کرنا چاہیئے، مثلاً ایک کنواری عورت پر اگر کوئی شخص عاشق ہو جائے اور وہ چاہے کہ باقاعدہ اس کو اپنے نکاح میں لاکر میاں بیوی کی طرح زندگی بسر کرے تو اسے اجازت ہے، دوسرے خاوند بیوی میں اختلاف واقع ہو جائے۔ تو ان میں عشق و محبت پیدا کرنا اور ایک دوسرے کے مطیع کرنا اچھا کام ہے پس ایسی جائز ضرورت ہی پر کام میں لانا چاہیئے، حرام کے واسطے میری طرف سے تو اجازت نہیں ہاں اگر کوئی کرے گا۔ تو وہ اس کے گناہ کا خود ذمہ وار ہو گا کیونکہ مجھے اس کتاب کو ہر پہلو سے مکمل بنانا ہے اس لئے میں ہر قسم کے عمل جو مجھے حاصل ہوئے ہیں، لکھتا چلا جاؤں گا۔

(۱) جو آدمی چاہے کہ فلاں عورت مجھ پر فریفتہ ہو جائے تو اس کو چاہیئے

کہ اپنے دونوں پاؤں کا میل اتار کر کسی کھانے کی چیز میں اسطرح ملائے کہ عورت کو معلوم نہ ہو سکے پھر وہ چیز عورت کو کھلا دے وہ کھاتے ہی اسی وقت فریفتہ ہو جائیگی اور ہمیشہ کیلئے مطیع رہے گی۔

(۲) تھوڑی سی گندھک زرد لیکر کسی برتن میں ڈال کر آگ پر پگھلائیں اور گرم گرم میں بندر کا ذرا سا خون ملا دیں پھر اس کو سرد کر کے بحفاظت رکھ چھوڑیں جو آدمی چاہے کہ عورت کو اپنے اوپر فریفتہ کرے وہ اس گندھک کو اپنی جیب میں ڈال کر اس عورت کے سامنے چلا جائے وہ دیکھتے ہی اس مرد پر ہزار جان سے قربان ہو جائے گی، بلکہ یہاں تک لکھا ہے کہ اس عورت کے علاوہ جو عورت بھی اس کو دیکھے گی، مطیع ہو جائے گی اس لئے اس کو احتیاط سے عمل میں لانا چاہیئے

(۳) اگر کوئی شخص اپنے منہ پر بھیڑیئے کا پتہ مل کر کسی عورت کے سامنے چلا جائے تو وہ دیکھتے ہی فریفتہ ہو جائے گی۔

نوٹ:۔ بھیڑیا ایک خونخوار، جنگلی درندہ ہے عام مشہور ہے۔

۴:۔ ابابیل جو ایک مشہور پرندہ ہے اس کی آنکھ لے کر سایہ میں خشک کریں پھر اس کو باریک پیس کر کسی خوشبودار تیل میں ملا کر خود عورت کو دے دیں اور اس کو کہہ دیں کہ یہ خوشبودار تیل تمہارے استعمال کے لئے ہے اگر وہ تیل لگائے گی تو اسی وقت سے فریفتہ ہو جائیگی۔

(۵) بھیڑیئے کا پتہ روغن گل میں ملا کر جو مرد اپنی بھوؤں پر لگائیگا۔ اس کی طرف جو عورت دیکھے گی، عاشق ہو جائے گی۔

۶:۔ اگر بھیڑیئے کا پتہ اور شہد دونوں ہم وزن ملا کر مرد اپنے ذکر پر لگا کر عورت سے جماع کرے تو وہ عورت عمر بھر کے لئے اس مرد پر

عاشق ہو جائے۔

۷۔ اگر سہدہ بوی کی جڑ پانی میں گھس کر مرد اپنے ذکر پر لگائے اور عورت سے صحبت کرے تو وہ عورت ہمیشہ کے لئے مطیع ہو جائے گی۔

کالا جادو کے ذریعہ منتر عورت کو مطیع کرنا!

۱۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں عورت جو اس سے بہت نفرت رکھتی ہے مطیع کرے تو اسے چاہیئے کہ چنڈول کی چربی اپنے ذکر پر لگا اس سے جمع کرے اس کی نفرت محبت سے بدل جائے گی اور جب اس اثر کو توڑنا چاہیئے تو عضو پر ہرن کی چربی یا ہرن کا پتہ لگا کر جمع کرے۔ اثر زائل ہو جائے گا، اور پھر نفرت ..... پیدا ہو جائے گی۔

(۲) قضیب گاؤ زبان عرق لیموں میں گھس ہیں اور قدرے شہد ملا کر ایک گھڑی قبل ضماد کریں اور خشک ہونے پر جماع میں مشغول ہوں۔ دونوں میں بہت زیادہ دوستی ہو۔

(۳) تازہ خون مرغ سفید لے کر عضو پر لگائیں اور خشک ہونے پر عورت سے جماع کریں دل و جان سے فریفتہ ہو گی۔

نوٹ :۔ ایک دوسری کتاب میں اس عمل کو اس طرح لکھا ہے کہ تازہ خون مرغ سفید لے کر ہموزن شہد ملا دیں اور ایک کوری ہانڈی میں ڈال کر نرم آنچ پر جوش دیں جب تین چار جوش آ جائیں سرد کر کے جسم پر طلاع کریں تھوڑی دیر بعد مشغول جماع ہوں دل و جان سے مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی۔

۴: تحفہ نظام شاہیہ میں لکھا ہے کہ منجیت، کھلار، موتہ، سفید آک کی جڑ۔ گوشت تمام کو باریک پیس کر اپنے خون میں ملاکر گولیاں بنائیں بوقت ضرورت ایک گولی پانی میں ملاکر اپنی پیشانی پر لگاکر سامنے چلے جائیں جس عورت کی نظر پڑ گئی عاشق ہوجائے گی۔

(۵) کسی سرخ پھول کی جڑ سے کر ہموزن گنانے کر اور پیس کر ذکر پر طلاکریں جس عورت سے صحبت کی جائے گی زلیفتہ ہوجائیگی۔

(۶) سفید آک کی جڑ منجیت، جڑ کی بیٹ، فسط تمام ہموزن لیکر باریک پیس کر اپنے تخم میں ملاکر جس عورت کو دیں وہ فریفتہ ہوجائے گی۔

(۷) حکیم کمال الدین صاحب کا آزمودہ شیرازی کالے کوے کی بیٹ شہد میں ملاکر ذکر پر طلاکریں۔ جس عورت کے ساتھ مباشرت کی جائے وہ بالکل فریفتہ ہوجائے گی۔

(۸) خایہ گربہ سیاہ، چربی بز، سرخ رنگ روغن زرد میں ملاکر رکھیں بوقت ضرورت تھوڑا قضیب پر طلاکریں۔ اور عورت سے جمع کریں عورت اس پر فریفتہ ہوجائے گی۔

(۹) جائفل فلفل۔ عاقرقرحا، سونٹھ، بالچھڑ، کلیجن، شقاقل ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کر وقت حاجت شہد میں ملاکر طلاکریں اور جمع کریں عورت فریفتہ ہو گی

(۱۰) دارچینی کو چباکر مجامعت کے وقت لعاب سے آلت کو تر کر کے کام میں مشغول ہوں عورت فریفتہ ہوجائے گی۔

(۱۱) خرگوش کے پتے کا پانی عضو مخصوص پر لگاکر جس عورت سے رجوع کیا جائے وہ اس مرد کی عاشق ہوجائے گی۔

۱۔ اگر کوئی شخص مرغ کے سر کا منز لیکر اوپر ذکر کیے لگا دے اور کسی عورت سے جماع کرے تو وہ عورت اس کو بہت بڑا دوست جانے گی

کالا جادو کے ذریعہ مردوں کو مطیع کرنا اور قابو میں لانا!

ایک مرد کو مطیع کرنا اگر آپ کسی مرد کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنانا چاہیں، تو ایک سالم پان لگا کر اس میں تھوڑی سی کھنکرہ کی جڑ رکھ کر اس کو کھلا دیں۔ وہ بے دام غلام بن جائے گا۔ عام طور پر بعض طوائف اس عمل کو استعمال میں لا کر بعض مردوں کو اپنے قابو میں لے آتی ہیں اور ان کی جائدادوں پر ہاتھ صاف کر لیتی ہیں ایک معتبر آدمی نے مجھے بتایا کہ اس طریقہ سے ایک پیر صاحب نے ہزاروں مرید پیدا کیئے، اور ان سے لاکھوں روپیہ کا فائدہ اٹھایا۔

فسادی خاوند بیوی کا مطیع ہو جائے جو خاوند اپنی بیوی سے لڑتا جھگڑتا رہتا ہو اور بے جا تنگ کرتا رہتا ہو اسکو ٹھیک کرنے کے لئے کالی مرغی کا سر مٹی کی کلھیا میں بند کر کے اس مرد کے سونے کی جگہ زمین میں داب دیں اسی وقت سے وہ درست ہو جائے گا اور آئندہ اپنی بیوی سے محبت کرنے لگے گا۔

مرد عورت کا عاشق ہو جاوے ابابیل ایک مشہور پرندہ ہے اس کے دائیں بازو میں سے شہپر کو (وہ پر جس سے وہ اڑتا ہو) اکھاڑ کر کسی تیل میں ڈال دو بس یہ جادو کا تیل بنا رہے جو عورت چاہے۔ کہ فلاں مرد میرے مطیع ہو۔ اور میرے حکم سے منہ نہ پھیر سکے تو اسے چاہیئے کہ یہ تیل اپنے منہ پر

13-1979

مل کر اس مرد کے سامنے جائے وہ دیکھتے ہی عاشق ہو جاوے گا۔ اگر اس مرد کے علاوہ کوئی اور بھی دیکھے گا تو وہ بھی مطیع ہو جائے گا۔

(۴) **خاوند اپنی بیوی کا مطیع ہو** کہ سات عدد چنے سفید۔ عورت اپنی فرج میں سات دن رکھے، پھر ان کو خشک کر کے اپنے خاوند کو کھلا وے تو وہ عورت کا مطیع فرمانبردار ہو گا۔

کالا جادو ذریعے عورتوں مردوں کو مطیع کرنیکے متفقہ عملیات!

ان عملیات کا اثر جیسا عورتوں پر ہوتا ہے ویسا ہی مردوں پر ہوتا ہے

(۱) درخت بہی اور نام کے پونے دو، دو ماشے پتے حاصل کریں اور جس شخص کو قابو میں لانا چاہیں اس کا نام لیکر ان پتوں کو آگ پر ڈال کر دھونی کریں وہ شخص (مرد یا عورت) مطیع ہو جاتی ہے۔

(۲) جس کسی کو مطیع کرنا ہو اس کا نام لیکر تیز پات جڑ میں انگور اور عناب کے پتے تینوں بارہ بارہ رتی جمع کریں اور کسی کھانے میں ملا کر اس کو کھلا دیں فریفتہ ہو جائے گا۔

تیز پات اور گلاب کے چھ چھ رتی پتے لے کر جمع کریں۔ اور کھانے میں ملا کر اس کو کھلا دیں فوراً مطیع فرمانبردار ہو جائے گا۔

(۴) خرگوش کا بھیجا چھ رتی پگھلا کر اس میں چار جو کے برابر کافور ملائیں جو شخص یہ مرکب کھائے گا اسے جو شخص دیکھے گا اس کا مطیع فرمانبردار اور عاشق زار ہو گا۔

(۵) چقندر کے خشک پتے اور عاقر قرحا چھ، چھ رتی کسی کا نام لیکر جمع کریں اور ان کو کھانے میں ملا کر اس شخص کو جس کا نام لیا ہو کھلا دیں کھانے والا اسی دم سے مطیع ہو جاوے گا۔ اور پھر عمر بھر فرمان بردار رہے گا۔

(۶) اگر کوئی چاہے کہ فلاں شخص مرد یا عورت میرے عشق میں مبتلا ہو جائے تو فاطانیغی کا پھل (جو چنے کے برابر سرخ رنگ کا سوراخ دار ہوتا ہے) پانی میں پیس کر اس شخص کا اور اس کی والدہ کا نام لیکر پی لے اسی وقت سے وہ شخص جس کا نام لیا ہو گا مطیع ہو جائے گا

(۷) لومڑی کے خصیئے یا گردے جس کسی کو دیئے جائیں اور وہ لے تو اسی وقت سے اس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

(۸) نمام کے پتے۔ اکلیل الملک ہر ایک تین رتی آس کے پتے پونے دو ماشہ تینوں کو جمع کر کے جلائیں۔ جلاتے وقت جس کا نام لوگے وہی محبت کرنے لگ جائیگا اور مطیع ہو جائے گا۔

(۹) چرز جانور کا ناخن ہم وزن الملنسم دونوں کو باریک پیس کر ہم وزن شہد ملا کر جس کو بھی کھلا دیں مطیع ہو جاوے گا۔

۱۰:۔ سنگ کرک کو باریک پیس کر آنکھوں میں ڈالیں جو کوئی دیکھے گا محبت سے پیش آئے گا۔

۱۱:۔ قطا جو ایک جنگلی پرندہ ہے اس کے متعلق ابن زہیر لکھتا ہے کہ اس کی مادہ اور نر دونوں کو پکڑ کر ان کو ذبح کر کے پانی میں جوش دیں اور چربی علیحدہ کر لیں اور محفوظ رکھیں پھر جس کسی کے یہ چربی ذرا سی لگا دی جائے تو وہ لگانے والے سے محبت کرنے لگے لیکن شرط

یہ ہے کہ لگاتے وقت اس کو خبر نہ ہو۔

۱۲: حکیم میر مومن صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ اگر ہد ہد کے ناخن اور اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخن مٹی کے برتن جلائیں اور پیس کر کسی شربت یا شیرینی میں ملا کر کسی شخص کو کھلائیں تو وہ شخص کھلانے والے کا مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

(۱۳) خون ہد ہد کو گلاب میں ملائے اور جس کسی کو اپنے تابع کرنا چاہے اس کا نام لے اور پھر اس مرکب کو اسی کے گھر میں دفن کر دے وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

۱۴: خون ہدہد کو مشک اور زعفران میں ملائے اور اس شخص کا نام لے جس کو تابع کرنا چاہے اور پھر اس کو اپنے منہ پر مل کر اس کے روبرو چلا جاوے وہ دیکھتا ہی مطیع ہو جائے گا۔

۱۵: مغز ہد ہد کو کسی کھانے کی چیز میں ملا کر جس کسی کو کھلا دی جائے وہ مطیع ہو جائے گا،

۱۶: ہد ہد کا تاج لے کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور باندھتے وقت جس کسی کو مطیع کرنا ہو اس کا نام لیں وہ مطیع ہو جائے گا،

۱۷: ہد ہد کی داہنی آنکھ سایہ میں خشک کر کے آنکھوں میں لگائے جو کوئی دیکھے گا مطیع ہو گا،

(۱۸) ہد ہد کی بائیں آنکھ نگینہ انگشتری میں رکھیں اور وہ پہن لیں، جس شخص کو مطیع کرنے کا خیال ہو گا وہ مطیع ہو جائے گا۔

(۱۹) اگر کوئی چاہے کہ کسی کو اپنا مطیع و فرمانبردار کرے تو وہ اپنے بائیں ہاتھ کے دو ناخن اور دائیں ہاتھ کے دو ناخن دو دائیں پاؤں

کے ایک اور ایک ناخن بائیں پاؤں کا یہ ساتوں ناخن لے کر جلائے پھر ان کو پیس کر شربت یا شہد میں ملا کر پلائے تو پھر وہ شخص ایسا مطیع ہو گا کہ عمر بھر علیحدہ نہ ہو گا،

۲۰ تخم آک کو برگ دھتورے کے پانی میں باریک پیس کر پیشانی پر طلا کریں۔ جو دیکھے گا مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

۲۱۔ گل کنیر سرخ۔ گل آک سفید۔ گل دھتورہ زرد سب کو یکجا نچھتر میں جمع کریں اور قدرے پارہ ملا کر باریک پیس لیں اور پیشانی پر طلا کریں جو دیکھے گا مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

۲۲: ۔ بروز شنبہ ہاتھ پاؤں کے ناخن کتر کے باریک پیس کر جس کو کھلائیں وہ دوست ہو جائے گا، کھانے کی ترکیب یہ ہے کہ پان میں چونہ پر ڈال کر کھلائیں۔

۲۳: ۔ بروز پیر ریوتی نچھتر میں درخت دھتورہ کے پتے جڑ چھال پھل و پھول یہ پانچوں چیزیں پیس کر گگل اور زیرہ سفید ہموزن ملا کر بھینس کے دودھ میں ملا کر گولی بنائی جب کسی کو فریفتہ کرنا ہو ایک گولی کو مٹی میں ڈال کر اس کو دھونی دے تو وہ دل و جان سے فریفتہ ہو جائے گا۔

۲۴: ۔ بروز اتوار جبکہ پکھ نچھتر ہو پکھر مول گدڑو چن بھیرری کے پر اور تگر و لاجونتی ہر ایک چیز برابر وزن لے کر پیس کر خوب باریک پیس کر اس مرکب کی چٹنی پر ڈالئے مطیع ہو گا۔

۲۵۔ اتوار کے دن گوگھ کی زبان اور ڈھائی پتی نیم کی خوب باریک پیس کر اس کی آنکھ میں بطور سرمہ لگاوے اور جس شخص کی طرف

دیکھے وہ اس کا تابع دار ہو جائے

کالا جادو ذریعہ بادشاہ یا حاکم وقت کو مہربان کرنا

(۱) صابع الصفر کی پوری ہتھیلی لے کر اس میں ایک سوراخ طولاً اور ایک عرضاً کر دیں اور اس میں دھاگہ ڈال کر اپنے بدن پر باندھ لیں خواہ گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھ لیں جب تک یہ بندھا رہے گا بادشاہ اور حاکم وقت مہربان رہیں گے۔

(۲) ڈھینگ :۔ جانور کی دائیں آنکھ تعویذ میں رکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں اور اس کی باقی آنکھ کی رطوبت اپنے منہ پر مل لیں اور حاکم وقت کے سامنے چلے جاویں، وہ دیکھتے ہی مہربان ہو گا اور جو حاجت ہو گی پوری کرے گا اور عزت سے پیش آئے گا۔

۳۔ اگر کسی شخص پر کوئی رئیس یا حاکم ناراض ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ماہ کامل کے وقت تھوڑا سا سراج القطرب اپنے بازو پر باندھ لے، رئیس یا حاکم کا غصہ دور ہو جائے گا۔ اور وہ مہربان ہو جائے گا۔

نوٹ :۔ سراج القطرب ایک قسم کی روئیدگی ہے جو تر و تازہ حالت میں ہو رات کو اس کے پتے آگ کی طرح چمکتے ہیں۔

(۴) اگر بادشاہ کسی سے خفا ہو جائے تو سامنے جاتے وقت وہ آدمی اپنے ہاتھ میں سنگ خمار لے جائے حاکم مہربان ہو جائے گا۔

۵ :۔ ہدہد کی ہڈی کو گھس کر اپنے چہرہ پر ملیں اور حاکم یا بادشاہ کے سامنے چلے جاویں وہ مہربان ہو جائے گا،

(۶) اگر حاکم کے سامنے جاتے وقت گفتار کا ہاتھ اپنے پاس لے جاویں

تو مہربان ہوگا اور حاجت برلائے گا۔

کالا جادو کی ذریعہ گھر میں یا گروہ میں محبت پیدا کرنا

۱:۔ اگر کسی گھر میں فتنہ و فساد برپا رہتا ہو یا کسی گروہ کے لوگ آپس میں لڑتے ہوں جھگڑتے ہوں تو اس گھر یا گروہ کے افراد کے درمیان اصابع الصفر کا ایک ٹکڑا جلادیں تاکہ اس کی بو ان کے دماغوں میں پہنچ جاوے آئندہ کے لئے وہ ہرگز فساد برپا نہ کریں گے، بلکہ ایک دوسرے سے محبت کریں گے۔

نوٹ:۔ اصابع الصفر ایسے طریقہ سے جلائیں کہ افراد کو علم نہ ہو

۲:۔ اگر آپ چاہیں کہ گھر کے لوگوں میں ہمیشہ صلح و صفائی اور محبت قائم رہے تو اس گھر میں مرزنجوش رکھدیں جب تک رہے گا کبھی اختلاف پیدا نہ ہوگا۔ (۳) جس گھر میں مرو قیس ہوگا اس گھر کے رہنے والے میں الفت رہے گی اور کبھی اختلاف پیدا نہیں ہوگا۔

15-1979

کالا جادو کے ذریعہ تسخیر عالم!

اسوسن کے پتے باریک پیس کر شہد میں ملا کر کانچ کے برتن میں بھر کر منہ بند کر کے جو کہ ڈھیر میں دفن کر دیں اس میں کیڑے پیدا ہونگے جن کا رنگ سفید اور سر سیاہ ہوگا جو کوئی یہ کیڑا اپنے پاس رکھے گا دنیا کی نظر میں محبوب اور وجیہ ہوگا

۲:۔ الف العجل کے پودے کو سوسن کے تیل میں گلا کر اگر کوئی شخص منہ پر ملے تو لوگوں کی نظروں میں قبولیت اور ہیبت پیدا ہوتی ہے

(۳): جو شخص چرز جانور کا ناخن اپنے پاس رکھے گا لوگوں کی نظروں میں محبوب و پیارا ہوگا۔

(۴) جو کوئی ہدہد کے داہنی طرف کے پر اپنے پاس رکھے گا تمام خلائق اسکو دوست رکھے گی اور اس پر کسی قسم کا جادو اثر نہ کرے۔

(۵) جو کوئی ہدہد کے پیروں کو اپنے گھر میں رکھے تو تمام خویش و اقارب اور عزیزوں میں مکرم ہوگا۔

(۶) ہدہد کے سینہ کی ہڈی جو شخص اپنے پاس رکھے خلائق میں عزیز ہو اور ہر کوئی اس کو اپنا دوست رکھے۔

(۷) جو شخص ہدہد کے پاؤں کو اپنے پاس رکھے خلائق اس کو دوست رکھے اور عزت آبرو زیادہ ہو۔

(۸) جب بچے کے دانت اکھڑیں اور گرنے شروع ہوں تو جو دانت سب سے پہلے اکھڑے اس کو لیکر جو آدمی اپنے پاس رکھے گا لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

(۹) بروز اتوار علی الصباح اٹھ کر کچھ کھائے بغیر آک کی جڑ اکھاڑ لائیں اور اس کو جڑ کے تازہ خون اور چولائی کے رس میں خوب کھرل کریں۔ اور پھر صندل کمر کا جل بنا دیں جو شخص یہ کاجل اپنی آنکھ میں لگائے اس کو دیکھنے والے اس سے از حد محبت کریں۔

۱۰:۔ گورو چن، لاجونتی اور ریگ ماہی کا پتہ ملاکر گولی بنالیں جب گھس کر ماتھے پر لگائے تو جو کوئی دیکھے گا مطیع ہوگا۔

۱۱:۔ بروز اتوار جب کرشن پکھ کی ترہ دوش تتھی ہو تو پالچھر کی جڑ لے کر اس کے ہمراہ گورو چن ، الیتی اور پوکھر مول ملاکر گولی بنائے

جب گھس کر ماتھے پر لگائیے جو کوئی دیکھے گا مطیع ہو گا۔

۱۲:۔ کنڈیالی سفید کے پھول پھلی لاجونتی، گورو چن کو خوب باریک پیس کر شہد میں گولی بنا لیجئے اور بوقت ضرورت ایک گولی گھس کر ماتھے پر تلک لگائیے جو دیکھے مطیع و فرمانبردار رہے گا۔

۱۳:۔ رہوکھا، بیج بند، گوکھرو، سفید آک، گورو چن۔ ان تمام اشیا کو اکادشی تتھی میں خوب باریک پیس کر سفوف بنا لیویں، اس سفوف کو لڑکی والی عورت کے دودھ میں حل کر کے ماتھے پر مل کر لگا دیں تو تمام لوگ مہربان ہو جاویں گے۔

۱۴:۔ سیاہ گھوڑے کے ناخن اور اس کی گردن کے بال۔ لے کر ان کو ریوتی نچھتر میں منڈھا کر گلے میں باندھے سے دیگر لوگ مہربان ہو جاویں گے ۱۵:۔ یلی لوٹن جو ایک مشہور خوشبودار گھاس ہے اس کی جڑ بیج اور پتے خشک کر کے تھیلی کتان میں بھر کر ریشم کے ڈورے سے منہ باندھ کر جیب میں رکھے، لوگوں کی نظروں میں عزت ہو جائے گی ہر شخص محبت کرنے لگے گا، اور حاجات بر لائے گا، جب تک یہ جیب میں رہے یہ اثر رہے اور غم و وحشت زائل ہوں۔

۱۶:۔ ہونٹدار مادہ کی زوج کا ٹکڑا کاٹ کر اپنے پاس رکھے خلائق کی نظروں میں مقبول ہو گا۔

۱۷:۔ بشام جس کو بنشام بھی کہتے ہیں کی لکڑی کی چھڑی بنا کر اپنے ہاتھ میں رکھنے سے لوگوں کی نظروں میں مقبولیت ہو جاتی ہے، اور حاجتیں برآتی ہیں۔

۱۸:۔ جگنو جس کو کرم شب تاب بھی کہتے ہیں اور جو رات کو اڑتا ہے تو

آگ کا شعلہ سا نظر آتا ہے ہیکر تیل میں ڈال کر چھوڑیں، بوقت ضرورت اس تیل کو منہ پر مل کر لوگوں میں جاویں سب لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں اور محبت سے پیش آویں اور حاجتیں بر لائیں۔

کالا جادو کے ذریعے درندوں کو مطیع کرنا!

۱ سیاہ بلی کی زبان جوتی کے تلے میں دونوں چمڑوں کے اندر رکھ کر سلوا لو تو وہ جوتی پہن کر جہاں جاؤ گے تمام درندے مطیع ہو جائیں گے اگر شیر پر بھی سواری کرو گے تو وہ بھی تمہیں تکلیف نہ دے گا۔

کوئی کتا نہ بھونکے ۲ اگر جوتی کے تلے میں دونوں چمڑوں کے درمیان کتے کی زبان رکھ کر سلوا لو تو اس جوتی کے پہننے سے کوئی کتا نہ بھونکے گا۔ بلکہ پاس اگر فرمانبرداری کرے گا۔ تو تمام چوپائے اور درندے مطیع ہو جائیں گے

دیگر ۳ بچھوں کی زبان ہاتھ پر رکھو۔ جہاں کہیں جاؤ گے تمہارا ہرگز نہ بھونکے گا

دیگر ۴ اگر کوئی شخص اپنے پاس کوئی شخص بھیڑی کا گوشت خشک کیا ہوا اپنے پاس رکھے گا تو وہ جہاں مرضی چاہے چلا جائے اسکو کتے نہ بھونکے گے۔

دیگر ۵ اگر کوئی شخص اپنے پاس چرخ کا دانت رکھے تو وہ جہاں کہیں جائے کتا نہ بھونکے گا، اور نہ ہی کاٹے گا۔ اگر بر تقدیر کسی نے کاٹ بھی لیا تو زہر کا اثر نہ ہو گا۔

کالا جادو کے ذریعے متفرق عملیات

دو دشمنوں میں دوستی پیدا کرنا ۱ اگر آپ چاہیں کہ دو دشمنوں میں دوستی پیدا ہو جائے تو ان کو ایک دوسرے کے سامنے بٹھلا کر ان کے درمیان حب المحلب رکھ دیں اسی وقت سے دوستی پیدا ہو جائے گی۔

دو شخصوں کو آپس میں عشق ہو جائے ۲ اگر کوئی چاہے کہ فلاں دو شخص میں (خواہ مرد عورت ہوں یا کوئی ہوں) عشق پیدا ہو جائے اور دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوں تو قاطانیقی کا پھل (جو چنے کے برابر سرخ رنگ کا سوراخ دار ہوتا ہے) باریک پیس کر پانی میں ملا دیں۔ ان دونوں کو پلا دیں وہ دونوں ایک دوسرے پر عاشق ہو جائیں گے۔

دو دشمنوں کے درمیان دوستی پیدا کرنا ۳ ہد ہد کے ناخن اور اس کے دو نوں ریشم کے دو دو کپڑے میں باندھ کر دو دشمنوں کے سر کے نیچے رکھنے سے ان میں محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ خاص اس وقت جبکہ قمر سنبلہ میں ہو اور دوستی کی نظر زہرہ سے ساتھ رکھتا ہو۔

لوگ بچہ کو پیار کریں ۴ اگر بچہ بیا جو چڑیا کی مانند جانور ہے کی ہڈی ایسے وقت میں حاصل کیجائے جبکہ چاند کے نور کو ترقی ہو۔ اور بچے کے گلے میں ڈال دی جائے تو تو اسے ہر کوئی پیار کرے۔

اگر ہدہد کی دونوں آنکھوں کو گھس کر آنکھ پر یاں مسخر ہو جائیں گی ہیں جو شخص لگائے تو تمام پریاں مسخر ہو جائیں گی۔

کالا جادو کے عملیات بغض

بغض صرف اشد ضرورت کے وقت کام میں لانا چاہیئے۔ اور دعا پیش نظر نیک ہو ورنہ کسی کو خواہ مخواہ تکلیف یا رنج پہنچانا ایک گناہ ہے کبیرا ہے، جائز ضرورت اس طرح پر ہے کہ فرض کیجئے۔ کہ دو لڑکیوں کو آپس میں بہت زیادہ محبت ہے اور وہ ایک لمحہ بھی ایک دوسرے سے جدا ہونا گوارہ نہیں کر سکتے اور اس طرح ان کی تعلیم و تربیت یا ان کے کام کاج میں ہرج واقع ہو رہا ہو تو ایسی صورت میں ان کے درمیان نفرت یا دشمنی ڈالنا جائز ہے کیونکہ اس کا مقصد ان کی زندگیوں کو سدھارنا ہے یا ایک مرد اور ایک عورت ناجائز تعلقات ہیں۔ ایسی صورت میں ان کی جدائی پیدا کرنا اچھا ہے تاکہ وہ گناہوں سے بچے رہیں اسی طرح باقی عملیات کو سمجھیئے۔

کالا جادو کے ذریعے دو دشمنوں کے درمیان عداوت پیدا کرنا

۱۔ بروز بدھ دن کی تیسری ساعت میں چورستے کی مٹی دو دشمنوں کا نام لے کر اکٹھا لو اور پھر ان کے درمیان ڈال دو ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

۲:۔ مرزنجوش کے پتے وسداب کے پتے اور بیروج الصنم تینوں چھ چھ

رتی دو دوستوں کے نام سے لئے جائیں اور ان کے درمیان سلگائے جائیں یا کسی کھانے میں ملاکر ان کو کھلا دے جائیں تو ان میں سخت عداوت پیدا ہو جاوے گی۔

۴:۔ نیل کائے کا پتہ تین رتی اور اس کا بھیجا ساڑھے چار ماشہ ملاکر دو دوستوں کو اس میں سے تین تین رتی کھلا دو ان میں سخت دشمنی پیدا ہو جائیگی

(۴) جن دو شخصوں میں دشمنی ڈالنا ہو ان کے نام سے کر دو کنکریاں سنگ کلب ان کے پانی پینے کے گھڑے میں ڈال دیں جب وہ دونوں پانی پیئں گے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی، ان کے علاوہ اگر کوئی شخص جس کا نام لیا ہو پانی پیئے گا تو اس پر کوئی اثر نہ ہوگا۔

۵:۔ اگر دو شخصوں جن میں دشمنی ڈالنی ہو کا نام سے کر سات کنکریاں سنگ کلب کی لیکر زمین پر پھینک دیں تو ان میں عداوت ہوگی۔

۶:۔ اگر سقین بحری جانور کا نیش جلا کر اس میں کی راکھ دو آدمیوں پر ڈال دی جائے تو ان میں سخت دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

۷:۔ کماذریوس، کلونجی، اور عنس بلادر ان تینوں کے وزن کے برابر زدفا ملاکر جن دو شخصوں کو کھلائیں کے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

۸:۔ ہدہد کی لوک زیریں لیکر باریک پیسیں اور اس میں کھانڈ ملائیں جن دو دوستوں کو یہ کھلاؤ گے ان میں دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

۹:۔ دو دوستوں کے پاؤں کی مٹی اور ان کی چوٹی کے بال لے کر بکر سینڈ ور ملا کر جہاں وہ ہوں اس مکان میں رکھ دیں ان میں باہمی نفاق پیدا ہو جائے گا اور وہ لڑتے جھگڑتے رہیں گے۔

۱۰:۔ طوطے کا خون اور کبوتر کے بازو کی ہڈی لیکر باہمی ملاکر جہاں

دوست رہتے ہوں وہاں رکھنے سے نااتفاقی پیدا ہو جاتی ہے

کالا جادو کے ذریعے دشمن کی نیند باندھنا

۱۔ چاند کی چودھویں رات اگر کیکڑے کی دونوں آنکھیں لے کر کسی شخص کے باندھ دی جائیں تو جب تک بندھی رہیں گی اسے نیند نہ آئیگی ۲:۔ ابابیل کو ذبح کر کے اس کا گوشت سکھالیں اور اس میں جرجیر کے بیج اور چودھا ماشہ روغن زیتون ملائیں۔ اس مرکب کو سات دن تک ایک گھڑیا میں رکھیں، بعدہٗ نکال کر جس شخص کو کھلا دیں اس کو عمر بھر نیند نہ آئے گی۔

۳:۔ اگر ابابیل کی دونوں آنکھیں نکال کر کسی کپڑے میں باندھ کر کسی پلنگ سے باندھ دی جائیں تو کوئی اس پلنگ پر سوئے گا اسے ہرگز نیند نہ آئے گی۔

۴:۔ اگر کسی کو چمگادڑ کے سر کا رون شراب میں ملا کر پلا دیا جائے تو اسے دو دن اور دو رات نیند نہ آئے گی

۵:۔ اگر دشمن کے بستر کے نیچے مشقیں بحری جو ایک دریائی جانور ہے مثل چمگادڑ لیکن دم میں بیش ہوتا ہے کا نیش رکھ دیا جائے تو سونے والے کو نیند نہ آئے گی۔

۶:۔ ایک الو کو پکڑ کر اس کو ذبح کریں جب اسکو ذبح کیا جاتا ہے، تو اس کی ایک آنکھ کھلی رہتی ہے اور ایک بند ہو جاتی ہے اس کی دونوں آنکھیں نکال کر رکھ دیں۔ اگر کسی کی نیند باندھنی ہو تو اس شخص کے سرہانے الو کی وہ آنکھ جو ذبح کرتے وقت کھلی رہ گئی تھی،

رکھدیں اس کو ہرگز نیند نہ آئے گی، جب اٹھالوگے تو نیند آئے گی،
اسی طرح اگر کسی کو کم نیند آتی ہو اور چاہے کہ اس کی نیند بہت بڑھائے
تو دوسری آنکھ جو ذبح کرتے وقت بند ہو گئی تھی اس کے سرہانے
رکھدے نیند خوب آئے گی۔

نوٹ:۔ اگر کسی وقت پر خیال نہ رہے کہ کونسی آنکھ بند تھی اور
کونسی کھلی تو دونوں آنکھوں کو پانی میں ڈال دیں۔ جو آنکھ کھل جائے وہی
کھلی تصور کریں اور جو بند رہے وہ بند تصور کریں۔

۷:۔ اگر کسی شخص کو ہاتھی کے کان کا میل کھلا دیا جائے تو اس کو
سات روز تک نیند نہ آئے۔

کالا جادو کے ذریعہ دشمن کے گھر تفرقہ ڈالنا

۱:۔ اگر بھیڑیئے کے اگلے دانت بھیڑیئے کی کھال میں لپیٹ کر کسی گھر
میں گاڑ دیں، تو وہاں کے رہنے والوں میں تفرقہ پیدا ہو جائے گا۔

(۲)، اگر کسی گھر میں مستقیں بحری جانور کا نیش دفن کر دیا جائے تو
اس گھر کے رہنے والوں میں تفرقہ پڑ جاتا ہے۔

۳:۔ بروزِ منگل چوہے اور بلی کا خون لے کر اس میں چوراستے کی مٹی ملا
کر جس کے راستے میں پھینک دی جائے، اس گھر کے رہنے والوں میں
ہر روز لڑائی جھگڑا ہوتا رہے

۴:۔ دشمن کے گھر خوک کی چربی لاکر رکھ دو اسی گھر میں روزانہ لڑائی ہوا
کرے گی، اور رہنے والے میں عداوت پیدا ہو جائے گی۔ اور
پھر کبھی نہ جائے گی۔

(۱) کالا جادو کے ذریعہ دشمن کو مغلوب کرنا

۱:۔ بھیڑیئے کی پچلیاں اور اس کی آنکھیں اس کی کھال میں باندھ کر اگر کوئی اپنے پاس رکھ کر دشمن کے سامنے چلا جائے تو دشمن مغلوب ہوگا۔ اور لوگوں کی نظروں میں عزت ہوگی۔

۲:۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن پر غالب آئے تو وہ گھریلو بلی کا دل اپنے پاس رکھے دشمن ہرگز غالب نہ آسکے گا۔

۳:۔ بروز اتوار جبکہ کچھ نچھتر ہو چنبیلی کی جڑ ھ اور رگ لے کر ایک تعویذ میں منڈھوا کر دا ہنے بازو پر باندھ لیں دشمن مغلوب ہوگا۔

۴:۔ کبوتر کی چونچ اور گھوڑے کا ناخن لے کر گلے میں باندھنے سے بھی دشمن مغلوب ہوگا۔

۵:۔ جو شخص جنگلی پیاز اپنے پاس رکھے اس سے اس کے تمام دشمن ڈریں اور مغلوب ہوں۔

۶:۔ شیر کی دونوں آنکھوں کے درمیان کی چربی لے کر جو شخص اپنے منہ پر ملے گی، وہ لوگوں میں مہیب نظر آئے گا، اور لوگ اس سے خوف کھائیں گے۔

۷:۔ جو شخص سنگ کرک کی انگشتری یا چھلہ بنا کر انگلی پر پہنے تو لوگوں پر رعب اور غلبہ حاصل ہوگا۔

کالا جادو کے ذریعہ دشمن کو طرح طرح کی تکلیف پہنچانا!

مسحور زدہ کرنا: اگر کسی آدمی کو چھدرتی بتدر کا خون کھانے میں ملا کر دیا

جائے تو اس کا بدن کانپنے لگے گا اور نیند آنے لگے گی اور سحر زدہ معلوم ہوگا۔

آدمی کو احمق بیوقوف بنا دینا اگر کسی کو الو کا گوشت پکا کر کھلا دیا جائے تو اسے خبط ونسیان پیدا ہو جاتا ہے اور ریاح بہت پیدا ہوتی ہے۔ آدمی کل کاموں میں احمق اور بیوقوف ہو جاتا ہے اور جنون کا عارضہ لاحق ہو جاتا ہے، اکثر بدمعاش عورتیں اپنے شوہروں کو جن پر وہ قابو حاصل کرنا چاہیں الو کا گوشت پکا کر کھلا دیتی ہیں ان کے قوائے مدرکہ میں فتور پیدا ہو جاتا ہے اور وہ اپنی بیویوں کے تابع ہو جاتے ہیں۔

آدمی کو پاگل بنا دینا مستی کے وقت جو جھاگ اونٹ کے منہ سے پیدا ہوتی ہے وہ اگر کسی کو کھلا دی جائے تو اسے جنون کا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔

دشمن کے پھوڑے پھنسی پیدا کرنا اگر بچھو کو مار کر پانی میں ڈال دیا جائے، اور اس کو بدستور رہنے دیا جائے حتیٰ کہ بچھو بالکل گل جائے اب اس پانی کو جو آدمی پیئے گا اس کے بدن پر پھوڑے پھنسیاں نمودار ہوں گے

آدمی کو گونگا بنا دینا اگر کسی شخص کو بندر کا تازہ تازہ گرم خون پلا دیا جائے تو وہ گونگا ہو جائے گا بندر کا پتہ پلانے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے بعض نے لکھا ہے کہ اونٹ کے پتے میں بھی یہی خاصیت ہے۔

میٹھا میٹھا آدمی تڑپنے لگے :۔ اگر کونج کی کھلی کا روان کسی آدمی کے اوپر

ڈالیں تو اسے درد اور خارش ہو جائے گی اور عجیب طرح کی حرکات کریگا اور بے قرار ہو جائے گا، اس کا علاج کرنے کے لئے تیل وغیرہ نہ لگائیں کیونکہ اس سے درد میں شدت ہوگی، بلکہ گائے کا گوبر ملا کر پانی سے دھو ڈالیں۔

آدمی دن رات ڈرنے لگے } ابن رہبر لکھتا ہے کہ ممس (جو ایک حیوان ہے اور مصر میں ہوتا ہے) کا گوہ لیکر پانی میں گھول کر کسی آدمی کو پلا دیں تو رات دن ڈرنے لگے اور یہ دیکھے کہ شیاطین مجھ کو پکڑتے ہیں، اگر چاہے کہ اسے آرام آجائے تو ممس کے بال اور آنکھیں جلا کر نیم گرم پانی میں جلا کر پلائیں۔ آرام ہو جائے گا۔

اندھا کرنا } زیتون کا روغن سنبل رومی کا روغن دونوں آپس میں ملا کر جس کسی کے پپوٹوں پر ملو گے وہ آنکھ نہیں کھول سکے گا، تاوقتیکہ شہد سے پپوٹوں کو نہ دھویا جائے۔

جنگلی مینڈک پانی میں اس قدر پکاؤ کہ اس کا گوشت پانی میں گھل جائے تو پھر یہ پانی جس کے چہرے پر ملو گے اندھا ہو جائے گا جب صحت میں لانا چاہو تو سونف کے پانی سے دھو ڈالو۔

جوئیں پڑ جائیں } عصابہ کا پیٹ چاک کر کے اس میں مسور کا آٹا بھر دو، پھر اسے گلنے سڑنے دو، بعد ازاں خشک کر کے پیس لو یہ سفوف جس کپڑوں پر ڈالو گے اتنی جوئیں پڑ جائیں گی۔ کہ ان کا علاج مشکل ہو جائے گا یہ جوئیں زندگی بھر اس کا پیچھا نہ چھوڑیں گی۔"

دشمن کا گھر ویران کرنا: اگر دشمنی کے گھر ہد ہد کا گوشت جلا دیا جائے۔ تو وہ گھر ویران ہو جائے گا۔

دشمن کو بیمار کرنا: روہنی نچھتر۔ بروز اتوار شمشانوں میں جا کر کسی مردے کی ہڈی اٹھا لاویں جس دشمن کے گھر یہ گاڑی جائے گی وہی بیمار ہو جائے گا۔

دیگر: گیدڑ کی دم و آنکھ اور کوے کی چونچ کو گوگوں میں ملا کر جس دشمن کے گھر یا بستر پر رکھی جائے وہ بیمار ہو جائے۔

دشمن کو بعارضہ سودا مبتلا کرنا: بروز اتوار جبکہ پکھ نچھتر کا دوسرا چرن اختتام پا رہا ہو۔ آک کی جڑ لا کر اس میں طفل دراز رگ بڑو برگ مونی ملا کر گولی باندھیں اس کی دھونی جس کسی کو دیویں بعارضہ سودا مبتلا ہو لیکن جود نجیا چاہیئے۔

دشمن حیران و پریشان ہو: پکھ نچھتر میں اُلو کو ذبح کر کے اس کا خون حاصل کریں اور اس کے بازوؤں کی راکھ بنا کر اس کے خون میں ملا کر گولی بنا دیں۔ جس کے گھر وہ گولی پھینک دی جائے گی وہ حیران و پریشان ہوگا،

دشمن اپنی جورو کو طلاق دے: اگر آپ اپنے دشمن کے خوک کا دودھ لگا دیں تو وہ اپنی عورت کو طلاق دے گا،

کالا جادو ذریعہ حیوانات وحشرات الارض سے محفوظ رہنے کے لئے

درندوں سے محفوظ رہنا:۔ اگر بھیڑیئے کی دائیں آنکھ کوئی

شخص اپنے بازو پر باندھے تو اس پر کوئی حملہ آور درندہ نہ ہو بلکہ اس سے سب ڈریں:۔

دیگر } گیدڑ کا دل اپنے بازو پر باندھ لو تمام درندوں سے امن حاصل ہو جائے گا۔

چیتا نہ آئے } جس مکان یا جگہ میں آدمی کی کھوپڑی ہوگی، وہاں چیتا ہرگز نہ آسکے گا۔

کتا مکان میں نہ آئے } جس مکان میں بچوں کی کھال ہو وہاں کتا ہرگز نہ آئے گا۔

حشرات الارض اور حیوانات سے محفوظ رہنا

اگر کسی جگہ خوف ہو تو اس مکان میں جنگلی پیاز اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے، کوئی چیز اس کے نزدیک نہ آئیگی۔

دیگر } جس گھر میں سیہی جانور کا کانٹا ہوگا اس گھر میں سانپ یا دوسرے شرارت الارض نہیں آئیں گے۔

دیگر:۔
جس گھر میں ریحان کا پودا ہو وہ گھر حشرات الارض سے محفوظ رہے

دیگر } جو شخص ایسی جگہ جائے جہاں حشرات الارض زیادہ ہوں اور وہ جو چاہے کہ وہ پاس نہ آویں تو اپنے پاس اندرائن کا پھل رکھے محفوظ رہے گا۔

دیگر } سنگ خزامی اپنے پاس رکھنے سے حشرات الارض اس کو ایذا نہیں دیتے۔

دیگر } اگر خرگوش کا بھیجا روغن زیتون میں ملا کر جسم پر مل لیا جائے تو حشرات الارض نہیں آئیں گے۔

بچھو نہ کاٹ سکے } پولاموتیو جو ایک قسم کی روئیدگی ہے اپنے جسم کے کسی حصہ پر باندھ لینے سے بچھو ہرگز نہ کاٹے گا اور اگر اس کو بارہ تیرہ جو کے برابر نہار منہ کھا لیا جائے تو تب بھی بچھو نہ کاٹے لیکن جس شخص نے یہ بوٹی کھائی ہو وہ اگر بچھو کو مار ڈالے تو پھر اس دوا کا اثر جاتا رہے گا، پھر نہار منہ بارہ تیرہ جو بھر کھانا سے اثر قائم ہو جائے گا

دیگر۔ اگر کوئی شخص بارہ سنگھے جانور کے جسم کا کوئی حصہ یا جز اپنے پاس رکھے تو اسے سانپ بچھو بھڑ وغیرہ زہریلے جانور ہرگز نہ کاٹیں۔

تمام عمر زہریلے جانوروں سے بچے رہنا } جب بچہ پیدا ہوا اور اسے ابھی دودھ نہ پلایا ہو اس وقت بارہ سنگھے کی آنکھ کے گڑھے کا کالا میل دو رتی دودھ میں گھول کر حلق میں ٹپکائیں تمام عمر زہریلے جانوروں کی سمیت سے محفوظ رہے گا۔

زہریلے جانوروں سے بچے رہنا } جو شخص اپنے پاس پیاز رکھے زہریلے جانور اس کے نزدیک نہ آویں۔

پسوؤں سے محفوظ رہنا } کسی تانبے یا پیتل کی طشت میں پانی بھر کر ایک قطرہ سرسوں کے تیل کا اور ایک قطرہ مٹی کے تیل کا ڈال دیں اور برتن مذکور کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں، تمام پسو اس برتن میں گر کر مرتے جائیں گے اور ان

میں سے ایک بھی آپ پر حملہ آور نہ ہو سکے گا۔

گھر میں مچھر نہ گھسیں } اگر گھوڑے کے بال مکان کے دروازے پر پھیلا دیں تو مچھر اندر داخل نہ ہوں

مچھر نہ آئیں } جس مکان میں شیر کا بال لٹکائیں وہاں مچھر ہرگز نہ آئیں گے۔

پروانہ چراغ کے نزدیک نہ آئے } اگر چراغ میں قدرے پیاز ڈال دیں یا چراغ کے نزدیک رکھ دیں تو پروانے چراغ کے گرد جمع نہ ہوں گے۔

غلہ کیڑے سے بچا رہے } مثلاً گندم جوار میں اگر پہاڑی بکری کا سینگ رکھ دیں، تو غلہ ہر قسم کے کیڑے سے محفوظ رہے گا۔

ٹڈی دل سے محفوظ رہے } اگر بندر کی کھال کی چھلنی سے دانے کو چھان کر بویا جائے تو کھیت ٹڈی دل اور ہر قسم کے کیڑے مکوڑے سے محفوظ رہے۔

مکان میں چوہے داخل نہ ہوں } سیاہ خچر کا سم دروازے کی چوکھٹ کے تلے دفن کر دیں۔ اس مکان میں چوہے ہرگز داخل نہیں گے۔

کالا جادو کے ذریعہ حشرات الارض حیوانات اور درندوں کو بھگانا

اگر کسی جگہ درندوں کا خوف ہو تو۔ وہاں خرگوش کی کھال درندوں کو بھگانا ہے لگا دیں۔ کوئی درندہ نہ رہے گا سب بھاگ جائیں گے

دیگر اصابع الصفر کو اپنے باجے میں رکھ کر بجائیں جہاں تک باجہ کی آواز جائے گی کوئی درندہ نہ رہے گا۔

درندے ڈریں اگر آدمی ریچھ کی داہنی آنکھ اپنے پاس رکھے تو درندے کا خوف نہ رہے اس آدمی سے تمام درندے ڈریں اور بھاگ جائیں۔

ہر قسم کا سانپ بھاگ جائے جس گھر میں شتر مرغ کی چربی ہو گی وہاں سانپ نہ رہے گا بلکہ اگر اس کو اس کی بو آئے گی تو بے ہوش ہو جائے گا۔

دیگر جس جگہ فاختہ بول رہی ہو، وہاں سے سانپ اس کی آواز سنتے ہی بھاگ جائے گا۔

دیگر جس جگہ فاختہ بول رہی ہو وہاں سے سانپ اس کی آواز سنتے ہی بھاگ جائے گا۔

دیگر اگر کسی کمرے میں سانپ ہو وہاں چنے کی جڑ پھینک دیں، سانپ فوراً بھاگ جائے گا۔

دیگر اگر سیم بتہ آگ میں جلا دیں تو اس کے دھوئیں سے سانپ بھاگ جاتا ہے۔

دیگر رائی کو تھوڑے سے پانی میں گھس کر گھر میں چھڑک دیں فوراً سانپ بھاگ جائے گا۔

دیگر رائی اور نوشادر ہم وزن پیس کر گھر میں پھیلا دیں سانپ بھاگ جائے۔

گھر میں بچھو اور سانپ نہ رہے اگر ریٹھو کو پانی میں گھول کر دہ

پانی گھر میں چھڑک دیا جائے، تو سانپ اور بچھو دفع ہو جائیں گے

دیگر — ہد ہد کے پروں کو لے کر جلائیں جہاں تک دھواں پہونچیگا تمام سانپ بچھو بھاگ جائیں گے۔

گھر سے بچھو بھاگ جائے — گھر کے چاروں کونوں میں ایک ایک خندق رکھ دیں بچھو تمام گھر سے بھاگ جائیں گے۔

بچھو مر جائے گا — مولی کا چھلکا یا اس کا عرق بچھو پر ڈال دیں، تو بچھو فوراً مر جائے گا۔

زہریلے جانوروں کو گھر سے بھگانا — بارہ سنگھے جانور کے سینگ کی دھونی گھر میں کرنے سے تمام زہریلے جانور بھاگ جائیں گے۔

مکان سے زہریلے کیڑے بھگانا — برنجاسف کے پتے مکان میں بچھا دیں، زہریلے کیڑے بھاگ جائیں گے اس کو جلانے اور دھونی دینے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

ہوام اور حشرات الارض کو بھگانا — بکری کی مینگنی کی دھونی کرنے سے ہوام حشرات الارض وہوام دور ہوتے ہیں۔

دیگر — پنجکشت کے پتوں کی گھر میں دھونی دینے اور اس کے پتے گھر میں بچھانے سے تمام قسم کے حشرات الارض بھاگ جاتے ہیں

دیگر — اس جنگلی پیاز کو پانی میں ابال کر وہ پانی گھر میں چھڑک دیا جائے تو تمام قسم کے حشرات الارض بھاگ جائیں۔

دیگر } ریچھ کے بالوں کی دھونی دینے سے تمام حشرات الارض بھاگ جاتے ہیں۔

گھر سے چوہے بھگانا } اگر بھیڑیئے کی گوہ کی دھونی گھر میں کریں، تو تمام چوہے وہاں سے بھاگ جائیں۔

دیگر } اگر چوہے کے گوشت کی دھونی گھر میں دیجائے تو تمام چوہے بھاگ جائیں۔

دیگر } ایک چوہے کی دم کاٹ کر مکان میں چھوڑ دیا جائے تو تمام چوہے بھاگ جائیں۔

دیگر } ایک چوہا مکان میں زہر کھا کر مرجائے تو تمام چوہے مکان سے بھاگ جاتے ہیں۔

دیگر } اگر گھوڑے کا سم اس جگہ دفن کریں جہاں چوہے ہوں تو وہ فوراً وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔

دیگر } اگر چوہے کو پکڑ کر نیل میں رنگ کر گھر میں چھوڑ دیں تو تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔

دیگر } چونا آب نارسیدہ آٹے میں ملا کر رکھیں جب چوہا کھا کر پانی پیئے گا فوراً مر جائے گا۔

دیگر } گھوڑے کی دم کے بال کتر کر آٹے میں ملا کر گولیاں بنا کر چوہوں کو کھلا دیں، فوراً مر جائیں۔

دیگر } سنکھیا یا ہرتال یا کچلہ آٹے میں ملا کر کھلانے سے چوہے فوراً مرجاتے ہیں:۔

دیگر } اونٹ کے سیدھے ہاتھ کا ناخن گھر میں جلائیں تمام چوہے گھر سے

بھاگ جائیں گے۔

نوٹ:۔ سیدھے ہاتھ سے مراد اونٹ کا دایاں اگلا پاؤں ہے

دیمک فوراً مرجائے } کینر کا جوشیں کیا ہوا پانی گھر میں چھڑکنے سے دیمک فوراً مر جاتی ہے۔

دیگر } درخت چنار کے پتوں کو خشک کر کے جس جگہ دیمک ہو وہاں جلائے جائیں دیمک دفع ہو گی۔

دیگر } جس گھر میں ہدہد ہو وہاں دیمک ہرگز نہ ہو گی۔

دیگر } ہدہد کو جلا کر اس کی راکھ جس جگہ ڈالی جائے وہاں دیمک پیدا نہو

چیونٹیاں دفع ہو جائیں } جس گھر میں چیونٹیاں زیادہ ہوں تو تھوڑی سی چیونٹیوں کو جمع کر کے جلا کر اس جگہ ڈال دیں جہاں چیونٹیاں بہت ہوں تو پھر وہاں سے چیونٹیاں بھاگ جائیں گی

دیگر } بچ یا ہلدی یا ہینگ پانی میں پیس کر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیں فوراً بھاگ جائیں گی۔

دیگر } اگر چیونٹی کے سوراخ کو گائے کے گوبر سے بند کر دیا جائے۔ تو تو چیونٹیاں بھاگ جائیں گی۔

دیگر } اندرائن کی جڑ اور گندھک کی دھونی دینے سے چیونٹیاں فوراً بھاگ جائیں۔

دیگر } تارکول ہینگ اور بیل کے پتے کا دھواں کرنے سے چیونٹیاں بھاگ جائیں گی۔

دیگر } سفوف گندھک ایک پاؤ، پوٹاس آدھا پاؤ، دونوں کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پگھلائیں اور ساتھ ان کو ہلاتے رہیں اس کے بعد پھر اتنی آگ دو کہ پانی خشک ہو جائے گا، اور رکھ کر چھوڑیں بوقت ضرورت اس کو پانی میں گھول کر چیونٹیوں کے سوراخوں اور گذرگاہوں پر چھڑک دو وہ وہاں سے بھگ جائیں۔

مکھیوں کو بھگانا } اگر بھیڑیئے کا بیت تانبے کا بنا کر اس میں سوائے ذکر کے کوئی حصّہ جسم بھیڑیئے کا رکھ دیں، اور اس کو زمین میں دفن کر دیں تو وہاں سے تمام مکھیاں بھاگ جائیں۔

دیگر } ہڑتال یا گندھک کی دھونی کرنے سے تمام مکھیاں بھاگ جائیں گی

شہد کی مکھیوں کو بھگانا } اگر تلسی کے چند پتے منہ میں چبا کر مکھیوں کے چھتے پر تھوک دیں تو تمام مکھیاں چھتا چھوڑ کر چلی جائے گی۔

پسوؤں کو دور کرنا } اگر ٹیسو کے تین بڑے بڑے گچھے لا کر کمرے میں رکھ دیئے جائیں تو اس کمرے کے تمام پسو ان، پھولوں میں آجائیں، ایک دن کے بعد ان پھولوں کو جلا دیا جائے تو پسوؤں سے چھٹکارا ہو۔

دافع پسو } اندرائن پانی میں ملا کر پیس کر تمام گھر میں چھڑکیں، فوراً تمام پسو بھاگ جائیں گے،

خارپشت کی چربی لکڑی پر مل کر رکھ دیں تمام پسو اس پر جمع ہو جائیں اور مر جائیں۔

دافع مچھر } جب صنوبر کے دھوئیں سے مچھر بھاگ جاتے ہیں
دیگر:۔ تلسی کا پودا گھر میں رکھنے سے دشمن بھاگ جاتے ہیں۔

ٹڈی دل کو بھگا دینا } وہ ٹڈی جو کھیتوں کے کھیت چٹ کر جاتی ہے اس کو دفع کرنا ہو تو انگی شکل کے تین بت تانبے کے بنا کر ان میں ایک ایک ٹڈی بند کر کے چراغ سے باندھ کر زمین میں گاڑ دیں تمام ٹڈیاں وہاں سے فوراً بھاگ جائیں گی۔

گبروے مکان سے بھاگ جائیں } اگر مکان میں گبروے زیادہ ہوں تو گیندر کی دھونی کریں بھاگ جائیں گے۔

جوئیں دور کرنا } جو شخص جنگلی پیاز کے تخم اپنے پاس رکھے اس کی جوئیں دفع ہو جائیں گی۔

مکان سے چھپکلی بھاگ جائے } جس مکان میں زعفران ہو گی اس مکان میں چھپکلی نہ رہے گی۔

دافع بھڑ } گندھک اور لہسن کے دھوئیں سے فوراً بھاگ جاتی ہیں۔

کالا جادو کے ذریعہ امراض سر و متصلہ اعضاء کا علاج

دافع مرگی } اگر مرگی کا مریض اپنے پاس سنگ جراحی رکھے تو مرض سے نجات پائے
دیگر:۔ نو ماشہ چاندی اور سونا ملا کر تعویذ بنائیں اور اس کے اندر عود صلیب

چار دانے رکھ رکھکر بند کر دیں اور مصروع کے گلے میں ڈال دیں آرام ہو جائیگا،

دیگر } اگر کسی عورت کے حیض کا خون اسے مرگی کے شخص کے منہ پر ڈال دیا جائے جس کو مرگی آتی ہو تو اس شخص کو آرام ہو جائے لیکن عورت بیمار ہو جائے۔

دیگر } جب ابابیل ایک ہی سال میں دوسری دفعہ بچے دے تو پہلے بچے کو چاندی کی چودھویں تاریخ میں لے اور اس کا پیٹ چاک کرے اس میں دو کنکریاں ملیں گی۔ ایک یکرنگ اور دوسری کئی رنگوں کی دونوں کو سنبھال کر رکھیں اور زمین پر نہ لگنے دیں ورنہ اثر زائل ہو جائے پہلی یکرنگی کنکری کو گوسالے کے چمڑے میں لپیٹ کر جس کو مرگی آتی ہو اس کے بازو پر باندھ دیں۔ جب تک بندھی رہے دورہ نہ پڑے دوسری پتھری جو کئی رنگوں کی ہے۔ اس کو گلے میں لٹکانے سے یرقان دور زائل ہو جاتا ہے۔

دیگر } سیاہ کتے کے بال مریض کے باندھ دیں مرگی کا مرض فوراً دفع ہو گا

دیگر } گورخر کے دم کا چھلا بنا کر بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پہننا مرگی کے لئے مجرب ہے۔

دافع عشق } تاطاتھی کا پھل جو چنے کے برابر سرخ رنگ کا سوراخ دار ہوتا ہے اگر اسے کسی عاشق کے باندھ دیا جائے تو اس کا عشق دفع ہو جائے گا۔

دیگر } اگر کوئی شخص کسی کے عشق میں مبتلا ہو اور وہ چاہے کہ اس مرض سے نجات پائے تو اسے چاہیئے اودھ بلاؤ کا دل نکال کر ہرن کی

کھال میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھے عشق جاتا رہے

دافع دیوانگی سر ہدہد کو مشک زعفران میں ملا کر دیوانے کو کھلائیں اس کی دیوانگی جاتی رہے گی۔

دیگر ابن زہیر لکھتا ہے کہ اگر آدمی ہدہد کی آنکھ اپنے پاس رکھے تو جنون سے مامون رہے۔

دفع مرض نسیان جس شخص کو نسیان کا مرض ہو وہ اپنے پاس رکھے آنکھ ہدہد کی مرض دفع ہوگی۔

دفع درد آدھا سیسی اور کی ہڈی کی دھونی دینے سے آدھا سیسی جاتا رہے۔

بینائی تیز ہو مالکنگنی کا تیل ہاتھ پیر ملنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے بے حد مجرب ہے۔

دیگر خواہ آدمی کی عمر ایک سو سال سے زائد کیوں نہ ہو اگر وہ اپنی آنکھ میں سیاہ بلی کا پتہ اور چکور کا پتہ ملا کر لگائے تو وہ باریک سے باریک چیز کو دیکھ سکے گا اور گہرے پانی میں بھی ہر چیز کو دیکھے جب آنکھوں کو دھو ڈالے تو اثر جاتا رہے گا۔

دیگر اگر کسی کو کم نظر آتا ہو تو وہ چربی ہدہد کی آنکھوں میں لگایا کرے اس کی نظر درست ہو جائے گی۔

دیگر جب کسی کے لڑکا پیدا ہو تو وہ پیدا ہونے کے بعد جب سب سے پہلے پیشاب کرے، اگر یہ پیشاب کوئی شخص آنکھوں میں لگائے تو تمام عمر بہت تیز بینائی رہے گی اور روشنی کم نہ ہوگی رات دن یکساں رہے :۔ اگر چرخ کی آنکھ اپنی آنکھوں پر ملیں تو

روشنی آنکھوں میں برابر رہے گی۔

اندھیری میں دیکھنا: الّو کی چربی آنکھ میں لگا کر کسی تاریک مکان میں جائیں تو سب کچھ نظر آئے گا۔

آنکھیں نہ دکھیں: اگر سال میں متعدد بار گولر کا پختہ پھل کھائیں تو آنکھیں نہ دکھیں

دافع شبکوری یا رتوندہ: گنجشک ترکی بیٹ اور مرغ کا زہرہ رگڑ کر بطور سرمہ آنکھ میں لگانے سے شبکوری دور ہو۔

کان کا درد دور کرنا: ایک چڑیا کو پکڑ کر اس کی مقعد کے آس پاس سے پر اکھاڑ کر کان کے سوراخ پر رکھ دیں، کان کا درد فوراً دور ہو گا۔

نکسیر دور ہو: اونٹ کے بال جلا کر وہ راکھ ناک میں ڈالیں فوراً نکسیر بند ہو جائے گی۔

دیگر: جو شخص اپنے پاس چرز جانور کے پوٹے کی پتھری (رکھے) اس کی نکسیر فوراً بند ہو ہو جاوے۔

دیگر: نکسیر کے خون میں قدرے نوشادر ملا کر اس سے ایک کاغذ پر اس شخص کا نام لکھ کر اس شخص کو دیکھنے کا حکم دیں تو اس کی نکسیر بند ہو جائے گی۔

دیگر: برف پیشانی پر رکھنے سے نکسیر فوراً بند ہو جاتی ہے۔

داڑھ کا درد دور ہو: لہسن کو کوٹ کر انگلی اور انگوٹھے کے درمیان

مخالف طرف باندھنے سے داڑھ کا درد موقوف ہوگا۔

لقوہ دور کرنا آئینہ کے برابر کا سنی کا تختہ بنا کر اندھیرے مکان میں لٹکا دیں اور لقوہ کے مریض کو ہدایت کریں کہ اس کی طرف دیکھا کرے چند یوم میں آرام ہوگا۔

کالا جادو کے ذریعہ دفعیہ امراض متعلقہ پیٹ

دفع عارضہ قولنج جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہو تو اس کی آنول یعنی ناف رکھ چھوڑے جب کوئی با عارضہ قولنج بیمار ہو تو اس کی کمر میں انول نال باندھ دیں فوراً آرام ہوگا،

دیگر بھیڑیئے کی ہڈی ناف پر باندھنے سے درد قولنج فوراً دور ہو جاتا ہے۔

دیگر عورت کو جو پہلے حیض آئے وہ اپنا حیض ایک کپڑے میں جمع کرتی رہے اور پھر اس کپڑے کو حفاظت سے رکھے جب کسی کے درد قولنج یا نقرس کو وہ یہ کپڑا کمرے میں باندھ لے تو اسی وقت آرام ہوگا، اور درد رفع ہوگا۔

دیگر گینڈے کے سینگ کا چھلہ بنا کر انگلی میں پہن لیں تو قولنج کا درد دور ہو۔

ہچکی دور کرنا جب کسی کو ہچکی آتی ہو اس کے لئے ریٹھا کو باندھنا نہایت مجرب علاج ہے باندھتے ہی ہچکی فوراً بند ہو جاتی ہے۔

کالا جادو کے ذریعے دفعیہ ہر قسم!

بخار دور ہو — گوکھی کی جڑیں گلے میں باندھنے سے بخار دور ہو جاتا ہے۔

دیگر — مرنکنڈی کی جڑ کمر میں باندھنے سے بہت قسم کے بخار دور ہو جاتے ہیں۔

دیگر — مریض بخار کو درخت نیم کے نیچے سلا دیں آرام ہو۔

دیگر — سہدیوی کی جڑ پیشانی پر باندھنے سے ہر قسم کا بخار فوراً رک جاتا ہے۔

تپ لرزہ دور کرنا — برنجاسف کو روغن زیتون میں ملا کر مریض کے بدن پر ملیں تپ و لرزہ دور ہو جائے گا۔

دیگر — اگر تپ لرزہ کا دور شروع ہونے کے وقت ہلہل کا پتہ پیس کر دائیں ہاتھ پر باہر کی جانب کلائی کی گرہ کے پاس رکھ کر اور اس کے ایک ٹھیکری دھر کر کپڑے سے مضبوط باندھ دیں۔ تو اس مقام پر آبلہ پیدا ہو گا، اور دوسرے دن دورہ نہیں پڑے گا

دیگر — سانپ کی ہڈی جلا کر اس کی دھونی تپ لرزہ کے مریض کو دیں آرام ہو گا

چوتھیا بخار دور ہو — اگر دلق جانور کی دائیں آنکھ کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے باندھ دی جائے تو چوتھیا بخار دور ہو لیکن اگر اس کی بائیں آنکھ باندھ دی جائے

تو پھر چوتھیا شروع ہو جاوے ۔

دیگر ۔ اود (جو ایک دم دار دریائی جانور ہے) کے پیشاب میں مٹی بھگو کر چوتھیا مریض کے گلے میں باندھ دیں دورہ بند ہو جائے ۔

دیگر ۔ مریض کے گلے میں بکری کی داڑھی باندھ دیں اور دھونی دیں بخار جاتا رہے اور دردِ سر کو بھی فائدہ ہو ۔

دیگر ۔ بروز اتوار کسی کنوئیں پر جاکر دونوں ٹانگیں کنوئیں میں نیچے کر کے بیٹھ جاوے، دس منٹ بیٹھے رہے چند بار کے عمل سے تپ دور ہو گا،

دیگر ۔ اونٹ کے بدن میں جو کیڑا پڑ جاتا ہے اس کو بازو میں باندھنے سے یا گردن میں لٹکانے سے چوتھیا بخار دور ہو ۔

رات کو چڑھنے والے بخار دور ہوں ۔ ملوک کی جڑ کو کان میں باندھنے سے رات کو چڑھنے والے بخار دور ہوں

کالا جادو کے ذریعہ دفعیہ امراض مخصوصہ و لواسیر

احتلام نہ ہو ۔ اتوار کے دن سایہ ڈھلنے سے پہلے سفید آک کو اکھاڑ کر بازو پر باندھ لیں یا ہتھیلی میں بھر کر اپنے پاس رکھے پھر احتلام نہ ہو گا ۔

دیگر ۔ اگر بستر کے نیچے خرفہ جسکو قلفہ بھی کہتے ہیں کے پتے بچھا لئے جائیں، تو سوتے وقت احتلام نہ ہو اور نہ ہی پریشان کن خواب نظر آئیں ۔

دیگر ۔ اگر سوتے وقت پنجنگشت کے پتے سرہانے رکھ لیں تو ہرگز احتلام نہ ہو گا

دیگر جو شخص اپنے پاس چرز جانور کی ٹھری رکھیگا اسے کبھی احتلام نہ ہوگا۔

شہوت پیدا ہو اگر بارہ سنگھے جانور کی دم جلاکر تیلی میں ملاکر ذکر پر طلا کریں تو فوراً شہوت پیدا ہو۔

دیگر تنفقوذ جانور کا گوشت پکا کر جو شخص اس کا شوربہ پی لے اس کی قوت باہ بہت بڑھ جائے اور شہوت کا غلبہ ہو لیکن ملک مصر میں ایسا نہیں ہو سکتا سوائے مصر کے باقی سب جگہ ہو سکتا ہے

دیگر ابن زہیر لکھتا ہے سربیل یعنی سانڈ گائے کو گابھن یعنی حاملہ کرے تو اس کے بعد جب پیشاب کی مٹی اٹھا کر رکھ لے ذرا سی یہ مٹی قضیب کی سپاری پر لگانے سے بہت زیادہ شہوت پیدا ہو۔

دیگر مرغ کے خصیے کاغذ میں رکھ کر اپنے الٹے بازو پر باندھے تو اس کو بڑی شہوت پیدا ہو۔

دیگر شنگرف کمر میں باندھنے سے بہت زیادہ شہوت آتی ہے بجید مجرب عمل ہے۔

قوت مردانگی زیادہ ہو پکھ بچھڑ میں ہرن کی داہنی آنکھ لے کر پارہ میں غوطہ زن کر کے انگشتری میں بندھوا کر اپنے پاس رکھیں قوت مردانگی زیادہ ہو۔

دفع کمزوری و بیماری ہدہد کی گردن کو بریاں کر کے اگر کمزور کھائے تو طاقتور ہو جائے اگر بیمار کھائے تو بیماری سے صحت پائے۔

بواسیر نہ ہو اگر کوئی شخص ہمیشہ شیر کی کھال پر بیٹھا کرے تو خونی

یادی ہر قسم کی بواسیر سے محفوظ رہے

دیگر: دلق جانور کے چمڑے پر بیٹھنے مرض بواسیر کا رفع ہو جاتا ہے مجرب عمل ہے۔

دیگر: گینڈے کے سینگ کا چھلہ بواسیر کا مریض پہن لے تو آرام ہوگا۔

دیگر: کرسی یا گدی جس پر بیٹھنے کی عادت ہے اس پر تیندوے کا چمڑہ لگائیں اور اس پر بیٹھا کریں بواسیر دور ہوگی۔

کالا جادو کے ذریعے دفعیہ امراض متفرقہ

جاڑوں میں سردی معلوم نہ ہو: اگر چربی شیر بدن پر ملیں، تو جاڑوں میں سردی نہ معلوم ہوگی

وبائی امراض سے محفوظ رہنا: سینگ گو گھر میں رکھنے سے گھر کے لوگ وبائی امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔

زہر خوردہ کا علاج: ایک ہدہد کو ذبح کر کے اور آلائش سے پاک کر کے اسکو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر رکھ چھوڑیں جس کسی نے زہر کھا لیا ہو اسکو بیفوف کھلائیں بفضل خدا صحت ہوگی

دیگر: طاعون اور دیگر وبائی امراض کے لئے حفظ ما تقدم پتہ میں سوراخ نکال کر ڈورہ باندھ کر گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں تمام قسم کی وبائی امراض سے محفوظ رہو گے۔

دیگر: مینڈک کی چربی باندھنے پھوڑا طاعون دور ہو جاتا ہے

دیگر: گھر میں کبوتر رکھنے سے طاعون کا مرض دفع ہو۔

نقرس دور ہو } دریائی کتے کی کھال کی جوتی بنا کر پہنیں نقرس کی بیماری دور ہو۔

مار گزیدہ کیلئے } جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو وہاں مینڈک کی چربی لگا دیں آرام ہو گا

کتّے کاٹے کا علاج } اگر کسی کو کتے نے کاٹا ہو تو کسی کتے کے بال کاٹ کر جلا دیں، اور وہ راکھ لے کر زخم میں بھر دیں، زخم اچھا ہو جائے گا اور کتے کا زہر کچھ اثر نہ کرے گا۔

حشرات الارض کے کاٹے کا علاج } اگر کوئی کیڑا مکوڑا کاٹ کھائے تو سرخ گیہوں کا آٹا سرکہ یا شراب میں ملا کر لگائیں آرام ہو گا

پھوڑے پھنسیاں نہ نکلیں } ابن ہیثم نے لکھا ہے کہ اگر کوئی زچی مازو کو اپنے زانوں پہ باندھے تو پھوڑے پھنسیاں نہ نکلیں۔

چیچک کا مرض دور ہو } جس گھر میں چیچک کا مرض ہو اس گھر میں کبوتر رکھیں چیچک دفع ہو

دافع فیل } اگر کوئی شخص خرگوش کا گوشت اپنے پاؤں پر باندھیں تو فیل کا عارضہ دور ہو گا۔

دیگر } ایک مرغ الو اریا منگل کو جلا کر کے اس کی آنکھیں اپاوں پر باندھیں تو ورم اچھا ہو جائے گا۔

کالا جادو کے ذریعہ مساک پیدا کرنا } جب کتا کتیا سے جفتی کرتا ہو اور لینڈی جڑ

جائے تو اسی حالت میں کتے کی دم کاٹ لیں اور زمین میں گاڑ دیں چالیس دن تک رہنے دیں تاکہ صرف ہڈیاں باقی رہ جائیں اور گوشت چھوٹ جائے ان ہڈیوں کو ڈورے سے باندھ کر محفوظ رکھیں جماع کے وقت ان کو کمر سے باندھ لیں اس سے امساک بیحد پیدا ہوتا ہے

(۲) اگر سہجنہ کی نرم پھلیاں سایہ میں خشک کر کے عورت کے دودھ میں گھس کر پاؤں کے تلوؤں سے میں لگا کر جمع کرے تو امساک بہت پیدا ہو۔

(۳):۔ تلخ کدو جس کو پنجابی میں تونبا کہتے ہیں اور جس کی بنیڈ بجاتے ہیں، اس کی جڑ سورج گرہن کے وقت اکھاڑ کر سنبھال کر رکھیں جب ضرورت ہو کمر سے باندھ لیں، اور جماع میں مشغول ہو جائیں، جب تک بندھی رہے امساک قائم رہے اور انزال نہ ہو۔

(۴) اگر کریح کی جڑ آدمی اپنے دانتوں کے تلے دبا کر جمع تو انزال نہ ہوگا

(۵) ایک سنیاسی جہاتما فرماتے ہیں کہ اتوار کے دن سرخ پھولوں والے کلہنر کے پتے پھول اور ڈالیاں بیکر پیس کر پانی میں ملا کر اور دو موٹے کپڑے اس سے تین بار تر خشک کریں اور بتی بنا کر مٹی کے نئے چراغ میں جلائیں، اس روشنی میں جمع کرنے سے انزال نہ ہوگا، جب روشنی گل کردو گے تو انزال ہوگا۔

(۶) مگرمچھ کے دانت سیدھے ہاتھ کے ڈنڈ پر باندھ کر عورت کے ساتھ صحبت کریں تو باہ کو از حد قوت ہو اور امساک خوب ہو

۷:۔ اونٹ کے بال کمر میں باندھ کر جماع کرنے سے خوب امساک ہو

۸:۔ اونٹ کی دونوں آنکھیں بازو پر باندھ کر جماع کرنے سے انزال نہ ہوگا

جب کھول دے گا، تو پھر انزال ہو گا۔

کالا جادو کے ذریعے جماع میں تھکاوٹ نہ ہو

(۱) اگر تو چاہے کہ جتنا مرضی چاہے جماع کروں لیکن تھکان نہ ہو تو وہ اپنے ذکر پر بھیڑیئے کا پتہ لگائے ایسا ہی ہو گا۔

۲:۔ ابن زہیر لکھتا ہے کہ چڑیا کو ذبح کر کے اس کے خون میں مسور کے آٹے کو گوندھ کر گولیاں بنالیں۔ اور بوقت ضرورت ساڑھے تین ماشہ کی مقدار میں لیکر روغن زیتون میں گھول کر سر ذکر پر اس کا لیپ کریں، اور بغیر زمین پر چلیے جتنا مرضی چاہے جماع کریں ہرگز تھکان نہ ہو۔

۳:۔ ایک چڑیا کو پکڑ کر اس کے تمام پر و بال اکھڑ زندہ کو بھڑوں کے پاس رکھیں تاکہ اس کے بدن پر بھڑیں خوب ڈنک ماریں پھر اس کو ذبح کر کے گائے کے گھی میں اتنا تلیں کہ خوب گل جائے پھر اس گھی کو خوب صاف کر کے رکھیں اور مباشرت کے وقت عضو تناسل کو اگر چکنا کر لیا کریں، تو کبھی سستی نہ آئے، اگر پاؤں کے تلوے بھی چکنے کرئے جائیں۔ تو زیادہ فائدہ دے، بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ بجائے بھڑوں کے چھتے کے پاس شہد کی مکھیوں کے پاس اتنا عرصہ رکھا جائے کہ چڑیا ڈنک سے مرجائے ۴:۔ اگر مرد ریچھ کا پاؤں اپنی ران سے باندھ کر عورت سے جمع کرے تو خواہ کتنی ہی صحبت کرے کمزوری نہ ہو۔

۵:۔ ابن زہیر لکھتا ہے کہ سیہی جانور کی چربی روغن زنبق میں ملا کر آدمی اپنے تلوں میں لگا کر بغیر زمین پر رکھنے کے جتنا مرضی چاہے جمع کر کمزوری نہ ہو

۶:۔ جو کوئی زبان ہدہد کو اپنے پاس رکھے اور عورت سے جمع کرے ہرگز

تھکاوٹ نہ ہو۔

کالا جادو کے ذریعہ امراض و عوارض اطفال کا علاج

ام الصبیان دور کرنا — سراج القطرب کی کلی کتاب کے کپڑے میں لپیٹ کر اوپر برسات رنگ کا سوت لپیٹیں اور اس سے بچے کے جو ام الصبیان کا مریض ہو باندھ دیں آرام ہو جائے گا۔

دیگر — اگر کسی بچہ کو مرگی آتی ہو یا زیادہ روتا ہو تو اس کے گلے میں عود صلیب ڈال دیں آرام ہو جائے گا۔

بچے کے منہ سے رال بہنا بند ہو جائے — جب بچہ سو گیا ہو اس کے سرہانے کے تلے یا بچھونے کے تلے شہاج جو ایک قسم کی جڑی ہوتی ہے رکھدیں تو اس کے منہ سے رال جاتی بند ہو جاتی ہے رکھدیں۔

بچوں کے دانت پیسنے رفع ہوں — کبوتر کا پر بچے کے گلے میں باندھ دیں وہ آئندہ دانت نہ پیسے گا۔

بچے کی کھانسی دور ہو — اگر کوے کی بیٹ کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے باندھ دی جائے تو کھانسی دور ہو۔

بچوں کا رعشہ اور نیند میں چونکنا دور ہو — بچوں کے گلے میں بلور لٹکائیں تو ان کا رعشہ دور ہو۔

بچہ جلدی بولنے لگے — اگر بچہ کو کبوتر کا انڈا کھلا دیا جائے تو وہ جلدی باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔

دیگر } جب بچے کے گلے میں کتے کا نیش لٹکا دیا جائے تو وہ جلدی باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔

دیگر } زبان ہد ہد کو لادے اور سایہ میں خشک کر کے لڑکے کے گلے میں باندھ دیں جو کچھ سنے گا یاد رکھے گا اور وضاحت و بلاغت میں بے نظیر ہوگا۔ مجرب ہے۔

بچہ جلدی چلنا سیکھ لے } اگر بیر کی گٹھلی کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ پانی گاڑھا ہو جائے اس کو بچوں کے پاؤں پر ملیں تو بچہ جلدی چلنا سیکھ جاتا ہے

اگر بچہ کے پاؤں پر چربی شتر مرغ کی مالش کیا کریں تو جلدی چلنے لگ پڑے گا۔

دانت بلا تکلیف نکالنا } اگر مکو کے پتوں کے رس میں گھی یا تیل ملا کر دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں تو دانت آسانی سے نکل آئیں۔

دیگر } چھچھوندر کا اوپر کا ہونٹ اگر بچے کے باندھ دیا جائے تو بچہ جلدی اور آسانی سے دانت نکال لیتا ہے

دیگر } اگر بچے کے گلے میں سنبھالو کی جڑ یا اس کے بیج باندھ دیں تو وہ آسانی سے دانت نکالے۔

دیگر } اگر بچے کے گھوڑے کے دانت باندھ دیا جائے تو وہ آسانی سے دانت نکال لے۔

دیگر } بچے کو کچے گوشت کا ٹکڑا دے دیں تاکہ وہ اپنے دانتوں میں چباتے تو وہ آسانی سے دانت نکال لیگا۔

دیگر بچے کے مسوڑھوں پر چربی بینولا ملیں وہ بچہ نہایت آسانی سے دانت نکال لے گا۔

دیگر جست اور تانبے کی تار کو رسی کی طرح بٹ لیں اور مخمل کے کپڑے میں سی رکھیں اور بچے کے گلے میں دیں بچہ دانت نکالنے میں محسوس نہ کرے گا۔

دیگر تخم سرس ایک کپڑے میں سلا کر بچے کے گلے میں ڈالدیں بچہ دانت آسانی سے نکال لے گا۔

بچہ کا ڈر جاتا رہے اگر بھیڑیئے کی آنکھ یا دانت یا کھال کا ٹکڑا بچے کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ نیند میں ہرگز نہ ڈرے گا۔

دیگر اگر بچے کے گلے میں روپ مکھی جو ایک قسم کا پتھر ہے لٹکا دیں تو وہ پھر نہ ڈرے۔

دیگر اگر بچے کے گلے میں ریچھ کی دائیں آنکھ بچے کے باندھ دیں تو بچہ پھر نیند میں نہ ڈرے گا۔

دیگر اگر بچے کے گلے میں سون مکھی لٹکا دیں تو اس عمل سے وہ بچہ نیند میں نہ ڈرے۔

دیگر اگر سوینی جانور کا دانت بچے کے گلے میں لٹکا دیں تو وہ ڈرنے سے محفوظ رہے۔

دیگر اگر بچے کے گلے میں فاختہ پرندہ کی بیٹ باندھ دیجائے تو وہ سوتے وقت ہرگز نہ ڈرے۔

دیگر اگر گدھے کا تھوڑا سا چمڑا لیکر کسی لڑکے کی گردن میں

باندھ دیں تو وہ نہ ڈرے گا۔

دیگر: بچے کو منگے کو حل کر کے پلائیں اور اس کو بچوں کے گلے میں بھی لٹکائیں نیند میں چونکے اور ڈر کر رونے کو مفید ہے۔

شیر خوار بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے: شیر کا ناخن چاندی میں منڈھ کر بچے کے گلے میں باندھ دیں وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

دیگر: مرغ کی ہڈی بچے کے گلے میں باندھنے سے بھی وہ بچہ ہر آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

دیگر: برگ نیم، برگ لیکائن، برگ سرس کو پانی میں ابال کر اس پانی سے بروز اتوار جو پکھ چھتر کا ہو نہلائیں اور پھر ہر ماہ بروز اتوار ایک سال تک نہلاتے رہیں بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

دیگر: ہرڑ ریونت اور ریلہ ند کا استعمال بچہ کو ہر آفت سے محفوظ رکھتا ہے۔

کالا جادو کے ذریعے عورت کو باندھنا

اگر نگلے کے خون میں سرنہ کر تر کر کے عورت سے جمع کیا جائے تو دوسرا آدمی اس پر قادر نہیں ہوتا اس کے گوہ کی بھی یہی خاصیت ہے

دیگر: اگر بھیڑیئے کا پتہ مرد اپنے ذکر پر لگا کر کسی عورت سے جماع کرے تو پھر اس عورت پر کوئی دوسرا مرد قادر نہ ہو۔

دیگر: عورت کے بال جو کنگھی کرنے میں ٹوٹ پڑتے ہیں جلا کر شہد میں ملا کر سرذکر پر ملا کریں۔ اور اسی عورت سے جمع کریں تو اس عورت پر کوئی قادر نہیں ہو سکتا۔

دیگر گھوہو نڈ را تر کے خصئیے خشک کر کے پیس کر تل کے تیل میں ملا کر ذکر پر طلاع کریں جب عورت سے جماع کریں اسپر دوسرا آدمی قادر نہ ہو سکے۔

دیگر اگر بھیڑیئے کا پتہ شہد میں ملا کر اور اپنے ذکر پر لگا کر عورت سے جمع کریں تو پھر دوسرا مرد اس پر قادر نہ ہو سکے گا۔

دیگر اگر مرد اپنے ذکر پر کالی مرغ کا پتہ مل کر عورت سے جمع کرے تو پھر دوسرا مرد اس پر قادر نہ ہو سکے۔

دیگر اگر مرد چاہے کہ عورت کسی غیر مرد کے پاس نہ جاوے تو بیج گکرونڈ دانہ شفام یعنی کنگھی ان دونوں کو برابر لے کر پانی میں پیسکر ہرگز فعل بد نہ کرے گی اگر اس کو کھولنا چاہے تو بیج گکرونده ایک تولہ کوٹ کر کھلاوے وہ عورت پھر دوسرے مرد کے کام کی ہوگی

دیگر خرگوش کے پتے کے عرق میں چنبیلی کا تیل ملا کر اوپر قضیب پے لگا دے اور کسی عورت سے جماع کرے تو اس عورت پر دوسرے مرد سے کچھ نہ ہو سکے گا۔

کالا جادو کے ذریعے عورت کا بھید معلوم کرنا اور اسکا ذنی راز جاننا

الّو کا دل اگر سوئے ہوئی عورت کے لیے یعنی بائیں ہاتھ پر رکھدیں، تو وہ اپنے اچھے اور برے سب کام کیئے ہوئے بیان کر دیتی ہے اور جو دریافت کرو بتادیگی

الّو کے دل کو سینے پر رکھنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے، عورت کے

علاوہ اگر مرد خفتہ کے سینے پر بھی رکھیں تو اس پر بھی ایسا ہی اثر ہوگا۔ لیکن عورت کی نسبت دیر ہے :۔

دیگر} اگر خرگوش کی چربی سوئی ہوئی عورت کے تکیئے کے تلے رکھدیں تو اپنے تمام کام بیان کردیتی ہے

دیگر} اگر قطا پرندے کا سر لیکر خشک کر کے کتاں کے نئے کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر عورت کی ران پہ سوتے وقت باندھ دیں تمام باتیں جو اس کے دل میں ہونگی کہدے گی اور جو کچھ اس نے دن میں کیا ہوگا وہ بھی بیان کردے گی۔

دیگر} ہدہد کا دل سوئی ہوئی عورت کے دل پر رکھدو جو کام اس نے کئے ہوں گے سب تبلانے لگے گی

دیگر} مینڈک کی زبان اور دل اور نرگس کی جڑ اور بطخ کی آنکھ، چاروں کو ہموزن لے کر کتاں کے کپڑے میں باندھ کر سوئی ہوئی عورت کے دل پر رکھنے سے جو کچھ اس نے کیا ہو نیند میں کہدیتی ہے۔

دیگر} چرغ کی زبان سوئی ہوئی عورت کے سینہ پر رکھدو جو کچھ پوچھو گے سب تبادے گی۔

دیگر} پہاڑی بکری کا دودھ لے کر کسی مرد یا عورت کے سرہانے جب سویا ہوا ہو رکھدیں تو وہ اپنا تمام راز دل کہدے گا۔

دیگر} اگر سوتے ہوئے انسان کی چھاتی پر غوک کی زبان رکھدیں تو وہ اپنا تمام دلی بھید تبادے گا۔

دیگر} بطخ کی آنکھ کسی برتن میں رکھ کر کسی سوتے ہوئے آدمی کی چھاتی پر رکھیں وہ اپنا تمام راز بیان کردے گا،

کالا جادو کے ذریعے بانجھ پن دور ہو گا!

۱:۔ اگر عورت سنگ خراجی اپنے پاس رکھے تو بانجھ پن دور ہو۔

۲:۔ اگر عورت تھوڑا سا پنیر مایہ خرگوش پیکر مجامعت کے بعد فرج میں رکھے تو حمل قائم ہو۔

۳:۔ اگر مرغابی نر کے خصیے بھون کر مرد کھائے اور عورت سے صحبت کرے تو فوراً حاملہ ہو گی۔

۴:۔ اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو حیض سے پاک ہونے کے بعد ساڑھے چار ماشہ برادہ آبنوس روزانہ سات دن تک پانی اور شہد کے ساتھ پھانکے بعد اس کے صحبت کرائے حاملہ ہو گی۔

۵:۔ تھوڑا سا مشک پیس کر روغن زنبق کے تیل میں ملا کر عورت کے حیض سے فارغ ہونے کے بعد سر ذکر یعنی سپاری کو آدھی چکنا کرے اور جماع کرے تو حمل رہ جائے اگر روغن زنبق نہ ملے تو چنبیلی کے تازہ پتے تل کے تیل میں پکا لیں اور روغن علیحدہ کریں۔

(۶) اگر بانجھ عورت مادہ خرگوش کی فرج پکا کر کھائے تو حمل کے موافق ہو جائے۔

۷:۔ سفید کنگھی کی جڑ یک رنگی گائے کے دودھ میں پیس کر حیض سے پاک ہونے کے بعد اسی دن کھا کر مرد کے پاس جائے تو حمل قائم ہو جائے گا۔ اور لڑکا پیدا ہو گا

۸:۔ کتاب ایضاح میں لکھا ہے جس روز عورت حیض سے فارغ ہو اس دن مرد اپنے ذکر کو تین بار تازہ دودھ سے تر اور خشک کرے

اور جمع کرے تو حمل قائم ہو جائے۔

۹:۔ اگر عورت ہاتھی کی لید کھا کر مرد کے پاس جائے تو حاملہ ہو جائے گی یہ بھی عجیب بات ہے کیونکہ ہاتھی کی لید کو اگر عورت اپنے پاس رکھے تو ہرگز حمل نہیں ہوتا لیکن کھانے سے ضروری حمل ہوتا ہے

۱۰:۔ اگر عورت خوب پانی پئے اور نہ کچھ کھائے پھر صبح سے شہر کی نماز تک پیاسی رہ کر مرد کے پاس جائے تو حاملہ ہو جائے گی۔

۱۱:۔ لومڑی کی بیٹ پانی میں گھول کر ذکر پر لگا کر عورت سے مجامعت کرے تو حاملہ ہو جائے گی۔

۱۲:۔ مغز شفتالو ہموزن خرگوش کے پنیر کے ساتھ شافہ بنائیں اور تین رات تک عورت شافہ کرے اور ہر شب مرد کے پاس جائے تو حاملہ ہو جائے گی۔

۱۳:۔ جب بچے کے دانت گرتے ہیں تو وہ دانت جو سب سے پہلے گرے بحفاظت رکھ چھوڑے اگر بانجھ یعنی بے اولاد والی عورت اس دانت کو کمر میں باندھے تو اس کے بھی لڑکے پیدا ہوگا۔

کالا جادو کے ذریعے حمل روکنا

اگر عورت چاہے کہ فلاں عرصہ تک مجھے حمل نہ ٹھہرے تو اسے چاہیئے کہ اسقولوقندریوں اور دونٹا کی تلی دونوں اختیار کو لیکر جس دن چاند شروع کے تلے ہو اپنے پاس رکھے جب تک اس کے پاس رہیگا حمل نہ ہوگا، جب وہ اپنے سے علیحدہ کرے گی حاملہ ہو جائیگی

اگر عورت ساڑھے تین ماشہ لاکھ پیس کر کھانا نک لے تو دس

برس تک حاملہ نہ ہوگی۔

اگر عورت حیض سے فارغ ہو کر ایک عدد تخم ارنڈ کھائے تو ایک سال تک حاملہ نہ ہوگی، دو کھائے تو دو سال تک۔ علیٰ ہذا القیاس۔

حیض آنے کے بعد جس روز عورت غسل کرے تو اسے ہرڑ، رسوت اور آملہ چھ ماشہ پیس کر پانی کے ہمراہ کھلائیں اس ماہ میں حمل قائم نہ ہوگا۔ تیندوے کی مادہ کے پیٹ میں ایک پتھری نکلتی ہے اس کو اگر عورت اپنے پاس رکھے تو کبھی حاملہ نہ ہو جب علیحدہ کر دے تو حاملہ ہو جائے۔

اگر تلسی کے پتے پانی میں جوش دیکر اور قہوا کی طرح قہوہ کی پیالی بھر کر پی لے اور حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایسا کرے اور ہر ماہ حیض کے بعد تین دن ایسا کرے تو جب تک یہ عمل جاری رکھے گی حاملہ نہ ہوگی

اگر عورت حیض سے فارغ ہو کر کھجر کا دل تین دن تک بقدر ڈیڑھ تولہ روز کھائے تو بانجھ ہو جائے

اگر لیموں درخت کا بیج عورت کھائے تو سال بھر حاملہ نہ ہو اور اگر اسی طرح سات سال کھاتی رہے تو بالکل بانجھ ہو جائے

اگر حیض کے سولہویں دن سے دوسرے حیض ہونے تک صحبت کریں تو حمل قرار نہ پائے

اگر عورت اپنے پاس چوہے کا خصیہ رکھے تو جب تک اس کے پاس وہ رہے گا حاملہ نہ ہوگی۔

اگر عورت خرگوش کے پاؤں کو اپنے جسم پر باندھے تو حمل نہ ہوگا

اگر عورت کو صابن کھلا دیں تو حمل قائم نہ ہو اگر ہو تو گر جاوے اگر رحم میں بچہ مر گیا ہو تو وہ بھی نکل جاوے۔

اگر جماع کے وقت مرد اپنی ران پر نرولک کی جڑ باندھ لے تو عورت کو حمل نہ ٹھہرے گا۔

اگر سقمونیا بار یک پیس کر سر ذکر پر لگا کر جماع کریں تو عورت کو حمل نہ ہو۔

اگر عورت خچر کی لید کو خشک کر کے کھالے تو حمل قرار نہ پائے

اگر کوئی خچر کی کھال اپنے پاس رکھے تو حمل قرار نہ پائے۔

کالا جادو کے ذریعے عورت بانجھ ہو جائے

عورت حیض سے فارغ ہو کر روزانہ ایک عدد تخم ارنڈ کھائے اور آٹھ دن لگاتار کھائے عمر بھر بانجھ رہے اور حمل نہ ٹھہرے۔

مجرب از طبائف

حیض سے فارغ ہونے کے بعد اگر عورت کو ابابیل کا گوشت کھلائیں تو پھر کبھی اسے حیض نہ آئے اور حمل نہ ٹھہرے۔

جب عورت بچہ جنے تو وہ نفاس کا خون اپنے تمام بدن پر مل لے تو عمر بھر حمل نہ ہوگا۔

اگر کوئی عورت چاہے کہ اسے حمل نہ ہو تو پہلی مرتبہ کا حیض کا خون اپنے تمام بدن پر مل لے تمام عمر حاملہ نہ ہوگی یہ عمل طبائف کے مجربات سے ہے اور اس عمل کے بعد پیر و پیر یاد ل بھی عمر بھر نہیں آگئے۔

کریجڑے کا مغز عورت کے دودھ میں پیسیں اور اس سے کپڑا تر کر کے عورت اپنی فرج میں رکھے تو بانجھ پن دور ہو۔

اگر جنگلی کبوتر کی بیٹ بقدر دو ماشہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح وہ پانی عورت پی لے تو اول تو پہلے ہی روز ورنہ تیسرے روز ضرور بانجھ ہو جائے گی۔

جب بکرا بکریوں کو گابھن یعنی حاملہ کرتا ہے جس جگہ اس نے پیشاب کیا ہو اگر عورت وہاں پیشاب کر دے تو کبھی حاملہ نہ ہوگی۔

سن جو لپٹا ہے جس کی چھال کے رستے بنتے ہیں اس کے تھوڑے سے عورت کو کھلا دیں تو ہمیشہ کے لئے بانجھ ہو جائے

نرک کی جڑ دو جو بھر سے ڈیڑھ رتی تک کھانے سے یا تھوڑی کا جڑ رحم میں رکھنے سے عورت بانجھ ہو جاتی ہے، بلکہ اس جڑ کے گاران پر باندھ لینا بھی بانجھ بنا دیتا ہے۔

گھونگچی سرخ باریک پیس کر بقدر چار ماشہ روزانہ تین دن تک کھلائیں حاملہ نہ ہوگی۔

ایک ماشہ جنگلی کبوتر کی بیٹ شکر کے ہمراہ کھلانے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے۔

کالا جادو کے ذریعے عورت کی خواہش جمع کو دور کرنا اور فاحشہ کو راہ راست پر لانا

اگر عورت مولی کے پتوں پر کھڑی ہو جائے تو ہم مرد کی خواہش

نہ رہے ابابیل کے خون عورت کو بغیر اطلاع دیئے کسی چیز میں ملا کر کھا دیں شہوت جمع جاتی رہے گی۔

کیدڑ کے پیشاب میں مال کنگنی کئی دن تک بھگو رکھیں، اور پھر تین دن تک ایک ایک دانہ روزانہ فاحشہ عورت کو کھلائیں شہوت اس کی بالکل جاتی رہے گی پھر جماع کی خواہش نہیں ہو گی اور نہ کوئی شخص اس پر قادر ہو سکتا ہے فاحشہ عورت کو راہ راست پر لانے کے لئے لاثانی ہے بونڈا جس کو جرکھی کہتے ہیں کا ذکرے کر سائے میں خشک کر کے برادہ کریں اور پانی یا شراب میں ملا کر عورت کو بے خبری کے عالم میں کھلا دیں اس کی شہوت جاتی رہے گی۔

عورت کو مجاڈ کی جڑ کھلا دیں اگرچہ وہ کتنی بھی بے شرم ہو گی شرم دار بن جائے گی۔

ایک پیسہ برابر کھال چرغ کی عورت کو کھلا دیں، وہ بدکاری سے باز آجائے گی۔

کالا جادو کے ذریعے حمل گرنے سے روکنا

خچر کے کان کا میل چاندی کے تعویذ میں رکھ کر حاملہ کے باندھ دیا جائے تو جب تک بندھا رہے وضع حمل نہ ہو۔

اگر باغ کی چھپکلی کو پکڑ کے خچر کی کھال میں لپیٹ کر ایسی عورت کے باندھ دیں جس کا حمل گر جاتا ہو تو وہ پھر نہ گرے۔

اگر حاملہ عورت ہر وقت دھتورے کی جڑ اپنی کمر سے بندھی رکھے تو اسقاط نہ ہو۔

اگر کرنجوے کو لال ڈورے میں باندھ کر عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے تو حمل ساقط نہ ہو۔

کالا جادو کے ذریعے ولادت آسانی سے ہو

دردزہ کے وقت دو ڈھائی تولہ زعفران عورت کی مٹھی میں دے دیں اور وہ زور سے بند کرے جب پسینہ ہاتھ کو آئے گا فوراً بچہ پیدا ہوگا، دردزہ کے وقت عورت کو ساڑھے چار ماشہ سے سات ماشہ تک زعفران پانی میں گھول کر پلا دیں تو بچہ فوراً پیدا ہو۔ برگ ثنائی دو دست اندر آکن گلاب میں حل کر کے ناف پر ضماد کریں آسانی سے ولادت ہو۔

جب بچہ پیدا ہونے کا وقت چراغ کا دایاں ہاتھ عورت کی ران میں سنگ چقماق لٹکا دیں نہایت سہولت سے ولادت ہو فوراً علیحدہ کر دو۔

الو کی آنکھ اور جنگلی مرغ کی چونچ سفید پارچہ میں باندھ کر علیحدہ اپنی ران پر باندھنے سے وضع حمل کی تکلیف رفع ہو۔

اگر عورت سرکھ کی جڑ اپنے بدن سے باندھ لے تو بچہ

پیدا ہونے کے وقت کی تکلیف نہ ہو۔
اگر عورت درد زہ میں مبتلا ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کے بدن یا پلنگ کے نیچے گھوڑے کا سم جلا دیں، بچہ فوراً پیدا ہو گا۔
وضع حمل کے وقت اگر عورت تروک کی جڑ اپنے ہاتھ میں لے لے تو بچہ آسانی سے پیدا ہو جاتا ہے۔
اگر عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو اور درد زہ کمال ہو تو ایک باکرہ جو ہمنام حاملہ کی ہو اس کا نام لیکر پکارے کہ اے فلاں منکر دختر بکرم زائیدہ ام تو ہنوز نہ زائیدہ تو بچہ فوراً پیدا ہو گا۔
جب عورت درد زہ میں مبتلا ہو تو اس کے ہاتھ میں کالی موصلی کی جڑ دیدیں ولادت آسانی سے ہو گی۔

کالا جادو کے ذریعے متعلق زناں متفرق عمل

حاملہ وغیرہ حاملہ کی پہچان } عورت کو شہد اور پانی باہم ملا کر نہار منہ پلا دیں اگر پیٹ میں مروڑ پیدا ہو تو حاملہ ہے ورنہ نہیں۔
دودھ عورت کا دو درم تھوڑے سرکہ میں ملا کر عورت کو پلائیں اگر اس کے پیٹ میں درد ہو تو حاملہ ہے اگر درد نہ ہو تو حاملہ نہیں

بغیر سوراخ کیا ہوا مازو عورت کے رحم میں رکھ کر ایک رات رہنے دیا جائے اور پھر نکالا جائے اگر اس میں کیڑا ملے تو حاملہ ہے

ورنہ نہیں ۔

خون حیض یا خون استحاضہ بند کرنا

بلی کا جگر اگر عورت کے باندھ دیا جائے تو خون حیض یا خون استحاضہ جو جاری ہو فوراً بند ہو جائے ۔

برائے اولاد

اگر کسی کے لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو یا اگر ہوتا ہو تو مر جاتا ہو تو وہ دانت چرخ کا اپنے پاس رکھے بفضل خدا آئندہ لڑکا پیدا ہو گا اور صحیح سلامت رہے گا ۔

دافع اٹھرا

برگ بیری ، برگ آک ، برگ ببول ، برگ نیم برگ سرین ، برگ ارنڈ ، برگ پیپل اور سات کنوؤں کا پانی ، سات راستوں کی خاک ، ایک کورے برتن میں ڈال دیں اور بروز اتوار کسی بیری کے نیچے جا کر اشنان کرے یہ عمل اس اتوار کو کرنا چاہیئے ، جو شکل پکھ کا ہو تو اس کا اٹھرا دور ہو اور آئندہ جو بچے پیدا ہوں کبھی بھی ہلاک نہ ہوں ۔

دیگر

دوشیزہ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر دس تار کا ایک ہاتھ لمبا دھاگہ لے کر بنا دے ، اور بروز اتوار داہنی پنڈلی پر باندھ دیوے اٹھرا جاتا رہے ۔

دیگر

جس عورت کو اٹھرا کی مرض ہو وہ تمباکو نوشی شروع کر دے تبھی اس کا اٹھرا جاتا رہے گا ، یہ عمل مجرب ہے ، اور ہزاروں

کو فائدہ پہونچ چکا ہے۔

کالا جادو کے ذریعے نظر بد و مصائب سے محفوظ رہنا!

۱:۔ آلوسن کو اپنے مکان کے دروازے پر لٹکانے سے اس مکان کے رہنے والوں کو نظر بد نہیں لگے گی اور وہ مصائب سے محفوظ رہیں گے

۲:۔ اگر کوئی شخص تھوڑا سا گوشت سیاہ بلی کا کھائے تو اس پر جادو کبھی اثر نہ کرے گا۔

۳:۔ بروز سنیچر طلوع آفتاب سے پہلے کسی چوہے کی مٹی بائیں ہاتھ سے اٹھائیں اور نیلے کپڑے میں باندھ کر ساتھ رکھیں اس کے پاس رکھنے سے جادو اثر نہ کرے اگر جادو اثر کر چکا ہو تو اس کا نقصان دفع ہو جائے

۴:۔ ہدہد کو ذبح کر کے جس گھر کے دروازے پر لٹکا دی جائے اس گھر کے رہنے والے جادو نظر بد مرگی اور چور سے محفوظ رہیں گے

(۵)
جس شخص کے پاس چرز جانور کی داہنی آنکھ ہوگی اسکو نظر بد ہرگز نہ لگے گی

(۶) اگر ریچھ کی چربی بچہ کی پیدائش کے وقت اس کے جسم پر مل دی جائے تو تمام عمر نظر بد سے محفوظ رہے

(۷) جو شخص سراج القطرب کی جڑ اپنے پاس رکھے گا وہ ہر روز سے اور بلا سے محفوظ رہے گا۔

۸:۔ برہان قاطع میں لکھا ہے کہ سنگ کرک کو اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر نہیں ہوتا اور لوگ ایسے آدمی سے محبت کرتے ہیں

۹:۔ جس گھر میں فاختہ ہو اس گھر کے رہنے والے پر نظر بد۔ جادو اور نظر بد سے محفوظ رہے۔

۱۰:۔ جس گھر میں قمری ہو گی اس گھر کے رہنے والے جادو اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۱۱:۔ جو شخص اپنے پاس گیدڑ کی دائیں آنکھ رکھے گا، وہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۱۲:۔ مجیٹھ کے پیڑ کو اکھاڑ کر گھر میں لٹکا دیں اہل خانہ بد سے محفوظ رہیں۔

۱۳:۔ اگر کوئی شخص کیکڑہ جلا کر اپنے پاس رکھے تو اس پر کسی قسم کا جادو اثر نہ کرے۔

کالا جادو کے ذریعہ جادو اور نظر بد کا اثر دور کرنا!

ایک نسخہ بعنوان جادو نظر بد و مصائب سے محفوظ رہنا میں نمبر سوم پر درج ہو چکا ہے وہ بھی جادو کا اثر دور کرنے میں لاثانی ہو اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو وہ حب المحلب نیلے کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھے، جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

جو شخص بہت بزدل آدمی ہو دلیر ہو جائے گا اور جادو کا اثر

دور ہو جائے گا۔

پیپتیا جو ایک پھل کے بیج کا نام ہے لے کر اس میں سوراخ کر کے اگر گلے میں ڈال لیا جائے، تو ہر قسم کے جادو کے اثر اور نظر بد کے اثرات سے دور ہو جائیں گے بلکہ الٹا جادو کرنے والے پر لوٹ جائے گا۔ ایسا آدمی وبا اور ہوا کی خرابی سے بھی محفوظ رہے گا۔

کالا جادو کے عجائبات یعنی جادو کی گھر

سنہری گھر! ایسا مکان جو اندر کی طرف سے خالص سونے کا بنا ہوا دکھائی دیتا ہے چین و ہند کے بادشاہ ایسے مکان تیار کرتے تھے، جو شخص ایسے مکانوں میں داخل ہوتا بوجہ چمک وہ اپنی آنکھیں اوپر نہ اٹھا سکتا۔

ترکیب تیاری! بورہ ارمنی لے کر پانی میں بھگو دیں پھر انڈے کی زردی سل بٹے سے تین دن رات پیسو، اور اس میں بورہ منی کا پانی ڈالتے رہو لیکن احتیاط رہے کہ غبار اس میں نہ پڑے پھر سونا مکھی جو نہایت زرد ہو خوب کوٹ کر شیشے کے برتن میں ڈالو، اور اس پر کھٹا سرکہ اور لیموں کا پانی اس قدر ڈالو کہ قریب دو انگل کے اوپر کھڑا ہو جائے اور دن میں تین دفعہ ہلایا کرو

جب سرکہ اور لیموں کا پانی ڈال دیں اور بدستور دن میں تین دفعہ ہلاتے رہیں،

یہ عمل اس وقت تک جاری رکھو جبکہ سرکہ وغیرہ رنگ نہ بدلے بعدہ اس

خشک کرکے اس میں مذکورہ بالا انڈے کی باریک پسی ہوئی زردی ملاکر تین دن رات پیسو، پھر مٹی یا شیشے میں ڈال کر ایک رات بھر معتدل حرارت دو صبح سرد ہونے پر نکال لو اور نمی سے بالکل بچاؤ۔

پھر دو حصے یہ دوا اور ایک پانی میں باریک پسی ہوئی ہڑتال دونوں کو انڈے کی زردی اور زعفران میں حل کرو اور تھوڑی سی سریشم بھی ڈال کر آگ پر رکھ کر ملالو پھر ایک پاک مخصوص مکان میں اس مرکب کا طلا کرو۔ جب خشک ہو جائے تو اس پر چینی روغن پھیرو تاکہ سنہرا رنگ نکھر آئے اور یہ اس قدر چمکدار ہوگا۔ کہ ناظرین نظر اٹھاکر نہیں دیکھ سکیں گے۔

آگ کا گھر یہ ایسا مکان ہے کہ جو شخص اس میں جاتا ہے اسے اسکی دیواروں پر آگ جلتی نظر آتی ہے اور جب دھوپ اس مکان میں داخل ہو تو اور بھی آگ بھڑکتی ہوئی دکھائی دیتی ہے

ترکیب تیاری

ایک حصہ ان بجھا چونا لیکر اسے خشک حالت میں باریک پیس لو اور نصف حصہ سرو کا گوندہ کر اور چوتھائی حصہ کوبان کا گوند دونوں کو باریک پیس کر چونے میں ملاؤ پھر سیاہ گندھک ایک حصہ الگ پیس کر مذکورہ بالا مرکب میں ملاکر تمام کو اچھی طرح پیس لو۔ پھر روغن زیتون میں ملاکر دیواروں پر لگادو جب خشک ہو جائے تو اس پر روغن یکساں تھوڑا تھوڑا چھیڑ دو اس کے ملتے ہی شعلے نمودار ہوں گے جب دھوپ اندر آئے گی تو شعلہ اور بھی ملبند نظر آئیں گی

سورج کا گھر جو ایسے شخص ایسے مکان میں رات کے وقت جائے گا۔ اسے آفتاب دکھائی دے گا

ترکیب تیاری انڈے کی زردی لے کر ایک نئے برتن میں ڈالے اور زردی کے ہموزن ہڑتال زرد و باریک پیس کر انڈے زردی میں ملادیں پھر اس مرکب میں آدمی کا خون ملاکر دھوپ میں لٹکادیں اس میں کیڑے پیدا ہو جائیں گے ان کیڑوں کو نکال کر کسی اور برتن میں ڈال دیں اور انڈے کی زردی انہیں کھانے کو دیں پھر ان کو کچھ نہ دیں، وہ کیڑے ایک دوسرے کو کھائیں گے حتیٰ کہ ایک کیڑہ باقی رہ جائے گا۔

اسے دھوپ میں رکھو حتیٰ کہ مر کر خشک ہو جائے پھر اسے باریک پیس کر سفید کٹورے پر اس کا طلا کرو اور اسے مکان میں کسی طاقچہ میں رکھ کر ڈھانپ دو اور ایک درنگ ذرانیخ لیکر اس کی دھونی دو تاکہ مکان میں اندھیرا ہو جائے اور کٹورے پر سے کپڑا اٹھا دو تو وہ کٹورہ سورج کی طرح روشن ہو جائے گا۔

ایک اور کتاب میں لکھا ہے کے خشک ہوئے مذکورہ بالا کیڑے کے برابر ذرانیخ اس سے تین گنا سراج القطرب اور اس کے برابر بیروجہ ملاکر پیس لیں اور مچھیوں کے خون سے گوندھ کر گولیاں بناکر سایہ میں خشک کریں، بوقت ضرورت تاریک مکان میں ایک گولی کا دھواں کریں تو روشنی آفتاب سے بھی زیادہ نظر آئے گی۔

موت اور دہشت کا گھر

ایسے مکان میں جو شخص داخل ہو گا، وہ فی الفور بیہوش ہو جائے گا۔ اگر ایک گھڑی بھی اس میں ٹھہریگی، تو مر جائے گا۔ ہندوستان کے بادشاہ ایسے مکان تیار کروایا کرتے ہیں وہ ملکی مصلحت کیلئے ترکیب تیاری حسب ذیل ہے۔

بیل کی گردن کی رگوں کا خون چھچھوندر کا خون گھوڑے کے کانوں کا خون تینوں ہموزن لیکر ایک شیشے کے برتن میں کسی لکڑی سے اسقدر ملائیں کہ آپس میں مل جائیں۔ ان سب کے وزن کا چوتھائی ورق قیسرم کا دودھ ملا کر مکان کی دیواروں اور چھت پر ملاؤ، اس مرکب کے ملتے وقت نتھنوں میں روغن بنفشہ سے ترکی ہوئی روئی رکھو ملنے کے بعد فوراً مکان سے باہر آجاؤ، پھر اس مکان میں ذراریح قنا شیر، بیش برہمی اور جو شیر ہموزن لیکر دھونی دو جب دھونی دے چکو تو اسے ایسا بند کرو کہ ہوا اندر باہر نہ آجا سکے۔ تین دن بعد جو شخص اندر جائے گا فوراً بے ہوش ہو جائیگا اگر دو گھڑی اندر رہ گیا تو مرجائے گا اگر بے ہوش کو ہوش میں لانا چاہیں تو اسے اس مکان سے دور لیجا کر بنفشہ کا خالص روغن بطور ملاس سنگھائیں۔

جنون کا گھر جو شخص ایسے مکان میں داخل ہو گا حیران دیوانہ ہو جائیگا مرگی کی علامت اسپر ظاہر ہونے لگے گی ایک گھڑی بعد ہوش میں آجائے گا، ترکیب تیاری یہ ہے کہ بلادہ الحدید کو خوب باریک کریں پھر اس کی چوتھائی مرشیشا ئے ذہبی اس میں ملا کر پانی میں حل کر لیں اور اس سے مکان کی دیوار پر ہیبت ناک شکل بناؤ، جس کے سر پر

بطرمچھی کے پتے کا ایک تاج ہو اس کی بائیں طرف ایک مرد کی شکل بناؤ جس کے ہاتھ میں ہڈی ہو۔

پھر مقناطیس پتھر کو نہایت باریک پیس کر پاس رکھو جب کسی کو جبراً دیوانہ بنانا ہو تو پیسا ہوا مقناطیس بطور سرمہ اس کی آنکھوں میں لگاؤ اور اس مکان میں داخل کرو فی الفور اس کے ہوش گم ہو جائیں گے اور دیر بعد ہوش میں آئے گا۔

کالا جادو کی ذریعہ عجیب غریب فتیلے

نوٹ:۔ ان تینوں کے جلاتے وقت احتیاط چاہیئے کہ کوئی دوسرا چراغ روشن نہ ہو۔ اور جس کمرہ میں بتی جلائی جائے اس کے دروازے اور کھڑکیاں اچھی طرح بند ہوں، تاکہ ہوا اندر باہر نہ آسکے۔

چراغ جسکی جلانے سے آدمی ایک دوسرے کو فرشتہ صورت نظر آویں

بٹیر جانور کی دو آنکھیں نکال کر کسی شیشہ کے برتن میں ڈال کر باہم پیس لیں پھر سات روز سایہ میں رکھیں اور اس کے بعد ان کو چھان لیں اور پھر روغن زیتون میں حل کر کے سبز چراغ میں ڈالیں، اور روئی کی بتی بنا کر جلائیں جس قدر لوگ اس کی روشنی میں ہوں گے سب ایک دوسرے کو آگ سے پیدا شدہ فرشتے کی صورت میں دیکھیں گے۔

چراغ جس کی روشنی میں لوگ ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آویں

گوندھے ہوئے بالوں کی بتی کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر خالص روغن زنبق

اور بچھنوں کے تیون کے مرکب میں تر کر کے سیاہ چراغ میں رکھ کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے اور اس طرح بال گتھے گتھے یا ہے ہوں گے اور لب بہت موٹے دکھائی دیں گے۔

دیگر: ۔دام الاخوین سے بتی تیار کرکے لوہے کے چراغ میں رکھ کر جلائیں اور چراغ میں روغن لا دلا ڈالیں، اس کی روشنی میں بھی حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آئیں گے نشہ کے وقت میں اس اس کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ **دیگر:** صبر براق، بیخ اسود ہردو کو باریک پیس کر آپس میں ملائیں اور کوڑے کرکٹ سے اٹھائے ہوئے چیتھڑے کی بتی بنائیں اور سفوف میں آلودہ کرکے روغن زیتون میں جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے

بتی جسکے جلانے سے حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں مکروہ اور گھناؤنی دکھائی دیں

ایسا کتا تلاش کریں جو بالکل سیاہ ہو اور اس کے جسم پر ایک بھی بال سفید نہ ہو اس کی دم کے کر ہڈیاں علیحدہ کریں اور باریک پیس کر ان میں اسی کتے کی چربی پگھلا کر ملائیں اور بالوں کے کپڑے کا فتیلہ بنا کر اس مرکب میں تر کرکے جلائیں، چراغ میں زیتون کا تیل ڈالیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں بہت مکروہ اور گھناؤنی دکھائی دیں گی۔

بتی جسکی روشنی میں بہت سے سانپ نظر آئیں

سیاہ سانپ کا چمڑا کپڑے کی بتی میں لپیٹ کر اور چراغ میں سانپ کی

چربی ڈال کر چراغ روشن کریں، چراغ سبز رنگ کا ہونا چاہیئے جس کمرے میں جلایا جائے گا اس میں بڑے بڑے سانپ دکھائی دیں گے۔

دیگر:۔ سانپ کی کینچلی کی بتی بنائیں اور اسے سانپ کی چربی میں تر کرکے چراغ میں روغن زنبق اور سانپ کی چربی ڈالیں روشن کرے کمرے میں سانپ سانپ دکھلائی دیں گے۔

بتی جس کے جلانے سے کمرہ میں بچھو دکھائی دیں
سانپ کی کینچلی کم بڑے بچھوؤں کے ڈنک اور چیونٹی کے انڈے تینوں ہموزن لیکر باریک پیس لیں اور آپس میں ملائیں پھر یادوں کی بتی بناکر روغن عقرب سے تر کریں، اور اس پر مذکورہ بالا سفوف چھڑک دیں اور رہے کے چراغ میں یہ بتی رکھ کر روغن زنبق ڈال کر جلائیں، لیکن جلانے سے پہلے مکان میں چیونٹیوں کے انڈوں کی دھونی کرنی چاہیئے اگر ساتھ ہی ایک بچھو مار کر اس کی بھی دھونی کردیجائے تو اور بھی بہتر ہوگا، اس کی روشنی میں کمرے کے اندر بچھو ہی بچھو دکھائی دیں گے۔

بتی جسکے جلانے سے کمرہ میں سبز پرندے وغیرہ نظر آویں

سبز چڑیا کے خون میں اسکی دم کے پر باریک پیس کر ملائیں اور مرغ کی گردن کی کھال کی نلی بناکر اس مرکب میں آلودہ کریں پھر نوشادر عراقی پیس کر اس پر چھڑکیں اور بالوں کے کپڑے میں لپیٹ کر چراغ میں رکھ کر روغن لادلا ڈال کر روشن کریں حاضرین کو کمرہ میں سبز چڑیاں اڑتی پھرتی نظر آئیں گی۔

دیگر: کٹھ پھوڑا کا سر اور اس کی دم اور ابوصقاک کا سر اور اس کی

دم بلا کر ایک ہفتہ تک رکھو، جب اس میں حشرات پیدا ہوں تو زنگار عراقی میں فتیلہ ملا کر روغن ملا کر جلائیں تو ناظرین کو سبز پرندے اڑتے ہوئے نظر آئیں گے

بتی جس کے جلانے سے عورتیں ناچنے لگیں گی سفیدہ رائی باریک پیس کر اسی کے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن زنبق میں خرگوش کی مینگنیاں حل کر کے چراغ میں ڈالیں اور روشن کریں جس عورت کی نگاہ، اس جلتی ہوئی بتی پر پڑے گی خوشی میں آ کر ناچنے لگے گی اور کثرت خوشی کی وجہ سے بیہوش ہو جائے گی۔ دیگر۔ ٹیکرا خشک کر کے روغن نفط میں توے پر رکھ کر گیلون لیں پھر ریزہ ریزہ کر کے اسی روغن میں جلائیں تو حاضرین مجلس کیا مرد اور کیا عورتیں سب کے سب ناچنے لگیں گے بہترین تفریحی عمل ہے۔

بتی جسکی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے کو ٹیڑھی گردنوں اور جھکے ہوئے سروں سے دکھائی دیں

زعفران، لوہے کا برادہ دونوں کو باریک پیس کر روئی کی بتی میں لپیٹ کر کے چراغ میں رکھ کر روغن زیتون ڈال کر جلائیں اس کی روشنی میں جس قدر لوگ ہوں گے ان کو ایک دوسرے ٹیڑھی گردنوں والے اور سر جھکے ہوئے نظر آئیں گے۔

بتی جسکی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے کو گدھے کی شکل میں نظر آئیں

انڈے کی زردی اور گدھے کے کان کی میل آپس میں حل کر کے اس میں اسی کا نیا کپڑا آلودہ کریں اور پھر اس کپڑے میں سفیداج اور سفیدہ کاشغری لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ

میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں حاضرین ایک دوسری کو گدھی کے منہ والے نظر آئینگے

بتی جسکی روشنی میں حاضرین کو ایک دوسری کے کان گدھے کے کانوں کیطرح دکھائی دیں

گدھے کے کان کا میل اسی کے کپڑے پر اس طرح لگائیں کہ کوئی جگہ دونوں طرف سے خالی نہو پھر نئے چراغ میں رکھکر چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح بڑے بڑے معلوم ہونگے

بتی جسکی روشنی میں حاضرین کو ایک دوسری کے چہرے زرد دکھائی دیں

کہ گل سرخ عراقی کو عنب الثعلب کے پانی میں پیس کر کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن لادن میں تر کر کے جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے بہت زرد دکھائی دینگے گویا بے جان ہیں

بتی جسکی روشنی میں حاضرین کو ایک دوسری کے چہرے کتے کے مشابہ نظر آئیں

کہ کتوں کے بال اور ان کے کانوں کا میل گدھے اور بھیڑیئے کے کانوں کا میل اور ان کی چربی آپس میں ملاکر اس مرکب میں السی کا بنا کپڑا آلودہ کر کے بتی بناکر نئے چراغ میں رکھے اور اس میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں اور اس روشنی میں حاضرین کو ایک دوسری کے چہرے کتے کے مشابہ نظر آئیں گے۔

بتی جسکی روشنی میں گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے

اذخر ایک اوقیہ بابونجے سے ایک اوقیہ پانی میں خوب باریک پیس اور

اتنا عرصہ پسیں کے پیستے پیستے پانی خشک ہو جائے اب سمندر جھاگ نگر مچھ کی چربی اور دیفین مچھلی کی چربی یہ تینوں چیزیں آپس میں ملا کر ذرا گرم کر کے اس میں روئی کی بتی تین دفعہ تر کریں یعنی ایک دفعہ تر کریں جب خشک ہو جائے تو دوسری دفعہ اور تیسری دفعہ، پھر مذکورہ بالا سقوف کو اس بتی کے اندر رکھ کر بکری جانور کی چربی میں جلائیں جلانے سے پہلے سقوف مذکور کی دھونی بھی کرنی چاہیئے۔ اس کے جلانے سے مکان کے اندر پانی بھرا ہوا دکھائی دیگا، لوگ اپنے کپڑے سنبھالنے لگ جائیں گے اور باہر کو دوڑنے کی کوشش کریں گے۔

دیگر: خون خرگوش اور روغن گلاب کو آپس میں ملا کر چراغ میں ڈالیں اور سرخ روئی کی بتی چراغ میں ڈال کر جلائیں تو بھی گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دیگا

بتی جس کی روشنی میں ہر چیز سبز دکھائی دے

نئے پاکیزہ کپڑے کو دھو کر اس میں سے آٹھ دو کریں اور اس پر نیل یا دیک پیس کر چھڑکیں اور بتی بنا کر نئے سبز رنگ کے چراغ میں انڈی کا تیل ڈال کر چھڑکیں جس مکان میں یہ چراغ روشن ہو گا وہاں کی ہر چیز سبز دکھائی دیگی

دیگر: تانبے کی تختی پر سرکہ ڈالیں اور رکھ چھوڑیں حتی کہ اس پر زنگ سا آجائے، پھر اس زنگ کو اگر آگ پر جلائیں تو تمام مکان کی چیزیں سبز دکھائی دیں گی۔

بتی جسکی روشنی میں حاضرین ایک دوسرے سے متنفر ہو جائیں!

حکایت: کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک حکیم صاحب کے پاس اپنے

فرزند کی بابت شکایت کی کہ ان دونوں کو آپس میں بڑی گہری محبت ہے اور ایک گھڑی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے اس طرح کاروبار میں بڑا حرج ہو رہا ہے تو حکیم صاحب نے مندرجہ ذیل بتی بنا کر انکو دی اور کہا کہ جس کمرہ میں دونوں اکٹھے بیٹھے ہوں وہاں رات کے وقت اس کو جلائیں اس بتی کی روشنی میں جب انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو باہم متنفر ہوئے اور ایسے الگ الگ ہوئے کہ پھر ایک دوسرے کا نام تک سننا گوارا نہیں کیا۔ ترکیب تیاری یہ ہے۔ پرانی روئی کی سخت بتی بٹ کر اس پر خوب کس کر دھاگہ لپیٹیں تاکہ بتی اور بھی سخت ہو جائے پھر چراغ میں روغن کرنڈ ڈال کر جلائیں اسکی روشنی میں تاظرین ایک دوسرے کو چہرہ زرد دانت سیاہ اور کان سرخ دکھائی دیں گے اور نفرت پیدا ہوگی

دھونی جس کے کرنے سے درخت جھک جائیں

گدھے کے سر کا مغز سانپ کی ہڈیاں انسان کی ہڈیاں سب ہموزن لے کر باریک کوٹ کر آپس میں ملاؤ اور چالیس روز نمناک زمین میں دبائے رکھو پھر نکال کر خشک کرو پھر ایک حصہ یہ سفوف اور ایک حصہ انسان کی پرانی ہڈیاں ملا کر کوٹ لو جس درخت کے تلے اسکی دھونی دو گے اس کی شاخیں جھک آئیں گی حتی کہ زمین تک پہونچ جائیں گی جب تک دھونی دیتے رہو گے وہ اسی حالت میں رہیں گی۔

دیگر

یہ دھونی متذکرہ بالا دھونی سے بہت بڑھ چڑھ کر ہے بنانیکی ترکیب یہ ہے کہ ویر کے مرے ہوئے انسان کی انگلیاں اور اس کے دانت اور باقی ہڈیاں درخت ریق النہار کے پتے گلی لیتان اقرونا اور قدرے گشنگ دخرما سب کو ملا کر باریک کوٹ لیں پھر

اس مرکب کی دھونی ایک نہایت اونچے کھجور کے درخت کے تلے دو جب اسے دھواں پہونچے گا، تو درخت ٹیڑھا ہو کر اس دھونی کی طرف آئیگا حتیٰ کہ زمین کے قریب تک پہونچ جائیگا شرط یہ ہے کہ آگ بھی کھجور کے کوئلوں کی ہوگی

کالا جادو کے ذریعہ عجیب وغریب دھونیاں کی لیٹ

ان دھونیوں کو بھی بند مکان میں سلگایا جائے تاکہ اندر کی ہوا باہر اور باہر کی ہوا اندر نہ آسکے ورنہ اثر باطل نہ ہوگا۔ دلفین مچھلی

حاضرین کو ایک دوسرے کی قدر بڑی جسم دکھائی دیں کی چربی اور ہاتھی کی چربی آپس میں ملادیں اور کابخ ہندی کو خوب باریک پیس کر مذکورہ بالا چربی کے مرکب میں ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں نبائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے بہت بڑے قد مثل ہاتھی گھوڑے کے دکھائی دیں گے۔

سبز رنگ کی عجیب وغریب شکلیں نظر آئیں پودینہ، لاجورد زنگار تینوں کو باریک پیس کر دلفین مچھلی کی چربی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں نبائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو کمرے کے اندر عجیب وغریب سبز رنگ کی چیزیں نظر آئیں گی جنہیں دیکھ کر وہ دنگ رہ جائیں گے۔

غائب کی بات معلوم کرنا گدھے کا خون خشک کر کے میعہ اور بھیڑیئے کی ہموزن چربی میں ملائیں اور رات کے وقت کسی کمرہ میں اسکی دھونی دے کر سو جائیں اور جو بات معلوم کرنا چاہو اس کا دھیان رکھیں خواب میں مطلوبہ کام کا خیر وشر معلوم ہو جائے گا، ایک صاحب نے اسکا تجربہ کیا انہوں

نے لکھا کہ میں نے اس کو صحیح پایا میں نے دفینہ معلوم کرنے کیواسطے آزمائش کی لیکن کئی مرتبہ کے عمل کے بعد کامیاب ہوا۔

سمندر اور مگرمچھ ظاہر ہو ازخر کھادی کی جڑ ایک اوقیہ بابونہ کا پانی دو، درم۔ فربیون تین درم تخم توت پانچ درم سمندر جھاگ پانچ درم ان تمام چیزوں کو خوب باریک کرکے مندرجہ ذیل چربی میں ملائیں مگرمچھ کی چربی درم دلفین مچھلی کی چربی دس درم سمندری مچھلی کی چربی ایک درم جب تمام چیزیں خوب مل جائیں تو ایک ایک مثقال کی گولیاں بناکر سایہ میں خشک کریں۔ بوقت ضرورت غرق شدہ کشتی کی پرانی لکڑی جلائیں اور ایک گولی اوپر رکھ کر دھونی دیں تو حاضرین کو ایسا معلوم ہوگا کہ وہ دریا کے کنارے بیٹھے ہیں اور دریا سے مگرمچھ نکل کر انہیں کھانے کو دوڑتا ہے وہ اس سے ڈرہیں گے۔

جنْ بلانا

سفید کبوتر کا خون ایک حصہ، خشک میدہ ایک حصہ بھیڑیئے کی چربی ایک حصہ جرائتہ ایک حصہ ہر ایک کو جدا جدا باریک کرکے آپس میں ملائیں گولیاں بنانیکی ضرورت نہیں، بوقت ضرورت آبادی سے دور جاکر ویران جگہ میں رات کے وقت اس کی دھونی کریں۔ تو جن حاضر ہوکر کام کرتے ہیں اور جو سوال دریافت کیا جائے اس کا جواب دیتے ہیں ان سے ڈرنا نہیں چاہیئے کیونکہ اس دھونی دینے والے کے دوست ہوتے ہیں اسے ذرا بھی تکلیف نہیں دیتے بلکہ اس کی ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔

منزل عورت: سہاگہ سیماب ہر ایک چار ماشہ ایک لیموں میں بھر کر منہ اس کا

اچھی طرح بند کردیں۔ اور اس لیموں کو لیکر عورت کے آگے ہاتھ میں پکڑا دیں اور سونگھا دیں، عورت منزل ہو جائیگی۔

اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا ہے: الّو کا سر کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں تر کرکے اس کو روشن کریں اور اس کے اوپر کچی پیالی رکھ کر کاجل اتار لیں۔ جو شخص وہ کاجل آنکھوں میں لگائے اس کو اندھیرے میں سب کچھ نظر آئے۔

کالا جادو کے ذریعہ عجیب و غریب سرمہ

سرمہ جسکے لگانے سے روحیں نظر آئیں: اس سرمے کا نام کحل اعظم یعنی سب سے بڑھیا سرمہ کیونکہ اس کے لگانے سے روحیں نظر آتی ہیں تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی آنکھ ہدہد کی آنکھ ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ہرن کی آنکھ بکرے کا پتہ جنگلی سیاہ بلی کی آنکھ اور اس کا پتہ ان سب کو ایسے مکان میں رکھ کر خشک کرو جہاں مرغی کی آواز نہ پہونچتی ہو جب خشک ہو جائیں باریک پیس لو اور ایسے شہد میں ملا کر معجون میں ملاؤ جسے آگ پر نہ رکھا گیا ہو پھر اس معجون کو جلائیں اور شیشہ یا قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن سے اسکی کاجل حاصل کرو۔ صبح کے وقت بیری کی سلائی کا سرمچو بنا کر اس سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں تو جن دکھائی دیں گے، اگر جنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دیں گے۔

سرمہ جسکے لگانے سے جن دکھائی دیں: پیپو جنوں کے انڈے اور [illegible] کا مغز لیکر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے

دیگر: سیاہ بلی کا پتہ اور سیاہ مرغی کا پتہ دونوں کو خشک کریں پھر پیس لو

اس کے لگانے سے جن دکھائی دیں گے، لطیفی نے کتابوں میں لکھا ہے کہ ان پتوں کو خشک کرنے کی ضرورت نہیں تازہ ہی ملا کر سبز مچھ سی آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دینگے

سرمہ جس کے لگانے سے خزانے نظر آئیں

ایک رنگ سیاہ بلی کو کوٹھری میں بند کر دو، جب اسے الٹا لٹکا کر نیچے برتن رکھیں تاکہ وہ روغن اس کے حلق اس برتن میں ٹپکے پھر اس روغن کا کاجل اپار کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آئیں گے۔

دیگر: کوے کی زبان اور ہد ہد کا دل سایہ میں خشک کر کے پیس لو، اور شہد میں ملا کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آنے لگیں گے۔

سرمہ جس کے لگانے سے عجیب و غریب چیزیں نظر آئیں

سیاہ بلی کا پتہ مرغ کا خون خشک کر کے پیس لو اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگاؤ، تو نہایت عجیب و غریبہ اشیاء مشاہدہ میں آئیں۔

سرمہ جسکو لگانے سے دفینہ اور احوال غائب معلوم ہوں

کبوتر کا خون خشک امیبہ، مچھ چوپے کی چربی ہموزن لیکر ملاؤ اور اس میں ہلیلہ زرد کو باریک پیس کر اور چھان کر ملاؤ اور بطور سرمہ لگاؤ۔ اور سو جاؤ خواب میں مطلوبہ چیزیں نظر آئیں گی۔

کالا جادو کی عجیب و غریب روشنائیاں

لکھا ہوا انڈے کی سفیدی پر ظاہر ہو گم راکھ ہندی کو پانی میں

کرکے انڈے پر لکھو پھر دھوپ میں یا آگ پر رکھ کر خشک کرو۔ دو تین مرتبہ ایسا ہی کرو، اب انڈے پر کچھ ظاہر نہ ہوگا لیکن جب انڈے کو ابال کر توڑا جائیگا تو وہی حروف انڈے کی سفیدی پر ظاہر ہوں گے، جو کسی طرح بھی نہ مٹ سکیں گے۔

لکھا ہوا روپہری معلوم ہو:۔ سرخ یا نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چاندی سے لکھا گیا ہے ترکیب تیاری یہ ہے کہ پارہ لیکر اس کو کھرل میں ڈالو اور اس میں پسی ہوئی نیپال ڈال کر خوب باریک پیسو پھر تھوڑا پانی ملاکر پیسو جب پانی گندھلا ہو جائے تو اس کو گرا کر اور پانی ڈالو اور پیسو اسی طرح جاری رکھو یہاں تک کہ سفید رنگ کا ہو جائے اور میل بالکل نہ رہے پھر اس میں گوند کا پانی ملاکر لکھو اور خشک ہو جانے پر کوڑی سے رگڑو کر چمکا دو چاندی کی طرح سفید چمک آئے گا۔

لکھا ہوا حرف آگ سے گرم کرنے پر دکھائی دے

نوشادر تازہ دودھ میں حل کرکے اس سے کاغذ پر لکھیں، خشک ہونے پر حروف دکھائی دیں گے لیکن اگر کاغذ کو آگ پر گرم کیا جائے تو حروف سیاہ نظر آئیں گے دیگر: نمک کو پانی میں گھول کر اس سے تحریر کریں خشک ہونے پر کچھ دکھائی نہ دیگا لیکن آگ کے سامنے رکھنے سے حروف فاختی نظر آئیں گے۔

دیگر

پیاز کے پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہو جانے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سبز نظر آئیں گے۔

دیگر:۔ اگر دودھ سے کاغذ پر لکھیں تو خشک ہونے پر

حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے زرد حروف نمودار ہوں گے۔

دیگر:۔ رائی اور کھجور کو باریک کر کے پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد اس سے کاغذ پر لکھیں اور حروف خشک کریں حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سرخ خط نمودار ہوگا۔

دیگر:۔ لیموں کے پانی سے کاغذ پر لکھیں کچھ نہ پڑھ جائے لیکن آگ کے آگے رکھ کر گرم کرنے سے حروف سرخ نمودار ہوں گے۔

نوٹ:۔ اگر لیموں نہ ملے تو نارنگی بھی استعمال ہوسکتی ہے۔

لکھا ہوا صرف پانی میں ڈالنے سے پڑھا جائے

پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس پانی سے کاغذ پر لکھیں، خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن پانی میں ڈالنے سے حروف سفید نظر آئیں گے

دیگر

چونہ کو پانی میں گھول کر لکھنے سے بھی یہی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

لکھا ہوا صرف رات کے اندھیری میں پڑھا جائے

سیاہی کچھ نر کا خون ملا کر حل کریں اور اس سے کاغذ پر لکھیں تو لکھا ہوا دن کے وقت نہ پڑھا جائے گا

دیگر:۔ چیتے سیاہ کتے اور بازار کے پتے باہم ملاکر اس سے کاغذ پر لکھیں دن کو ہرگز نہ پڑھا جائے گا لیکن رات کے وقت بخوبی روشن ہوگا اور حروف سنہری نظر آئیں گے

دیگر:۔ دیا سلائی کا مصالحہ (سرخ رنگ والا) پانی میں حل کرکے اس سے سفید کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر دکھائی نہ دیگا۔ لیکن جب اندھیرے میں جاکر پیچھے سے ہوا دوگے تو تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

لکھی ہوئی جگہ بال اُگ آئیں:۔ اس دوا سے اگر جسم انسان کے کسی حصہ پر لکھیں تو وہاں اسی جگہ بال اُگ آئیں گے اور تمام لکھا ہوا بخوبی پڑھا جائے گا۔

ترکیب تیاری حسب ذیل ہے

لیموں اسود روغن زیرہ سیاہ اور روغن زیتون کو ملاکر اس سے جس عضو پر لکھوگے وہاں بال اُگ آئیں گے اور لکھا ہوا صاف نظر آئیگا

لکھا ہوا صرف پانی پر کھڑے ہوکر پڑھا جائے

سیاہی میں پورا سرخ ملاکر دونوں کو روغن زیتون میں پیس کر اور اس مرکب سے کاغذ پر لکھو حروف نظر نہ آئیں گے لیکن پانی پر کھڑے ہوکر پڑھنے سے تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

لکھا ہوا پتھر پر ظاہر ہو:۔ اس سیاہی سے پتھر پر حروف لکھ سکتے

ہیں ترکیب یہ ہے کہ سرخ رنگ کا نرم پتھر لو اور اس کو آگ پر گرم کر کے اس پر صاف موم سے لکھو تین دن رات تیز سرکہ میں پڑا رہنے دو بعد ازاں نکال کر دیکھو گے مطلب حل ہوگا

لکھا ہوا دھوپ میں نمایاں ہو کاسٹک پانی میں حل کر کے اور بہت رقیق کر کے کاغذ پر لکھیں کچھ پڑھا نہ جائیگا لیکن دھوپ میں رکھنے سے حروف سیاہ نمودار ہوں گے۔

لکھا ہوا پانی کے چھینٹے دینے سے سفید ظاہر ہو گوند پانی میں گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور تمام کاغذ پر کاجل خوب اچھی طرح سے مل دیں، کہ سارا کاغذ سیاہ ہو جائے اب جب کرشمہ دکھانا ہو تو یہ کالا کاغذ لوگوں کو دکھا کر اوپر پانی کے چھینٹے دیں حروف سفید ہو جائیں گے باقی جگہ سیاہ ہی رہیگی

ترکیب دہ روشنائی کہ چند مازو لیکر ایکوافورٹس میں ابالیں وہ اس میں تھوڑا سا گوند لیکر اور ذرا سا سلفیورک ایسڈ (گندھک کا تیزاب) ڈالیں اس روشنائی سے جو مرضی چاہے لکھیں، دو چار دن بعد لکھا ہوا غائب ہو جائے گا، کاغذ سفید رہ جائیگا۔

حروف آگ دکھانے سے سبز ظاہر ہوں نائٹریٹ آف کوبالٹ نکل سے لکھ کر خشک کریں تو کچھ پڑھا نہ جائیگا لیکن آگ دکھانے سے حروف سبز نمودار ہوں گے

کالا جادو کے حیران کن شعبدات

عجیب آئینہ یہ کہ اگر آئینہ کو تختے یا مینڈک کا لہو لگا دیا جائے تو جو کوئی اس آئینہ

میں دیکھے اسے اپنا منہ کتے کا سا نظر آئے گا۔

حمام سرد کر دینا اگر چاہے کہ حمام سرد ہو جائے تو چقندر کے پتے اور عقرقرحا ہر دو ہم وزن پیس کر حمام کے پانی بہنے کی جگہ یعنی نالی میں ڈال دے، حمام فوراً سرد ہو جائیگا اور گرمی جاتی رہے گی۔

ہاتھ آگ میں نہ جلے گیرو پھٹکری اور ابرک تینوں ہم وزن لے کر سرکہ میں پیس کر ہاتھ میں لگاؤ اور آگ میں ڈالیں ہاتھ نہ جلے گا۔

بھڑ کو مارنا اور پھر زندہ کرنا ابن زہیر لکھتا ہے کہ اگر بھڑ پر مٹی کا تیل چھڑک دیا جائے تو وہ مر جاتی ہے اور پھر اگر اس پر سرکہ چھڑک دیا تو زندہ ہو جاتی ہے۔

نوٹ:۔ واضح ہو کہ تیل چھڑکنے سے دراصل بھڑ مرتی نہیں ہے لیکن مردہ کی طرح بے حس ہو جاتی ہے صرف دیکھنے والوں کو مردہ نظر آئے گی۔ کیونکہ جب ایک دفعہ روح بدن سے نکل جائے تو دوبارہ بدن میں نہیں آتی، دیکھنے والوں کو مردہ نظر آئے گی، ہاں اگر اس پر چراغ کا تیل چھڑک دیا جائے تو بیشک مر جاتی ہے لیکن پھر زندہ نہیں ہو سکتی۔

چراگاہ میں گائے نہ آئے

اگر یہ تماشا دکھانا ہو کہ چراگاہ میں گائے ہرگز نہ آئے تو اس جگہ بھیڑیے کی دم لٹکا دیں اور گائے کو اس طرف لیجاویں ہرگز نہ جائیگی بھاگی رہنا

منظور کریگی۔ مکھیوں کو آواز دیکر جمع کرنا کہ یہ تماشہ بھی عجیب وغریب ہے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی شکل کا بیت تا بنہ کا بنایئں اور اندر سے کچھ کھلا رکھیں اور اسمیں بھیڑیئے کا ذکر رکھدیں اور ایک جگہ رکھکر مکھیوں کو آوازیں دیں جن جن مکھیوں کو آواز پہنچیگی وہاں آکر جمع ہو جایئں گی۔

تمام مکان سرخ معلوم ہو: حکیم نورالسلام لکھتا ہے کہ بیر بہوٹی کو گلاب میں پیس کر روئی تر کرکے بتی بنالیویں اور چراغ میں تل کا تیل ڈال کر رکھدیں تمام گھر سرخ معلوم ہوگا۔

بچھو پکڑنا:۔ تخم حماض کھاکر اگر کوئی شخص بچھو کو پکڑے تو کوئی ضرر نہ ہو بے شک وہ ڈنک مارے:۔

دھواں لگنے سے کانچ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے کہ ابن رہبر لکھتا ہے کہ جس کمرے میں کانچ ہو اگر وہاں جونک کی دھونی دی جائے تو کانچ دھواں لگنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔

سرکہ دیکھتے دیکھتے شراب بن جائے:۔ اگر سرکہ میں چقندر کے پتے کا پانی ڈال کر رکھدیں تو چار گھڑی میں شراب بن جاتی ہے۔

لکھے ہوئے کاغذ کو سفید کر دینا:۔ اگر لکھے ہوئے حروف پر سنگ تیلیشور ملیں، تو حروف اس طرح محو ہو جایئں کہ دیکھنے والا کہے گا کہ کبھی لکھا ہی نہیں گیا تھا اور کاغذ بالکل کورا ہے۔

شراب دیکھتے دیکھتے سرکہ بن جائے

عجیب وغریب ہے۔ شراب لیکر اس میں چقندر کے پتوں کا پانی ڈال دیں، دو گھڑی پڑی رہنے دیں سرکہ بن جائیگا۔

کبوتر کو بھگانا اگر کبوتر کے رہنے کی جگہ ستنگ کلب ڈالدیا جائے تو وہ جگہ چھوڑ کر چلے جائیں۔

مجلس میں شور وغوغا برپا کرنا اگر مجلس میں ستنگ کلب ڈال دیا تو وہاں کے آدمی بہت کھیل کود اور شور و غل تماشہ شروع کردیں۔

منہ میں آگ جلانا اگر عقر قرحا اور تبشا و بہمن باریک پیس کر منہ کے اندر چاروں طرف خوب مل کر پھر منہ میں آگ رکھیں تو ہرگز نہ جلے۔

کینچوے پیدا کرنا چیل جو ایک قسم کا درخت ہے کثیر الوجود اس کے نیچے لیکر زمین میں گڑھا کھود دیں، اس میں بکھیر دیں اور اوپر مٹی ڈال کر پانی ڈالیں کینچوے پیدا ہو جائیں گے۔

پسّو ایک کمرہ میں جمع کرنا اگر کسی برتن میں گائے کی چربی لگادی جائے اور اسکو کمرہ میں رکھ دیا جائے تو اس کمرہ کے تمام پسّو اس برتن میں جمع ہو جائیں گے۔

گھوڑا لنگڑانے کو

اگر کسی چوپائے کو پاؤں گھوڑے کی دم سے باندھ دیں تو لنگڑانے لگے گا۔

سرکہ میٹھا ہو جاوے اگر سرکہ میں ذرا سا مردار سنگ ملادیا جائے تو میٹھا ہو جائے اور ترشی جاتی رہے۔

مردہ مکھی زندہ ہو جائے: اگر مری ہوئی مکھی پر فوراً لوہے کا میل ڈالدیا

جائے تو وہ مکھی زندہ ہو جائے گی۔

چراغ کی روشنی میں آدمی بغیر سر کے دکھائی دیوے:۔ ابن وحشیہ لکھتا ہے کہ ہری مکھی لیکر پہر اس کا جل کر کے سرمئی یا ہرے کپڑے میں پیٹ کر بتی بنا کر سبز چراغ میں تل کے تیل کے ساتھ روشن کیا جائے جو مکان میں ہو گا بغیر سر دکھائی دیگا۔

مینڈک کو بولنا بند کر دیں کے اگر کسی جگہ مینڈک بول رہے ہوں اور ان کو چپ کرانا ہو تو مگرمچھ کی چربی میں گھی ملا کر چراغ میں ڈال کر بتی روشن کر کے اس جگہ رکھدیں تمام چپ ہو جائیں گے۔ جب چراغ وہاں سے اٹھا لو گے تو بدستور بولنا شروع کر دیں۔

بغیر آگ کے گوشت کی ہانڈی پکے:۔ ہانڈی میں گوشت اور مصالحہ وغیرہ بھر کر اس میں بورہ دیو ایک قسم کا نمک ہے ڈالدیں تو ہانڈی بغیر آگ پکنے لگے گی۔

کپڑا آگ میں نہ جلے:۔ کتان کا کپڑا نیلم کے پانی میں دھو کر اس پر انڈے کی سفیدی میں پھٹکری کا سفوف ملا کر لگا دیں یہ کپڑا نہ جلے گا۔

کتا ناچنے لگے اگر دار چینی باریک پیس کر آٹے میں ملا کر کتے کو کھلادیں تو وہ ناچنے لگے گا۔

نوٹ

ایک دوسری کتاب میں لکھا ہے کہ اس آٹے کی روٹی پکا کر کھانی چاہیئے کتا ناچے گا بھی اور رونے گا بھی۔

ہانڈی کا جوش بند ہو جائے جنگلی مینڈک کو خشک کر کے اسکی بڑی لیکر ابلتی ہوئی ہنڈیا کے ڈھکنے پر رکھدو تو ابلنا فی الفور بند ہو جائے گا۔

کچے دھاگے سے سخت ہڈی کا کاٹنا } روئی کا کچا نازک دھاگہ لے کر نمک اور خاکستر سے تر کر کے خشک کر لیں پھر اسے ہڈی پر پھیرو ہڈی کٹ جائیگی۔

خوشبو سونگھے رونے لگے } سفید پھٹکری روغن بادام یا روغن گل یا روغن زیتون میں ملا کر مٹی یا کسی خوشبودار چیز میں ملا کر یہ مرکب جسے سونگھاؤ گے فی الفور رونے لگ جائیگا۔

برتن میں سے آواز آئے } جو ناریل زہندی کو کوزے میں ڈال کر اس کا منہ خوب اچھی طرح بند کر دو پھر اس میں قدرے پارہ اور گندھک ڈال کر مٹی سے بند کر دو بھاری آواز اس سے آئیگی۔

دیگر:- جو ناریل زہندی لیکر اس میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اس کا تمام مغز نکال ڈالو پھر اس میں قدر پارہ اور گندھک اور زرنگار ڈال کر مٹی سے منہ بند کر دو اور خشک کر کے آگ پر رکھو تو اس میں سے عجیب قسم کی آواز پیدا ہوگی

بیجان بچھڑا بولے } ایک بچھڑا کا بت کسی چیز کا بنائیں۔ اور وہ اندر سے خالی رکھیں اس میں ایک مینڈک رکھ کر تمام سوراخ بند کر دو صرف ناک کے سوراخ کھلے رکھو بعد ازاں تھوڑی سی گندھک اس کی ناک کے سامنے جلاؤ جب اس کا دھواں مینڈک کو پہونچے گا، عجیب قسم کی آواز کریگا دیکھنے والے گا کہ بچھڑا بول رہا ہے۔

کپڑا آگ میں نہ جلے

شنگرف، زعفران اور گلاب تینوں حل کر کے اس میں کپڑا بھگو لو اور اس کپڑے میں پتھر اور کافور لپیٹ کر اس کو آگ میں پھینک

ہ کپڑا ہرگز نہ جلے گا، بلکہ آگ بجھ جائے گی۔

دیگر:۔ باریک کپڑا لیکر اسے کسی دھات کی پیالی کی پینڈی پر خوب کس کر پھیلاؤ، کہ شکن ہرگز نہ رہے پھر اس پر آگ کا دہکتا ہوا انگارہ رکھدو کپڑا نہ جلے گا۔

پکی ہوئی مچھلی تھالی میں اچھلے } ایک ریٹھا لیکر اس کو اندر سے خالی کرو اور اس میں پارہ ڈال کر منہ اچھی طرح سے بند کر کے پکی ہوئی مچھلی گرم گرم میں یہ ریٹھا رکھ کر مچھلی تھالی میں رکھدو مچھلی اچھلے گی۔

بھنا ہوا پرندہ تھالی میں آواز دے: پرندے کو ذبح کر کے اسکو صاف کرو اور اس کے گلے میں تھوڑا سا منتر نارجیل رکھ کر تنور میں لٹکا کر بھون لو جب تھالی میں رکھے گے تو آواز دے گا۔

ذائقہ دور ہو:۔ اگر کوئی آدمی عناب کی پتی چبالے تو پھر خواہ کوئی چیز کھائے ہرگز ذائقہ نہ معلوم ہوگا حتی کہ مصری کی ڈلی بھی پھیکی معلوم ہوگی، اگر اس اثر کو زائل کرنا چاہو تو ترش شہد یا رائی کو پانی میں ملا کر اس سے کلی کراؤ

گدھے کو بیہوش کرنا } کریلا گدھے کے گلے میں باندھنے سے گدھا فی الفور بے ہوش ہو جاتا ہے جب اتارلیں تو ہوش میں آجاتا ہے،

دیگر:۔ ہزار پایا نامی جانور گدھے کے کان میں رکھنے سے گدھا ایسا بیہوش ہو جاتا ہے کہ گویا مردہ ہے جب اس کے کان سے نکال لیں تو ہوش میں آجاتا ہے

لوگ خواہ مخواہ ہنسیں } جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر چھوڑ یں یہ قت

ضرورت یہ مٹی دستر خوان کے نیچے بچھا دیں۔ جتنے لوگ بیٹھے ہوں گے بہت ہنسیں گے اور ہنسی کے مارے کھانا نہ کھا سکیں گے۔

دیگر: خرگوش کی مینگنی آگ پر رکھیں۔ تو حاضرین سے ایسی حرکات سرزدہ ہوں گی۔ جو ہستی کا موجب ہوں گی۔

پانی دیکھتے دیکھتے فالودہ بن جائے } کیترا گوند زعفران اور کھانڈ تینوں مناسب مقدار میں لے کر باریک پیس کر چھوڑیں بوقت ضرورت صاف پانی کا بھرا ہوا گلاس لیکر لوگوں کی نظر بچا کر اس میں سفوف مذکور چھوڑ دو۔ اور کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دو ایک گھڑی بعد گلاس پر سے کپڑا اٹھا دو۔ نہایت صاف فالودہ جما ہوا ہوگا خود کھاؤ لوگوں کو کھلا دو۔

دیگر:- چاکسو کو اس باریک پیس کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑی سی پانی کے گلاس میں ڈال کر گلاس رکھ دیں تھوڑی دیر بعد فالودہ تیار ہوگا

سونے کی چاندی بن جائے } ملک جاپان کے ٹھگ پچھلے وقتوں میں ایسا کیا کرتے تھے۔ کہ جب کبھی کوئی شخص سونے کا زیور ان کے پاس فروخت کرنے آتا تو وہ آزمائش کے بہانے آہستہ بکن گھاس کے عرق میں زیور کو گرم کر کے مل دیا کرتے تھے وہ چاندی بن جایا کرتا تھا۔

خشک پھول تازہ کرنا } چنبیلی کا غنچہ توڑ کر ان کی ڈنڈیوں پر موم لگا کر پانی میں کوزہ لوں

تو بیس کر اس پر وہ غنچہ رکھ چھوڑیں اور سایہ میں خشک کریں جب پھول درکار

ہوں تو موم ڈنڈیوں سے چھڑا کر غنچہ کو پانی میں چھوڑ دیں اور ہوا میں رکھدیں تھوڑے عرصہ میں بالکل تازہ پھول بن جائیں گے۔

منہ میں کافور جلانا:۔ کافور کی ٹکیہ لیکر اس کے نیچے نوشادر اور مٹی کی ٹکیہ بناکر چسپاں کریں اور جلاکر منہ میں رکھیں زبان کو ہرگز تپش نہ پہونچیگی

منہ میں آگ رکھنا:۔ کافور اور عقر قرحا منہ میں چبا کر تھوڑی دیر میں منہ میں رکھیں اور پھر دیودار کی لکڑی کا ایک کوئلہ منہ میں رکھیں پھر باہر نکال دیں منہ ہرگز نہ جلے گا۔

منہ میں آگ کے شعلے نکالنا: منجھ کی رسی لے کر چاقو یا قینچی سے خوب باریک رگڑیں اور پارچہ کھدر کی کترلے کر اس میں کتری ہوئی منجھ رکھ کر پوٹلی بنادیں اور دھاگہ سے منہ ڈھیلا کر کے باندھ دیں اور آگے بڑھی ہوئی کترپھیلا دیں آگے سے منجھ نظر آنے لگے گی، اس پر ایک چنگاری آگ کی رکھ کر پوٹلی کو منہ میں ڈال لیں صرف اس کا منہ باہر رہے اور خوب زور سے سانس کو اندر باہر کھینچیں مگر اندر ناک کے راستے کو اور منہ کے راستہ باہر نکالو پھر دھواں اٹھیگا پھر شعلے نکلیں گے اگر اس کا دھواں اندر بھی چلا جائے گا۔ تو کوئی حرج نہیں پارچہ کھدر بیشتر پانی میں ترکر کے رکھنا چاہیئے۔

طلسمی سانپ

گندھک ڈیڑھ چھٹانک کافور ۵ تولہ ان چاروں کو علیحدہ پیس کر باہم ملا کر رقیق سریش ملائیں اور خوب پیس کر ایک رتی پھٹکری ملالیں اور بنادیں بوقت ضرورت ایک بتی کو آگ لگادیں وہ سانپ بن جائے گا

پانی میں آگ جلے:۔ ایک کافور کی ٹکیہ لیکر اس کو آگ لگاکر پانی میں

چھوڑ کر دیکھیں تو جلتی رہے گی، لوگوں کو معلوم ہوگا کہ پانی جل رہا ہے۔

چراغ میں بجائے تیل کے پانی جلے موم کو پگھلا کر اس میں زال کا سفیدہ ملا کر کپڑا تر کر کے بتی بنائیں، اور چراغ میں بجائے تیل کے پانی ڈال کر اس بتی کو رکھ کر جلائیں، بتی جلتی رہے گی۔

چراغ آندھی میں بھی جلتا رہے سن سے تیار کردہ کپڑا لے کر نمک کے پانی میں تر کر کے خشک کر لیں پھر اس کپڑے کو موم بتی کے گرد لپیٹ دیں اور موم بتی کو روشن کریں آندھی میں بھی جلتی رہے گی۔

فوراً درخت اگانا تلسی کے بیج، تخم کشوم کے تیل میں ملا کر مٹی کے برتن میں ڈالو اور اوپر تھوڑی بھگو دو آٹھ دن کے بعد نکال کر حفاظت سے رکھو وبوقت ضرورت ان کو زمین کھود کر بو دیں اور اوپر پانی ڈالیں ایک گھنٹہ کے بعد پودا اگ آئے گا۔

پھولوں کا رنگ تبدیل کرنا:۔ پھول کو گندھک کا دھواں دیں رنگ بدل جائے گا، پھر اصلی حالت پر لانا چاہیں تو گڑ کا دھواں دیں۔

دیگر

نوشادر اور چونہ کو پانی میں حل کر کے پھولوں میں لگانے سے بھی پھولوں کا رنگ بدل جاتا ہے اور پانی میں تھوڑی دیر رکھنے سے اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔

چھلے کا ناچ ایک چھلہ اس قسم کا بناؤ، جو اندر سے خالی ہو اس میں پارہ بھر دیں اور منہ اچھی طرح بند کر دیں

اب چھلّے کو گرم کرکے میز پر رکھیں تو چھلّہ خوب ناچ کریگا۔

بلا کھونٹی کے کھڑاؤں پر چلنا سفید گھونگچی باریک پیس کر کھڑاؤں پر رگادیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت پاؤں کو پانی سے دھوکر کھڑاؤں پر کھڑے ہوجائیں وہ پاؤں سے چپک جائیگی اور آسانی سے چل سکو گے

پانی خون بن جائے شیطرج جو ایک مشہور چیز ہے ایک عدد لیکر زبان کے نیچے رکھیں اور ایک پیالہ پانی کا لاکر باحتیاط اور صفائی کے ساتھ اس کا لعاب ڈالدیں تمام پانی سرخ رنگ کے مانند خون ہوجائے گا،

کاغذ سے تحریر مٹانا نوشادر، سہاگہ، سنکھیا ہموزن ملاکر حروف کے اوپر مل کر دھوپ میں رکھ دیں تو حروف اڑجائیں گے نوٹ: سنکھیا ایک زہریلی چیز ہے لہذا احتیاط رہے۔

بغیر آگ جوار بھوننا تھوڑی سی جوار لیکر تین شبانہ روز پانی میں تر رکھیں اور خشک کریں اور احتیاط سے رکھ چھوڑیں۔ بوقت ضرورت تھوڑے دانے لیکر تمام حاضرین کو دکھاکر مٹھی میں خوب بند کرلیں ہاتھ کی گرمی سے بھن جائینگے۔ لیکن کھانے نہیں چاہئیں۔

جادو کا نشانہ

اگر بندوق میں بجائے گولی کے پارہ ڈال کر اور بندوق کے آگے کپڑا تان کر کسی جگہ نشانہ کریں تو نشانہ بالکل درست آئے گا، لیکن کپڑا محفوظ رہے گا۔

انڈے کو بوتل میں ڈالنا:۔ پہلے چند روز انڈے کو تر کرکے بھگودیں

جب بالکل نرم ہو جائے تو اس کو بوتل کے منہ میں ڈال دیں وہ اندر چلا جائے گا پھر اس میں سرد پانی بھر دیں دو تین بعد سخت ہو جائے گا اب پانی دیں دیکھنے والے حیران ہوں گے کہ انڈا بوتل میں سرکہ ڈال دیں نرم ہو جائے گا، پھر نکال لیں۔

دو مرغ لڑائی میں جلد ہوں ایک مرغ کی آنکھ میں سنگ مقناطیس باریک کرکے ڈال دیں اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آہن باریک شدہ ڈال دیں یہ دونوں مرغ ایک دوسرے سے خوب لڑیں گے۔

خوب ہنسی ہو بروز شنبہ جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی مٹی اٹھا کر باحتیاط رکھیں جب شغل دیکھنا ہو تو یہ مٹی دسترخوان کے نیچے رکھ دیں، ہنسنے لگ۔ دسترخوان پر کھانا کھانے بیٹھیں گے سب مارے ہنسی کے لوٹ پوٹ ہوتے جائیں گے۔

چور پکڑنا

یہ دراصل شعبدہ ہے اس ترکیب سے بعض بناوٹی فقرے چوروں کو پکڑتے ہیں، وہ ایسا کرتے ہیں کہ ٹھیکری کو پانی میں گھول کر اس سے سفید کاغذ کے ایک پرزے پر ایک، نام لکھ لیتے ہیں خشک ہونے پر کچھ نظر نہیں آتا اور بہت سے کورے پرزے ملا لیتے ہیں پھر ان پرزوں کو لے کر ان لوگوں کے درمیان بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم ابھی چور کا نام معلوم کریں گے دکھاوے کیلئے پڑھتے جاویں گے اور آگ کے آگے

پرزوں کو پھینکتے جاتے ہیں، اچانک جب وہ پرزہ جس پر کچھ لکھا ہوا ہوتا ہے جب آگ کے آگے کیا جاتا ہے تو اس پر حروف نمودار ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بس ہم نے معلوم کر لیا ہے ٹھیک صحیح کہ نام ظاہر کر دیں گے

جو چور ہوتا ہے اس کے دل میں ڈر پیدا ہو جاتا ہے اور راتوں رات ہی جیقر کے حوالے کر کے توبہ کرتا ہے اس طرح مال برآمد ہو جاتا ہے۔ نوٹ:۔ عام طور پر پرزے پر کوئی نام نہیں لکھتے، بلکہ خاص نشان بنا لیتے ہیں تاکہ کوئی دوسرا آدمی پڑھ بھی نہ لے یہ خاص علم ہے۔

کپڑا نہ جلے پھٹکری نمک، سفیدی بیضہ، مرغ، پھٹکری، اور نمک ہموزن لے کر خوب پیسیں اور سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر کپڑے پر لیپ کریں اس کپڑے کو خشک کر کے اس پر آگ کا دہکتا ہوا انگارہ رکھیں تو کپڑا نہ جلے گا۔

کپڑے سے شعلے نمودار ہوں

یہ بھی عجیب طلسم ہے عام طور پر شعبدہ باز اس پر خوب اکڑا کرتے ہیں، لیکن بات کچھ بھی نہیں ترکیب تیاری حسب ذیل ہے۔

سپرٹ آف وائن اعلیٰ درجہ اول ایک اونس لیکر شیشی میں بند کریں اور اس میں اڑھائی ماشہ پھٹکری باریک پیس کر ڈالیں اور فوراً دیا سلائی لگا دیں کپڑے میں سے خوب شعلے نکلیں گے لیکن کپڑا اٹھا دگے تو وہ

بالکل محفوظ ہوگا

نوٹ:۔ یہ شرط ہے کہ سپرٹ اعلیٰ درجہ کی ہو گھٹیا اسپرٹ کے استعمال سے کپڑے کے جل جانے کا خطرہ ہے۔

کپڑا سادہ پانی ڈالنے سے رنگ بدلے:۔ پہلے کپڑے کو ہلدی کے پانی میں خوب زرد رنگ لو اور باحفاظت رکھو پھر چونا رکھو پھر چونا ان بجھا کو پانی میں ڈالو اور پڑا رہنے دو اوپر کا مقطر پانی لے کر ایک بوتل میں جمع کر لو بوقت ضرورت ہلدی میں رنگا ہوا زرد کپڑا سب کو دکھائیں اور چونے کے پانی میں جو بالکل سادہ پانی معلوم ہو ڈبو دیں تو کپڑے کا رنگ فوراً سرخ ہو جائے گا، جس کو دیکھ کر لوگ بہت حیران ہوں گے اب اس کپڑے کو پھٹکری کے پانی میں ڈال دیں تو پھر اصل رنگت یعنی زردی پر آ جائے گا۔ لیکن لوگ مزید حیران ہوں گے۔

جادو کا رنگ

ایک سفید موٹا کپڑا لے کر پہلے اس کو پانی میں دھوئیں تاکہ آٹا وغیرہ سے پاک ہو جائے پھر زرانس درخت کی سائیں خوب باریک پیس کر پانی میں ملائیں اور پانی کو چھان کر اس میں کپڑا ڈبو کر تر کر خشک کر لیں۔ اب کپڑے میں پھٹکری کے پانی میں جو نقش و نگار یا عبارت مرضی چاہیں تحریر کریں اور خشک کر کے چھوڑ دیں خشک ہونے پر کچھ معلوم نہ ہو گا اور سفید کپڑا دکھائی دیگا

جب تماشہ دکھانا ہو تو مجیٹھی رنگ کو پانی میں جوش دیں جو کچھ آپ نے

پھٹکری کے پانی سے تحریر کیا تھا وہ صاف ظاہر ہوگا، باقی تمام کپڑا سفید رہیگا دیکھنے والے حیران ہوں گے یہ ترکیب علاوہ شعبدہ بازی کے رنگریزوں کیلئے بھی نہایت منافع رساں ہے۔

ہتھیلی پر سرسوں جمانا } اول سرسوں کو دودھی گھاس کے عرق میں بھگو کر چار پہر تک سایہ میں خشک کریں اس کے بعد اس پر پانی کا چھینٹا دے کر ہاتھ پر مٹی رکھ کر اس پر بو دے تو ضرور سرسوں جم جائے گی۔

پانی دودھ بن جائے } ارنڈی کی گری پانی میں پیس کر اس کے اندر کی طرف اردگرد اس کا لیپ کریں اور خشک کرکے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت سب دکھلا کر اسمیں پانی ڈالیں تو وہ پانی دودھ معلوم ہوگا

گدھا رینگے :- گھی اور تیل ملا کر گدھے کے چوتڑ پر لگا دو جب تک یہ لگا رہے گا گدھے کا رینگنا بند رہے۔

پیٹ میں اناج بولے :- منگل یا اتوار کے دن چیکو زر کو ہانڈی میں بند کرکے کسی کھیت کی شمال کی طرف دبا دیں تو کوئی اس کھیت کے غلے کو چیرا کھائے گا۔ اس کے پیٹ میں وہ اناج بولے گا اس ترکیب سے چور پکڑا جائے گا۔

چھلنی میں سے پانی نہ گرے :- چھلنی میں سے سات بار گھیکوار کا گودا ملکر سایہ میں خشک کرکے اب اس میں پانی ڈالیں تو پانی ہرگز نہ گریگا

کپڑا پانی میں ہرگز تر نہ ہوگا } عرق برگ بوئے تلخ میں تین بار کپڑے کو تر کرکے سائے میں خشک کرے اگر اس کپڑے پر پانی ڈالے تو کپڑا تر نہ ہوگا

بجھا ہوا چراغ روشن ہوگا اگر چراغ بجھ گیا ہو اور بتی قدرے چمکتی ہو، اس پر گندھک پیس کر چھڑک دے چراغ روشن ہو جائے گا۔

پھول ظاہر ہوتے ہیں:۔ تیل دھتورہ تیل آملہ دونوں میں فتیلہ تر کر کے جلادے پھول ظاہر ہوں گے،،

روشنی میں سانپ نظر آویں:۔ سانپ کی کینچلی کی چار بتیاں بنادیں اور چاروں کو ہر چہار کونے میں جلادیں سانپ ہی سانپ نظر آویں گے

نوٹ:۔ بتی کو چراغ میں جلانا چاہیئے۔

چراغ کی روشنی میں برہنہ ہو:۔ جونک لاکر باریک پیس کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر شب کو فتیلہ جلادے، جو کوئی اس روشنی میں آویگا کپڑے دور کریگا۔ نہایت اعلیٰ کھیل ہے۔

چراغ کی روشنی میں آدمی ناچیگا اور ناچیگا:۔ بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر جبکہ وہ تڑپنے لگے خود ناچتا رہے جب ٹھنڈی ہو جائے تب نرم باڑی روئی میں اس کی بتی بنا کر شب کو چراغ روشن کر کے گل کر دے اور اس بتی کو جلادے تمام آدمی ناچنے لگیں گے۔ جب تک بتی جلتی رہے گی، جب بتی کو گل کر دو گے تو کچھ نہ ہوگا۔

عمل خود غائب ہونے کا

بروز یکشنبہ (اتوار) کو کنکری بیضہ جانور ٹیڑی کو کنارے تالاب یا دریا ہوتی ہے اس کے بیضہ کے نیچے جتنی کنکریاں ہوں سب اٹھا لوے

اور روبرو آئینہ کے رکھ کر ایک ایک کنکری منہ میں ڈالتا جاوے اور
پھر باہر نکال لیوے اور آئینہ کو دیکھتا جاوے جو سی کنکری آئینہ کی
شکل سے غائب ہو جاوے اس کنکری کو لے آوے وقت ضرورت منہ میں
ڈال لے تو منہ سب کی نظروں سے غائب ہو جاوے گا۔ جس وقت
کنکری کو منہ سے نکال لے ظاہر ہو جاوے گا۔

عمل ازار بند توڑ دے } بروز ہفتہ یا اتوار جبکہ چڑا اور چڑی آپس میں جفتی کرتے ہوں تب
ایک کچے سوت کا تاگا جو کسی کنیا لڑکی کا کاتا ہوا ہو جب تک وہ جفتی
کریں تب تاگے کو گرہ دیتا جاوے اور بعد میں پھر لوبان کی دھونی
دیوے۔ پھر اس تاگے کو راستے میں ڈالے جو عورت اس پر سے گذرے
گی اس کا ازار بند ٹوٹ ٹوٹ جائے گا مگر یاد رہے کہ دن ہفتہ یا
اتوار ہو۔

عمل زیادہ کھانا کھانے کا:۔ جو پتہ ہوا کے ساتھ بگولے میں
اوپر جاوے اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑ لے ساتھ پیک
خوک کے کمرے میں باندھے تو اڑھائی من کھلائے گا۔

پانی میں چراغ جلتا رہے۔ ٹھیکری کا پانی کافور کا پانی
بروز منگل چراغ میں بھر کرے بتی جلا دے چراغ روشن

دیگر

کافور کی بتی بنا کر چراغ میں جلاوے روشن رہے گا

دیگر } عرق سہ برگہ عرق کھیکار کو فتیلہ پر سات
بار ملے اور جلاوے تو روشن رہے گا۔

انگلی پر لگانے سے انگلی نظر نہ آوے عرق سہ برگہ اور عرق انکول ملا کر اپنی انگلی پر لگاوے تو تمام آدمیوں کو انگلی نظر نہ آویگی۔

پتوں پر ڈالنے سے مثل چراغ روشن رہیگا چراغ خام میں روغن انکول بھری اور بتی جلاوے، اور درخت کے نیچے رکھے ہر ایک پتہ مثل چراغ کے روشن ہو جائے گا۔

سرسوں سبز ہو جائیگی مٹی کے گوندہ میں سرسوں کو عرق انکول میں تر کرکے ڈالے بعد چار گھڑی کے سرسوں سبز ہوں گی، دیگر سرسوں کو سات مرتبہ شیر سگ مادہ میں تر کرکے خشک کریں اور پھر بول خر میں بدستور تر کرے، پھر گوندہ میں وہ سرسوں ڈال دے چار گھڑی بعد سرسوں سبز ہو جائیگی۔

درخت آم پیدا ہوگا عرق بوئے تلخ میں آم کی گٹھلی تر کرکے اور سانپ کی بل کی مٹی میں دفن کرے بعد پہر بھر کے آم کا درخت پیدا ہوگا۔

بغیر چراغ کے روشنی ہوگی

اُلّو کی کھوپری تیل روغن انکول و روغن انکول و روغن کنجر سیاہ سے تر کرکے تیل بنا کر کاجل اتارے جو کوئی آنکھ میں لگاوے اندھیرے میں روشنی ہوگی۔

جسم پر طلا کرنے سے دوسروں کو بڈھا معلوم ہو۔ پیروز مذکل

۱۲ انجی دن کے سرسوں سفید پیس کر اور بکری کا پیشاب ملا کر اور اس میں روغن انکول ملا کر تمام دن پر لیپ کرے تمام آدمیوں کی نظروں میں بڈھا معلوم ہوگا

عمل نظر بند ھنے کا:۔ لکڑی کو بخ کی لا کر بروز یکشنبہ مرگھٹ پر بوقت شب جاوے اور تیل کی چھتا پر جو اسی روز جلایا ہو دفن کر دے پھر منگل کو بارہ بجے رات کے جا کر نکال لاوے۔ پھر اس لکڑی کو چاروں طرف گھماوے جو شخص اس لکڑی کو دیکھے گا نظر بند جاویگی۔

دیگر:۔ روغن انکول بروز یکشنبہ عرق برگ لاجونتی ملا کر ہاتھ میں ملے جو کوئی ہاتھ دیکھے گا اس کی نظر بندھ جائے گی۔

کبوتر کا پر رکھنے سے کبوتر دکھائی دیگا بروز یکشنبہ عروج ماہ میں کبوتر سیاہ یا سفید روغن انکول میں تر کر کے اپنے پاس رکھے، اور ہر وقت تماشے کے ہاتھ پر اس پر کو رکھ کر کہے کہ کبوتر ہاتھ پر ہے جس قسم کا پر کا ہوگا اسی طرح کا کبوتر دکھائی دے گا۔

مکان وغیرہ سب چیزیں سبز معلوم ہوں مدر جگنو کا کاٹ کر ہرن سقنی جھلی میں لپیٹے، اور اس زنگار چھڑک کر روغن شیریں سے جلاوے مکان وغیرہ سب اشیاء سبز معلوم ہونگی۔

جہاں چلا جاوے دہشت نہو

اگر پوست گرگ کھال بھیڑیئے کی کا تسمہ بنا کر کمر میں باندھیں اس کی تاثیر سے رات کو جہاں چلا جاوے دہشت کبھی نہ ہو

پانی میں نہ ڈوبے دو منہ والے سانپ کے خون میں کپڑا بھگو کر دھوپ سکھا دے اور پھر اس کی گولی بنا کر منہ میں رکھے اور پانی پر چلے ہرگز نہ ڈوبے گا۔

جو دیکھے وہی مطیع ہو اتوار کے روز گھوگھو کی زبان اور ڈھائی پتی نیم کی خوب باریک پیس کر اس کو آنکھ میں بطور سرمہ کے لگا دے اور جس شخص کی طرف دیکھے وہ اس کا تابعدار ہو جاوے۔

پستان غائب ہوں چھوئی موئی (لاجونتی) کی پتی کے اتوار کے روز ہاتھ میں ملے جب کسی عورت کو دونوں ہاتھ کھلا کر بند کرے تو اس کے پستان غائب ہو جائیں گے اگر ایک مٹھی کھول دے گا، تو ایک پستان ظاہر ہو گا۔ اگر دونوں کھول دیگا تو دونوں برآمد ہوں گے۔

طلسمی آئینہ اگر پستان مادہ سگ کاٹ کر پشت آئینہ پر چسپاں کر دے پھر جو شخص اسکو دیکھے گا اسکی شکل مشابہ سگ معلوم ہوگی۔

انڈے کا عجیب کرتب

میں نے خود آزمایا ہے۔ کہ اگر تیزاب گندھک یا شورے کا ایک پانی کے بھرے ہوئے پانی میں ڈالیں اور وہ جب اس میں حل ہو جائے تو ایک انڈا چھوڑ دیں تو اول وہ انڈا پانی میں بیٹھ جاویگا مگر تھوڑی دیر کے بعد اس میں پانی کے بلبلے ہونے شروع ہوں گے اور وہ انڈا خوب زور سے چکر کھانے لگے گا واضح ہو کہ سب

تیزاب سے عمدہ نمک کا تیزاب ہے۔

پیاسا انڈا چونک اگر انڈے میں ڈالیں اور پھر اس کو پانی کے نزدیک تو یہ انڈا پانی میں خود بخود چلا جائیگا۔

کالا جادو کے اعلیٰ اعلیٰ شعبدات

دو چراغوں کے شعلے آپس میں لڑیں ایک چراغ میں بھیڑیئے کی چربی اور دوسرے میں بکری کی چربی رکھ کر سنبل کی روئی کی بتی بنا کر ڈالے اور ایک دکھن کی طرف اور دوسرا اتر کی طرف اپنے سامنے ایک ہاتھ کے فاصلہ پر رکھ کر جلا دے پھر دونوں شعلے آپس میں ایسا لڑیں گے کہ دیکھنے والے کو تعجب ہوگا، اور اگر ایک کو پہلے بجھاوٗ گے تو گل ہوں گے۔

بارش اور ہوا میں چراغ جلے سمندر پھین اور گندھک پیس کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر تلوں کے تیل میں جلا دے چراغ خواہ کیسی ہی اندھیری طوفان ہو۔

تمام گھر میں بچھو نظر آئیں

ٹیڑھی کو روغن زیتون میں بھگو کر چراغ میں روغن بجد پھر جلا دے تو تمام گھر میں بچھو نظر آویں۔

ترکاری اپلنے کی ترکیب بھادوں کے مہینہ میں منگل یا اتوار کے دن بینڈک

کو لادے اور اس کے منہ میں مٹی بھر کے اس میں سات دانے ارد کے رکھے اور اس طرح زمین میں دفن کرے کہ منہ اس کا اوپر کھلا رہے اور آب باراں یا دریا سے سینچا شروع کرے، جب درخت قائم ہو اور اس میں پھل لگ کر خشک ہو جاوے تب اتوار کے دن توڑ کر دانہ نکال کر رکھ چھوڑے پھر ان ارادوں میں سے دانے حسب ترکاری کے ٹوکرے میں رکھے سب ترکاری اچھلے گی

دو برتن آپسمیں لڑیں گے

پکھ چھتر میں اتوار یا منگل کے دن دو دانت کلے کتے کے اور دو دانت کالی بلی کے لاوے اور چاروں کو سیندور لگا کر ایک پیالے میں رکھ کر ڈھکنا ڈھانک دیں پھر دو دانت مینڈھے کے اور دو بکری کے لاوے اور سیندور لگا کر بکری کے دانت ایک پیالے میں بند کر دے اور مینڈھے کے دوسرے پیالے میں رکھ کر بند کر کے ان کو اتر اور دکھن کی طرف رکھ دے فاصلہ ایک ہاتھ ہو اور پہلا پیالہ کتے بلی والا بیچ میں رہے اور مینڈھے اور بکری والے باہر ہوں تو مینڈھے اور بکری والے پیالے لڑیں گے اور کتے بلی والا انکو چھڑا دیگا

دن میں ستارے نظر آئیں گے

سفید سرمے کو پیس کر اگست کے پھول کے رس میں سات دن تک تر رکھے پھر اس سرمہ کو آنکھ میں لگاوے دن کو ستارے نظر آئیں گے

گھر پانی سے بھرا نظر آوے

مچھلی اور بھیڑیئے کی چربی ہموزن لے کر بتی بنا دے اور چراغ میں جلاوے سب گھر پانی سے بھرا ہوا نظر آوے۔

گھر کا چھپر وغیرہ بجھانا جب کسی مقام پر آگ لگے تو ایک لوٹا پانی کا کنویں سے منگا کر لگی آگ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو، اور آگ سے انوع و اقسام کی عاجزی کر کے یہ کہنا جائے کہ اے اگن دیوتا ٹھنڈی ہو جاؤ اور جب سانس اندر کو جائے تب لوٹے سے پانی پتیا جائے آگ بجھ جائے گی۔

لیموں سے خون نکلنے کا شعبدہ کٹھل کے اس میں چھری تر کر کے خشک کرے پھر اس چھری سے لیموں کاٹے عرق سرخ نکلے گا۔

بیجان ماہی گیر ایک چینی کے پیالے میں پانی بھر دو اور ٹین یا پیتل کی مچھلیاں کمدہ بنی ہوئی جس کے منہ میں لوہے کی سیخ لطیف پوری کے لگی ہوئی ہو چھوڑ دو اب یہ مچھلیاں تیرتی رہیں گی اب لکڑی کا یا کسی اور شے کا کھلونا جس کی شکل ماہی گیر کی سی ہو کنارے پر کھڑا کر دو اس کے ہاتھ میں کنڈی ہو جس سے مچھلی کا شکار کرتے ہیں۔ مگر وہ کنڈی مقناطیسی لوہے کی ہو تم اس کنڈی کو پانی میں ڈال دو فوراً مچھلیاں بسبب کشش کے کانٹے سے چمٹ جائیں گی اس وقت سب کو باہر نکال لو گویا ماہی گیر نے شکار کیا ہے۔

سانپ مینڈک

ایک مینڈک بنا کر اس کے پچھلے پاؤں میں لوہا لگا دو اور ایک حوض میں پانی بھر کر چھوڑ دو ایک اژدھا سانپ کو بھی چھوڑ دو تو یہ سانپ تیرتا ہوا جونہی مینڈک کے پاس جاویگا

اور فوراً مینڈک کو منہ میں پکڑے گا، گویا سانپ نے مینڈک کو پکڑا ہے۔

بطخ پانی میں ڈوبتی اور تیرے

بطخ پانی میں ڈوبتی اور تیرے: موم کی پولی بطخ بناؤ، اور بجائے چونچ کے چھوٹا سا ٹکڑا مقناطیسی کا لگادو پیٹ میں نمک بھردو۔ ایک پھول کسی ہلکے دھات کا بناؤ اور ڈنڈی لوہے کی لگاؤ اس پھول کو پانی میں چھوڑ دو پھول تو تیرتا پھرے گا مگر بطخ بسبب وزن کے اول ڈوب جاویگی جس وقت نمک پانی میں گھل جاوے گا۔ اس وقت بطخ سطح پانی پر تیر آویگی اور پھول کو منہ میں پکڑے گی۔

جادو کا جہاز

ایک جہاز مع بادبانوں کے ٹین کا بنواؤ اور ایک طرف تھوڑا لوہا لگاؤ، مگر ایسا کہ جہاز بھاری وزن کے سبب ڈوب نہ جائے ایک کھنڈی مقناطیسی قوت کی بناؤ۔ جس طرف چھڑی جہاز کو دکھاؤ گے اسی طرف جہاز چلے گا، مگر چھڑی اس طرف دکھلاؤ گے جس طرف لوہا لگ رہا ہے۔

ازار بند توڑنے کیلئے

آخر ماہ منگل کے روز کمہار کا دھاگا لا کر رات کے وقت جب تارا ٹوٹے اسی وقت تاگے میں سات گرہیں دے۔ جو عورت جاتی ہو راستہ میں ڈالدی ازار بند ٹوٹ جائے گا۔

پانی سے لکھ کر آگ میں دکھاؤ حروف نظر آویں گے

قلمی شورہ کو پانی میں حل کرکے اس پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہوجانے پر کاغذ سفید اور کورا معلوم ہوگا۔ لیکن آگ دکھانے سے حروف نمودار ہوں گے

سب کی نظروں سے غائب ہونا

سب کی نظروں سے غائب کیلئے چاہیئے کہ بروز اتوار سگ سیاہ کو سیاہ تل کھلاویں اور اس کے خانظ سے تیل نکال کر مردہ کی کھوپری میں کاجل حاصل کریں اس کاجل کو جو شخص اپنی آنکھوں میں لگائے گا وہ تمام لوگوں کی نظروں میں سے غائب رہیگا لیکن خود سب کو دیکھے گا

چاول موتی نظر آویں

منگل کے دن عروج ماہ میں جبکہ کچھ چھتر ہو مرگھٹ میں چاول لے جاوے اور کسی مردے کی کھوپری میں رکھ کر لوگوں کو دکھا دیگا تو لوگوں کو نہایت نفیس موتی نظر آئیں گے۔

تمام جسم شکستہ نظر آوے

لکھا نام بوٹی برسات میں ہوتی ہے، اس کی پتی چوڑی گول رنگ سبز ہوتی ہے اس کو حاصل کرکے اس کا عرق نکالیں اور اپنے بدن پر مل کر ناظرین کو دکھلائیں انہیں تمام جسم شکستہ نظر آئے گا

عورت مرد یکساں نظر آویں

شنگرف، پوست بیضہ مرغ سرخ رنگ سمند پھین عاقرقرحا، استخوان ابنہ، ایک جگہ جمع کرکے عرق انگول میں ملاکر اتوار کی رات کو بوقت نصف شب مرگھٹ پر جاوے اور ان ادویات کو کھوپری پر رکھ کر کسی جلتی ہوئی چتا میں جلاوے پھر اس راکھ کو اپنی انگلی پر لگا کر لوگوں کو دکھائیں تو ان کی نظر بند ہو جائے گی ان کو مرد عورت یکساں نظر آئیں گے۔

جسکا کاجل آنکھ میں رہیگا وہ کسی شخص کو دکھائی نہ دیگا

بوقت خسوف بروز یکشنبہ بیخ و تل سفید، بیخ گٹائی سفید روغن انکول میں حل کر کے کسی چراغ میں رکھے اور بتی جلائے اور آدمی کی کھوپڑی اوپر رکھ کر کاجل اتارے، یہ کاجل جو آدمی آنکھوں میں لگائے گا، تو کون کی نظروں سے غائب ہوگا جب دھو ڈالے گا تو اثر زائل ہوگا۔

پھر مجلس ناچنے لگے اتوار یا منگل کو گرگٹ زرد لاویں۔ جب ماہتاب برج جوزا میں ہو اس وقت اسے مار ڈالیے، مارتے وقت جب تک وہ تڑپتا رہے، خود بھی برہنہ ہو کر ناچتا رہے۔ پھر اس کی دم کاٹ کر سکھالیں جب تماشہ دیکھنا چاہیں اس دم کا فتیلہ بنا کر چراغ میں روغن ڈال کر اسے روشن کریں اور کسی مجلس میں لے جا کر رکھدیں، تو تمام اہل محفل بے ساختہ ناچیں گے۔

بغیر کش لگائے حقہ آواز دے مدار یہ قسم کا حقہ لیکر اس کے مطابق اس میں چونے کی پیری بھر دیں کہ پانی نڑی کے برابر رہے، وقت تماشہ دیکھنے کے حقہ کو تازہ کرنے کے بجائے اس کی نڑی میں عرق لیموں میں ذرا ہوشیاری سے داخل کریں اور چلم بھر کر اس پر رکھدیں پھر کہیں شیخ جی حقہ نوش کیجئے فوراً حقہ سے حقہ پینے کی آواز نکلتی معلوم ہوگی اور دھواں بھی نکلے گا۔ ناظرین سمجھیں گے جا بجا غیبہ کوئی بزرگ یا پاک روح حقہ کے کش لگا رہی ہے۔

بغیر زنگار لوہے کا ٹکڑا شیشہ یا لوہا یا تانبا معلوم ہو لیکر اس پر نیلا تھوتھا ملادیں

اس کا رنگ برنگ تانبا معلوم ہوگا، اگر شیشہ پر ملادے تو بھی نیا نیا معلوم ہو، دیکھنے والا ہرگز جلدی نہ پہچان سکے گا، پھر اگر اصلی حالت پر لانا ہو تو نمک تماک شورے سے دھو دیا جائے اصلی حالت پر آجائے گا۔

پانی مثل برف جم جائے — نیم گرم پانی میں قدرے پشیا بساہوا ابریشم ماہی ڈالتے جائیں تو آب اجل یخ بستہ ہو جائے گا۔

پانی میں فوراً مچھلیاں پیدا ہو جائیں — مچھلیوں کے انڈے لیکر مچھلیوں کے انڈے پانی میں ملا کر اوپلوں میں رکھ لیں، اوپلے کھلتے پر مٹی کو اٹھا کر سایہ میں خشک کر کے پیس کر رکھ چھوڑیں ناظرین کو جب تماشا دکھانا منظور ہو تو ایک طشت میں پانی بھر کر اس مٹی کو اوپر سے بکھیر دیں فوراً چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پیدا ہو کر حرکت کرنے لگے گی۔

اندھیرے میں بغیر روشنی پڑھنا — جانور ہدہد کا خون خشک کر کے سفید سرمہ میں کھرل کریں اور رات کو اپنی آنکھوں میں لگائیں، جو پڑھیں بخوبی پڑھا جائے گا۔

عورت کے پستان غائب ہوں — تو چینڈی اتوار کو ایک چمگادڑ پکڑ کے اس کو سات اتوار گوگل کی دھوپ دیتے رہیں ساتویں اتوار بوقت دوپہر برہنہ ہو کر اسے ذبح کر ڈالیں۔ اسی کے خون اور لاجونتی کے پتوں کے رس سے فتیلہ روئی تر کر کے بنا دیں، پھر تانبہ کے چراغ میں روغن مالکنگنی ڈال کر اس کا کاجل پاڑیں اور اپنی مٹھی پر لگا کر جس عورت کو دکھا کر مٹھیاں بند کریں اس

کے لپتمان غائب ہوں گے کھولنے پر بدستور نظر آویں گے۔

خود سب کو دیکھے اور اسے کوئی نہ دیکھے بروز اتوار جب اماوس ہو دو مردوں کی کھوپریاں لاکر مرگھٹ میں جلاوے ایک کھوپری میں آلو کا پتہ اور گھی ڈال کر روشن کرے اور دوسری میں کاجل حاصل کرے کاجل ڈالتے وقت برہنہ رہے کسی سے گفتگو نہ کرے کاجل تیار ہوتے ہی اسے فوراً ایک تانبے کے تعویذ میں بند کر کے منہ میں رکھ دیں جہاں چاہے چلا جائے یہ سب کو دیکھے مگر اسے کوئی نہ دیکھے گا، مگر جب تک تعویذ منہ میں رکھے کسی سے بول سکتے نہیں۔

پرندوں کا شکار کرنا ہڑتال، گندھک، اجوائن خراسانی ان سب کو پیس کر شیرہ آک میں بھگو دیں پھر ان میں چاول یا دانے اور کسی اناج کے ڈال کر خشک کریں، جو جانور ان میں سے ایک دانہ بھی کھا جائے گا وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گر پڑے گا، اور اگر ہوش میں لانا منظور ہو تو روغن زیتون پلا دیں با ہوش ہو جاوے۔

کبوتر پکڑنا باقلے کو ہڑتال کے ساتھ پکا کر گولیاں بنالیں۔ اور جہاں کبوتر بیٹھے ہوں دانوں میں ملا کر اسے بکھیر دیں ان میں سے جو گولی کھائے گا بے ہوش ہو جائے گا، پکڑ لیں، روغن زیت اس کے منہ میں ٹپکائیں۔ ہوش میں آجائے گا۔

جانوروں کو قابو کرنا مرکی ہڑتال ہر دو کو آٹے میں مخلوط کر لیں اور جانوروں کو ڈالیں جو کھائے گا بے ہوش ہو جائے گا، ہوش میں لانے کے لئے سرد پانی سے نہلا دیں

دیگر نظروں سے غائب رہنا سیاہ گربہ کی آنول لے کر خشک کریں بعدہٗ تین حصّہ سونا، سولہ حصہ چاندی، بارہ حصہ تانبا لیکر ان کا تعویذ بناویں خشک شدہ آنول نال اس میں بند کر کے پہن لے جہاں چاہے چلا جائے کوئی نہ دیکھے گا۔

دیگر ترکیب ایک گربہ سیاہ مار کر کسی پوشیدہ جگہ میں دفن کریں ۱۱ دن بعد نکال کر اس کی کل ہڈیاں علیحدہ کریں بوقت ضرورت ان میں سے ایک بیرٹ کی ہڈی لے کر گھس کر ماتھے پر قشقہ کھینچے۔ سب کی نظروں سے غائب ہو گا۔

درخت سے آگ برسانے کی ترکیب باریک کپڑے کی تھیلی ایک فٹ لمبی لے کر گندھک اور شورہ پانی میں گھس کر اس میں چند مرتبہ غوطہ دیں، جب خشک ہو جائے پھر بیر کے کوئلوں کو راکھ لے کر بھر دیں، درخت میں گنجان پتوں میں باندھ کر ایک توڑہ فتیلہ کے ذریعہ رات کو آگ دیں تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد اس میں آگ برسے گی۔

کالا جادو کے متفرق عملیات

منتر حب:۔ بروز اتوار یا سنیچر برہنہ ہو کر ابجبیر کی لکڑی لاوے اور راستہ میں ہی اگر مطلوب مرد ہو تو کتے کو مارے اگر عورت ہو تو کتیا کو مارتے وقت یہ کہے اگر فلاں بن فلاں میری محبت میں دیوانہ ہو گا تو تجھ کو ہلاک کر دوں گا۔ پھر لکڑی کو زمین پر سے اٹھا کر اس کا کوئلہ بنا لے اور اپنے پسینہ ناخن تخم مردی غرض ہر چہار اشیاء کو ملا کر گولی اگر مطلوب کو پان یا دیگر خوردنی اشیاء میں

کھلادے تو وہ اس سے محبت میں پریشان ہو کر مطیع ہو گا
تلنتر حب :۔ خاک عسان آب منی منقار زاغ ، آب دہن کثافت چشم موئے زہار اور اپنے بیسیوں ناخن جلا کر بروز یکشنبہ زعفران میں حل کر کے گولیاں تیار کریں، ایک گولی کسی خوردنی چیز میں رکھ کر محبوب کو کھلاویں تا عمر مطیع رہے گا۔

تنتر حب :۔ بروز یکشنبہ اپنے بیسیوں ناخن اور زبان زاغ سفید خاک عسان کو جلا دیں اور لعاب دہن خود و خون بائیں دست کی چھنگلی کو نکال کر اس میں ملا کر گولیاں بنائیں اور اسی روز ایک گولی اپنے محبوب کو کھلا دیں مطیع ہو گا۔

تنتر حب بروز اماوس ایک سپاری لیکر اس میں سوراخ کر کے اندر اپنا تخم بھر دیں اور رات کو چوراستہ میں دفن کریں اور پھر دوسری اماوس کو علی الصبح ہی نکال لیویں اور ریزہ ریزہ کر ڈالیں اور تھوڑی تھوڑی سی لیکر پان میں رکھکر محبوب کو کھلا دیں، تاحیات تابع رہیں گے۔

تنتر حب :۔ نوچندے سہ شنبہ کو اپنے بیسیوں ناخن تراشیں پھر ایک منگل درمیان چھوڑ کر تیسرے منگل کو جلا ڈالیں۔ لوبان اور دیگر گگل کی دھونی دیگر اس راکھ کو رکھ لیں بوقت ضرورت تھوڑی سی لیکر کچھ محبوب پر ڈالیں اور کچھ کھلاویں اسی وقت سے از حد محبت ہو گی مجرب ہے

تنتر حب :۔ بروز اتوار یا منگل شیر خرماہ آب منی خود اور شکر تری ملا کر محبوب کو کھلاویں از حد مطیع ہو گا۔

تنتر حب

شب یکشنبہ کو پنج کنگرہ سیاہ آب منی خود

میں اور تسکر تری میں گھس کر گولی بنا دیں اور جسے کھلا دیں تابع ہوگا۔

تنتر حب } بروز یکشنبہ قند سیاہ آب منی خود ان دونوں کو دودھ پتھری کے برتن میں آٹھ پہر رکھ چھوڑیں اور بعدہ کسی محبوب کو کھلائیں محبت کا مزہ چکھیں۔

تنتر حب } بروز اتوار علی الصبح زہرہ طاؤس یعنی پتہ مور محبوب کو کھلاویں محبت میں دیوانہ ہوگا۔

تنتر حب } بروز یکشنبہ بعد نماز ظہر باوضو ہو کر ہد ہد کی چونچ کاٹیں اور ریزہ ریزہ کرکے قند سیاہ میں یا کسی شیرینی میں ملاکر محبوب کو کھلائیں تاقیامت جدا نہ ہوگا۔

تنتر حب } شب یکشنبہ کو جگنو پکڑ کر روغن زیتون میں جلا دیں اور اکیس دن تک شعاع آفتاب میں رکھ چھوڑیں بعدہٗ جس جگہ جانا منظور ہو اس روغن کو پیشانی پر لگا جائیں مطلوب بعزت مطیع ہوگا

تنتر حب } بروز شنبہ بوقت دوپہر جنگل میں جاویں جس جگہ انار کو پھول لگے ہوں برہنہ ہو کر اسے یہ کہیں کہ اے انار میں تجھے فلاں شخص کو مسخر کرنے کے لئے لوں گا اور کل تیری دعوت ہے پھر دوسرے دن پارچہ کہنہ مطلوب لیکر اس کی جڑ میں دفن کرا دیں آتے ہوئے ڈوڈیا انار ۲۱ نار کر لینے آویں جس محبوب کو سنگھائی جاویگی وہ مطیع و فرمانبردار رہیگا۔

طلسم حب مجب :۔ بھیر سیاہ (ایک قسم کا کپڑا) جو کہ ذرہ بھی زرد نہ ہو بروز اتوار پکڑ کر اسے باریک پیس کر اور کنواری لڑکی کے حیض والا خشک پارچہ اس میں آلو کریں اور فتیلہ بنا کر چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر کسی تنہا مکان میں بیٹھ کر اس کا کاجل حاصل کریں۔ دوران تیاری کاجل محبوب کا تصور رکھیں

جب سیاہی تیار ہو جائے تو ایک ایک سلائی بھر کر آنکھوں میں لگائیں اور مطلوب کے گھر کی طرف نظر نیچی کر کے جاویں حتیٰ کہ شخص مطلوب کی ہی ملاقات ہو، آنکھیں چار ہوں پھر جذبہ محبت کا لطف و اثر دیکھیں،

عمل حب ۲۷ تاریخ کی شب کو یعنی چودس جو ہندؤوں کی ہوتی ہے مرگھٹ میں جاکر وہاں سے جلے ہوئے مردہ کے دانت یا وہاں کی لکڑی یا گھاس لاکر پیس ڈالیں پھر باریک اتوار ایکدن کسی ترکیب سے محبوب کے لگاویں فوراً مطیع ہو گا۔

حب کاجل بروز یکشنبہ سیاہ کتا جو کہ بالکل سیاہی ہو اس کی دم کاٹ کر جو خون نکلے اس میں دھنی ہوئی نئی روئی تھوڑی سی لے کر آلودہ کریں، جب خشک ہو جائے تو اس کا فتیلہ بنا کر چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر جلائیں ایک مردہ کی کھوپری لے کر باہر جنگل میں درخت پیپل کے نیچے برہنہ ہو کر اس کا کاجل حاصل کریں، دوران تیاری کا جل نہ کوئی ٹوکے اور نہ خود ہی کسی سے بولے پھر اس کاجل کو آنکھوں میں لگا کر مطلوب کی جانب نظر کریں فوراً مطیع و بیقرار ہو گا۔

عمل حب بروز شنبہ عروج ماہ میں گھریلی نر و مادہ کو پکڑ کے ذبح کر کے جلا ڈالیں مگر علیحدہ علیحدہ جلایا جائے ذبح کے وقت خون بھی لے لینا چاہیئے پھر نر کی خاک اس کے خون میں اور مادہ کی خاک نر کے خون میں علیحدہ علیحدہ ملا دیں بعدہٗ محبوب کے جسم یا کپڑے پر ملنے یا کھلانے سے مطیع ہو گا۔

نوٹ:۔ نر کی خاک محبوب مرد پر کام دیگی اور مادہ کی محبوبہ عورت پر اثر کریگی

عمل حب:۔ مردہ سنگ دمردہ گریہ اثر ان ہر دو کے دانت

ایک ہی جگہ پیس لیں پھر جسم مطلوب پر مل دیں یا بذریعہ دھونی سنگھا دیں نہایت محبت و بے قراری پیدا ہوگی۔

تنتر حب } دو پتے گل نیلوفر اور دو پتے ہمیشہ بہار اور دو پتے لاجونتی کے ان تینوں کو لے کر ایک جگہ جمع کریں اور بوقت صحبت کسی عورت کے منہ پر مل دیں وہ ہمیشہ کے لئے اس کی ہو رہے گی۔

تنتر حب } برادہ صندل، عرق بید مشک میں حل کریں اور بوقت صحبت مذکورہ بالا عمل کریں تو عورت اسکی ہو رہیگی

تنتر حب } گھریلو چڑیا پکڑ کر ذبح کر کے اس کی آلائش میں پارہ ملا کر پھر اس کے شکم میں بھر کر کسی محفوظ جگہ دفن کر دیں پارہ ملاتے وقت آب منی خود بھی ضرور ملائیں اور ایک ہفتہ کے بعد نکال کر اس میں تمر نفل و مشک ملا کر خوب پیس ڈالیں اور رتی رتی کو لیاں بنا کر رکھ چھوڑیں، بوقت ضرورت کسی کو ایک گولی کھلا دیں دیوانہ محبت ہوگا

تنتر حب } گائے کی ہڈی لے کر مطلوب کے کپڑے میں لپیٹیں پھر کینر کے پھول کی لکڑی بنا کر خشک کر کے آگ دیں سرد ہونے پر ہڈی کو نکال کر سرمہ کی طرح پیس ڈالیں بوقت ضرورت دو سلائیاں اپنی آنکھوں میں لگا کر محبوب کی طرف نظر کریں دوست اور مہربان ہوگا

تنتر

اگر گربہ سیاہ رنگ پکڑ کر اس کا تھوڑا سا خون لے لیویں پھر آب منی خود میں ملا کر جامۂ محبوبہ میں لگا دیں فوراً مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

تنتر حب بروز سوماوتی اماوس مادہ زنبور اور خراطین کو لیویں اگر محبوب مذکر ہے تو مذکر خراطین اور مذکر زنبور کو لیں اور ہر دو کو ایک کوزہ گلی میں ڈال کر چورا ستہ میں دفن کریں اور دوسری اماوس کو نکال کر ان کی راکھ بنا ڈالیں محبوب کے جسم یا نہانے کے پانی میں ملا کر دیں شیدا ہوگا۔

تنتر حب سیرو یا بخ برگ وگل اندرائن، سگندر ران ان سب چیزوں کو ایک جا کریں پھر ان میں روغن شتر حسب ضرورت ملا کر رکھ چھوڑیں بوقت حاجت اس کا ٹیکا اپنی پیشانی پر لگا کر مطلوب کے سامنے جاویں دیکھتے ہی گرفتار محبت ہوگا۔

تنتر حب رلبنا ان ۹ عدد لے کر اسے کسی پتھر پر رکھ کر سایہ میں خشک کریں بعدہ تخم خود ملا کر پیس لیں محبوب کے کپڑے یا جسم میں لگا دیں، مطیع ہوگا۔

تنتر حب بروز یکشنبہ جب کہ کنجشک نر و مادہ جفت ہو رہے ہوں ایک لیموں کی لکڑی لا کر ان کے سامنے رکھ دیں۔ رکھتے وقت اپنا سایہ ان پر نہ پڑے، جب وہ اپنا کام کر چکیں تو لکڑی اٹھا کر رکھیں، بوقت ضرورت محبوب کے اس کی چوٹ لگا دیں نہایت مجرب ہوگی اسپر طرہ یہ کہ جس قدر آہستہ کی چوٹ لگے گی رشتہ محبت اتنا ہی مضبوط ہوگا۔

تنتر حب بروز سہ شنبہ ایک موش نر کو پکڑ کر مٹی کے کوزہ میں بند کر کے زمین میں دفن کریں دوسرے سہ شنبہ کو زمین میں سے نکال کر اس کے جملہ اعضاء علیحدہ علیحدہ کریں یا ہر جنگل میں جہاں بھینس چر رہی ہوں ان اعضا میں اکیلا اکیلا بھینس

کی پشت پر رکھ کر اٹھاتے رہیں جس اعضا کے رکھتے وقت کھنس کی
نہ کرے اسے کام کا سمجھیں، اگر یہ وقت نہ وہ زمین پر گر پڑے
تو آگ پڑی معلوم ہوگی بے خوف اٹھا کر ہمراہ لے آویں یہ اعضا جس
کے دامن میں باندھ دے وہی فریفتہ ہوگا۔

تنتر حب } مرگھٹ سے مردہ کی راکھ لعاب دہن، آب منی خود
ان ہر سہ چیزیں گوبر زانوار لے کر آپس میں ملا لیں، پھر
اس مرکب کو جس محبوب کے دامن میں لگا یا جائے وہ قید محبت میں
مبتلا ہو کر بیقرار و مطیع ہوگا۔

تنتر حب } کرتکا ایک بوٹی ہے کہ عموماً جھیلوں کے کنارے پائی جاتی
ہے اسے کسی قسم کا پھل نہیں لگتا محض چھوٹے چھوٹے رنگ
کے سرخ پتے ہی ہوتے ہیں اس کا عرق نکال کر اس میں قدرے روغن
لگاؤ ملا لیں، بعدہٗ اس کا ٹیکہ اپنی پیشانی پر لگا کر مطلوب کے سامنے
حاضر ہو جاویں، نظر پڑتے ہی فریفتہ ہوگا اور عشق میں بے چین رہے گا۔

تنتر حب } بیخ رتل، سفید بیخ گنائی سفید یک مشتہ، دو گھڑی
رات رہتے لاوے کیونکہ اپنا سایہ درخت پر نہ پڑے گا
پھر گوکل کی دھونی اسے دیوے بعدہٗ ان سب کا عرق کشید کرکے پیشانی
پر قشقہ کھینچے مطلوب کے سامنے جاوے اسی وقت سے تابع فرمان ہوگا۔

تنتر حب: ہر روز اماوس جو کہ ۲۸ تاریخ چاند کو ہے اس روز جنگل میں
جا کر بیل اندرائن میں کتنی اری لڑکی کا کاتا ہوا سوت چاروں طرف اچھی طرح
لپیٹ آئے آتے ہوئے اسے یہ کہہ آوے کہ اندرائن کی بیل تیری کل کے دن دعوت
ہے دوسرے دن ایک شیرینی لڈو اس کی جڑ میں رکھ کر پانچ پتے توڑ لاوے

گھر آکر ان کا عرق نکال کر روغن چنبیلی میں ملا کر رکھ چھوڑے وقت ضرورت اس کا نام لے کر کہ جس پر عمل چلانا ہو وہ تیل پیشانی پر لگا کر اس کے سامنے جاوے وہ مطیع ہوگا۔

انوپ انجن آخیر ماہ بروز شنبہ کلکلہ (ایک دریائی جانور) کو پکڑ کر ذبح کرے اور زمین پر نہ رکھے پھر اس کی چربی نکال کر اس کے ہموزن روغن زیتون ملا کر ایک کڑاہی میں ڈال کر نیچے چوب سرس کی آنچ دیوے اور ان دونوں کو ایک سرس کی لکڑی سے ہی ملا کر مخلوط کرے پکنے کے بعد کڑھائی کو بھی زمین پر نہ رکھے، بعدہ ایک کٹوری گلی میں اس روغن کو ڈال کر روئی زنانہ پاڑی کی بتی بنا کر اسے اس میں تر کر کے روشن کرے، پھر ایک کھوپری انسانی لا کر اور خود برہنہ ہو کر کاجل پاڑے، بشرطیکہ وہ کٹورہ زمین پر نہ رکھا، ہو تیاری کے بعد اسے ایک شیشی میں باحفاظت رکھ چھوڑے، بوقت ضرورت اپنی آنکھ میں یا پارچہ محبوب یا جسم محبوب میں لگاوے انسان تو ایک طرف۔ اگر کسی حیوان یا جانور کے بھی لگا دیا جاوے تو وہ بھی اس کے پیچھے پیچھے ہولے گا۔ یاد رہے کہ کاجل کی شیشی زمین پر ہرگز نہ رکھی جائے، ورنہ اثر زائل ہوگا۔

تسخیر حب بروز یکشنبہ درخت سنبھالو کے پاس جاوے اس کے تنے میں ایک رسی باندھے اور کہے کہ اے درخت تجھے کل فلاں شخص کی دوستی کے لئے لے جاؤں گا۔ تمہیں مدد دینی پڑیگی، ہوشیار رہ یہ کہہ کر واپس چلا آئے دوسرے دن جڑوں سمیت درخت اکھاڑ کر لے آئے بوقت اکھاڑنے کے خاموش رہے اور اس وقت ایک

تانبے یا چاندی کی کوئی چیز اس کی جڑ میں رکھدے یہ جڑ کہ اکھاڑی ہوا سے اپنے منہ میں رکھے اور قدرے اندر سوراخ قضیب کے رکھے اور تھوڑی سی فرج زن میں بھی رکھے بعد دو گھڑی کے جماع کرے تو وہ عورت مثل زبوں اس مرد کے گرد رہے گی اور فریفتہ و فرمانبردار ہوگی۔

تسخیر بغض بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر اس کو جلا کر راکھ بنا لیویں۔ دو شخصوں کے درمیان اگر جدائی ڈالنی منظور ہو تو کسی ترکیب سے نصف نصف ہر دو کو کھلا دیں پھر مزے سے ان کے جنگ و جدال کا تماشہ دیکھیں۔

تسخیر بغض بروز سہ شنبہ آخر ماہ پرانی قبر کی مٹی، پرانے کنوئیں کی اینٹ پرانے پیپل کی لکڑی چوراستہ کی مٹی جن کے درمیان جدائی ڈالنی ہو ان کے پاؤں تلے کی مٹی سیاہ گدھے کے بیٹھے ہوئے نقشوں کی مٹی تیلی کے کوہلوں کے نیچے کی مٹی پرانی مسجد کی مٹی۔ یہ تمام جگہ جگہ کی مٹی کی خاک جمع کریں اور اس میں اپنا پیشاب ملا کر پیس کر ٹکیاں بنالیں اور رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت لے کر توڑ کر پیس لیں۔ ان کے سر میں یا ان کے نہانے کے پانی میں ڈال دیں۔ تاکہ ان کے سر پر چلی جائے۔ پھر جنگ و جدال کا تماشہ دیکھیں۔

دیگر آخر ماہ بروز اتوار ٹھیک دوپہر کے وقت مرگھٹ میں جاوے جب مردہ کو آگ دیکر واپس آجائیں اور کنگھی کا ڈھکر سوت لپیٹیں تو اس جگہ پیٹھ پھیر کر کھڑا ہو جاوے بائیں پاؤں پر کھڑا ہو کر اسے اکھاڑے اور درمیان سے توڑ کر

کنگھی پر ہی لپیٹ دے یا در کھئے کہ کنگھی پہلے سر کی طرف سے اکھاڑے اور پھر پاؤں کی طرف سے جس وقت اکھاڑے تو ان کو ہر دو کام سے کہ جن کے درمیان جدائی ڈالنی منظور ہو پھر اسے کر واپس چلا جاوے، اور کسی ترکیب سے ان کے گھر میں رکھوا دے تو عناد اور جنگ نمودار ہو گا۔

منتر کہ دشمن بیمار ہو قدر افیون اور ۵ عدد جے کرچونی کے پانی میں جوشش دیں تو وہ پھر تھوڑا سا پانی دشمن کو پلا دیں۔ اسی وقت سے بیمار ہو جاوے گا پھر جب روغن زرد پلایا جاوے تو صحت ہو گی۔

منتر کہ دشمن کو تکلیف ہو کتے کا چیچڑے کر اتوار کے دن اس کے منہ کی طرف کا نصف حصہ کسی خوردنی چیز میں ملا کر دشمن کو کھلائیں تو اس کے تمام جسم پر دھپھڑ پڑ جائیں گے، تندرست کرنے کے لئے دوسری طرف کا حصہ کھلانا مفید ہے۔

منتر کہ دشمن کو نہایت تکلیف پہونچے بروز اتوار تانبے کے چار کیل بیکر ساتھ ہی تھوڑی سی شراب اور چاول بھی لے لے جبکہ کوئی مرد ہندو کلال و برہمن مرے تو اس کی میت کے پیچھے جا کر دیکھے کہ جب دروازے کے باہر سے نکالیں اور کوری مٹکی توڑیں تو وہ ٹکڑے اٹھا لے پھر جب اسے جلا کر آ جاویں تو خود مرگھٹ پر جائے، مردے کی چھاتی کا کوئلہ مٹکی کی ٹھیکری سے اٹھا کر اس پر چاول ڈالے اور پھر شراب کی چلی بھر کر ڈالے سرد ہونے پر

اسے اٹھائے اور تانبے کی مینخوں کو مرگھٹ کی چاروں طرف گاڑ دے بعدہ اس کوئلہ کو بڑی حفاظت سے رکھ چھوڑیں، پھر اس ٹھیکری پر نام اس شخص کا لکھ کر آگ میں رکھ دے جب سرخ ہو جائے گی تو اس کو ایسی تکلیف پہنچے گی کہ بالکل بے ہوش ہو جائے گی۔

تنتر کہ دشمن کے گھر میں لڑائی رہے کہ سیہہ کا کانٹا، چربی چوک سات عدد دانے رائی کے بروز شنبہ لے کر بوقت دوپہر برہنہ ہو کر خانہ دشمن میں گاڑ دے تو اسی وقت سے اس کے گھر میں جنگ و جدل پھوٹ پڑے گا۔

تنتر کہ دشمن کا پیشاب بند ہو جائے کہ بروز ہفتہ یا اتوار کسی کمہار سے ایک چھوٹا سا لوٹا لاوے جس جگہ دشمن نے پیشاب کیا ہو۔ وہاں کی مٹی اٹھا کر اس میں بھر دیں بوقت دوپہر برہنہ ہو کر سیہی کا کانٹا اس میں گاڑ دیں اسی وقت جنگل میں جا کر جہاں گنجان پتوں والا پیپل یا برگد کا درخت ہو تو لوٹا کو درخت سے اتار کر اس میں سے کانٹا نکال لیں آرام ہو گا۔

تنتر برائے بند کردن پیشاب کہ چھچھوندر کو مار کر اس کی آلائش کو دور کریں پھر دشمن کے پیشاب والی مٹی بھر کر رکھ دیں اور چوراستہ میں گاڑ دیں۔ دشمن کا پیشاب بند ہو گا، جب نکال ڈالیں تو کھل جائے گا۔

تنتر کہ دشمن بیمار ہو کہ بروز اتوار بوقت دوپہر مرگھٹ میں جا کر برہنہ ہو کر مردہ کی چھپنی کی ہڈی جو کہ سفید ہو چکی ہو اٹھا لاوے

اور پیس کر معتبر طریقے سے دشمن کو کھلا دے تو بیمار ہو جاوے اور جب استعمال ہینگ کر وایا جائے گا تو فوراً آرام ہو جائے گا۔

تنتر کہ دشمن بیمار ہو ریں کپور ۴ ماشہ لونگ ۲ عدد کنیر سفید ۳ عدد ان تینوں چیزوں کو نیم بریاں کریں پھر ان کو بڑی کے ہمراہ اپنے دشمن کو کھلا دیں تو بیمار ہو۔ اگر آرام کرنا چاہیں، چار تولہ شربت انار شربت صندل شیر بکری یہ تینوں ملا کر پلا دیں، بالکل آرام ہو گا۔

تنتر برائے عداوت سیاہ گربہ کے اگلے دانت دو عدد دانت سیاہ سنگ کے اگلے دو عدد دانت لے کر جن میں عداوت ڈالنی منظور ہو ان ہر دو کے پہنے ہوئے پرانے کپڑے میں باندھ کر کسی کہنہ قبر میں دفن کر دیں جب تک ان کو نکال کر علیحدہ نہ کیا جائے گا، تب تک ان میں عداوت ہی رہیگی

تنتر ملتذذ پتہ گرگ، پتہ مرغ سیاہ رنگ، مردہ سنگ ان سب کو ملا کر آلت پر ضماد کر دیں اور بعدہٗ خشک ہونے کے عورت سے صحبت کریں تو بے ہوش ہو جائے گی، تمام عمر پیچھا نہ چھوڑے گی۔

دیگر بروز یکشنبہ ایک خراطین پکڑ کر اسے خشک کریں اور بیر بہوٹی کو لے کر ان ہر دو کو پیس لیں پھر آلت پر ضماد کریں۔ بعدہٗ خشک ہونے کے عورت سے جمع کریں اس قدر لذت وحظ حاصل ہوگا کہ عورت بے ہوش ہو جائے گی،

دیگر } جو شخص گانجا پیتا ہو وہ عورت سے جمع کرنے سے پیشتر چلم بھر کر اس قدر دم لگائے کہ نزدیک کے چراغ کو شعلہ لگ کر روشن ہو جائے، پھر اس کی روشنی میں عورت سے ہمبستر ہو جب تک چراغ جلتا رہے گا انزال نہ ہوگا چراغ گل ہونے پر انزال ہو جائے گا۔

دیگر } ہرگز انزال نہ ہو بروز یکشنبہ جبکہ آفتاب یا مہتاب کو گہن لگنا شروع ہو اس کتے کے دانت لاوے کہ جس کے بیسیوں ناخن قائم ہوں، پھر کنواری لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر ان پر لپیٹ کر اپنی کمر میں باندھے اور جمع کرنے میں مشغول ہو جب نہ کھولے انزال ہرگز نہ ہوگا۔

تنتر برائے امساک } روز یکشنبہ گربہ سیاہ کے بال لاکر ان کی پوٹلی باندھ کر گوگل کی دھونی دیوے کنواری لڑکی کا کاتا ہوا تاگا لے کر اس کے ساتھ عین ناف کے اوپر باندھ کر جمع کرے جب نہ کھولے گا انزال نہ ہوگا۔

تنتر برائے جاری کردن خون } بروز یکشنبہ ایک لیموں اور ایک تیز چاقو لیکر شب کے وقت کنوئیں کی من پر بیٹھ جاوے اور آسمان کی طرف نگاہ رکھے جب تارا ٹوٹے فوراً برہنہ ہو کر لیموں کو اس ترکیب سے کاٹ ڈالے کہ نصف لیموں کٹ کر کنوئیں پر گر پڑے اور نصف اس کے پاس رہ جائے سات سنیچر اسی طرح کرے یاد رہے کہ چاقو سے کاٹتے وقت اس کا تصور بھی قائم رکھے اور نام بھی لے کہ پیڑا جاری کرتا ہوں۔

تنتر کہ پیڑا جاری ہو } لونگ دو عدد بروز اتوار لاکر سونے سے پیشتر ایک لونگ اپنے منہ میں رکھو

اور دوسرا جائے پیشاب میں صحیح نکال لیوے اور پیشاب والا لونگ عورت کو کھلاوے تو حیض بہت جاری ہوگا اگر بند کرنا ہو تو منہ والا لونگ عورت کو کھلاوے نہایت مفید ہوگا۔

ایضاً ﴾ اگر کھٹمل کو دو حصے کرکے پشت کی طرف کا عورت کو کھلا دیا جائے تو حیض جاری ہوگا۔ اور اگر منہ کی طرف کا کھلا دیا جاوے تو بند ہوگا۔

ایضاً ﴾ کیک جسے پسو کہتے ہیں اس کا پائیں جسم کھلانے سے حیض جاری رہے گا اور باقی نصف کھلانے سے بند ہوگا۔

ایضاً ﴾ یکھ کھپر عروج ماہ میں زاغ سیاہ نرکی چونچ لاکر اسے گوگل کی دھونی دیوے اور عورت کو نصب رکھے جس کا حیض جاری کرنا منظور ہو اس کے راستے میں منقار سے لکیر کھینچ دے حتی کہ وہی عورت اس پر سے گذرے تو حیض جاری ہو۔

منتر خون بند کرنے کی ﴾ چاول ساٹھی مصری ان دونوں کو ملا کر سات یوم تک کھانے سے خون بند ہوگا

دشمن کا ہتھیار باندھنا ﴾ بیخ نکلی کو سر میں رکھے اور درخت تاڑ کی بیخ گھس کر سرمہ کے مانند آنکھوں میں لگا دے۔ اور باقی منہ میں رکھے بیخ کھجور کو ہاتھ پاؤں پر ملا کرے تو دشمن کا ہتھیار بالکل کارگر نہ ہوگا۔

دیگر۔ بیخ کنگنی، نیم تاڑ کھجور۔ بیخ یوٹی مدھ جائے کو پیس کر روغن زرد میں ملا کر کھلاوے اور میدان جنگ میں جاوے تو دشمن پر فتح پاوے۔

دیگر۔ گل منڈی یا درھی ایک خرمہرہ میں ڈالے اور قدرے سیماب بھی اس میں رکھے پھر اس مہرے کو آئینہ میں رکھ کر میدان جنگ میں جاوے تو دشمن پر فتح ہو۔

دیگر۔ گرہن آفتاب کے وقت بیخ سرپھوکا ز بیخ مدھ مالتی منہ میں رکھے اور خاموش رہے اور اپنے آپ کو گوگل کی دھونی دیکر میدان جنگ میں جاوے تو دشمن پر فتح حاصل ہو۔

دیگر۔ دنبے کے بالوں کا شوت بنا کر گوگل کی دھونی دے کر اپنے ہاتھ پر باندھے اور میدان جنگ میں جاوے کامیاب ہو۔

دیگر۔ بیخ کنیر سبز کو گوگل کی دھونی دے کر اور گھس کر اپنے بدن پر طلا کرے اور میدان جنگ میں جاوے کامیاب ہو۔

دیگر۔ نقارہ بنانے میں جس کی آواز سنکر میدان جنگ سے یا گھر سے دشمن بھاگ جاتا ہے۔ ترکیب یہ ہے:۔

چاندی سونا لوہا تینوں ہموزن لے کر اس سے بارہ گنا تانبہ ملا کر نقارہ کا ڈھانچہ تیار کریں اور اونٹ کی کھال سے مڑھیں جب اس نقارہ کو بجایا جائے گا تو دشمن آواز سنتے ہی بھاگ جائیگا۔

دیگر۔ دھتورہ سرخ۔ دھتورہ سیاہ و بیخ کیلہ روغن انکول اور گھونٹ کی خاک، برگ کو یخ سب کو پیس کر کسی نقارہ پر ملے اور میدان جنگ میں بجائے جہاں تک اسکی آواز پہنچے گی دشمن بھاگ جائیں گے۔

دیگر۔ دشمن کی عقل باندھنا کھنگرہ سہدیوی سیاہ پھول بج سفید

نکوترن ے کر لوہے کے برتن میں رکھ کر دو روز کے بعد پیس کر قدر تم دے
کچھ اس کے ماتھے پر قشقہ کھینچے دشمن کے سامنے جا دے تو اس کی
عقل بند ہو جائے گی۔

عوام کو مطیع کرنا بروز اتوار یکھ پکھتر میں درخت بڑ کے پتے زعفران صندل سرخ۔ گوبر چین کا فور بوٹی دیا ونتی ان سب کو سرکہ میں گھس کر اپنی پیشانی پر قشقہ کھینچے جو بھی اسے دیکھے وہی مطیع ہو۔

دیگر ہست پکھتر میں بیخ چکر ورتی لا دے اور گوگل کی دھونی دے کر اپنے بازو راست پر باندھے جب ... جا دے وہ مطیع ہو گا۔

عورت کو بس کرنا ... زیرہ کولی، عرق بوٹی، چکر ورتی مشک میں ملا کر گولیاں بنائیں جس عورت کو کھلا دیں وہ مطیع ہو۔

دیگر تخم دھتورہ ... عدد، ... عدد ان سب کو پیس کر اور پھر اپنی پیشانی پر قشقہ کھینچے جس کے سامنے جاوے وہ مطیع ہو گا۔

کالا جادو کے ذریعہ حمل گرانا

... ہے لیکن ایسی صورت میں جبکہ ابھی بچہ پیٹ کے اندر ... یا (۲) ابھی پہلا بچہ پیدا ہوا ہو اور دوسرا حمل قرار پا جائے ... ایسی اچھی نہ ہو کہ وہ بچہ پیدا کرنے کی تکلیف برداشت ... ایسی حالت میں کہ وہ جانوں کے ضائع ہونے

کا پورا احتمال ہو تو اس صورت میں حمل قرار ہونے کا تین ماہ کے اندر ہی اندر گرانا کوئی برا نہیں لیکن پھر بھی ایسا کام کرنے سے پیشتر کسی لائق ڈاکٹر یا لیڈی ڈاکٹر کی رائے ضرور لینی چاہیئے۔

۱۔ کپاس کے پھل اور پھول پانی میں جوش دیکر عورت کو پلا دیں تو حمل گر جائے، اور حیض جاری ہو۔

۲۔ اگر عورت سورج مکھی کی جڑ رحم میں رکھے تو حمل گر جائے۔

۳۔ اگر حاملہ عورت کو اونٹ کا دل پکڑ کر کھلاوے تو حمل گر جاوے گا اور پھر دوسری بار حمل نہ ہو گا۔

۴۔ جس عورت کو حمل گرانا ہو اس کے گلے میں بنجو رمرہم جو ایک قسم کی [illegible] ہے باندھ دیں حمل گر جائے گا

۵۔ سورج مکھی کے پانچ پتے بقدر سات ماشہ گھوٹ کر پینے سے پیدا [illegible] بچہ نکل پڑے اور خون حیض جاری ہو۔

۶۔ اگر چچڑے کے پیشاب میں کپڑا تر کر کے رحم میں رکھے تو حمل گر جائے

۷۔ اگر حاملہ کو چچڑی [illegible] کی دھونی دی جائے تو حمل گر جائے۔

۸۔ اطر بلال جو ایک قسم کی بوٹی ہے کو بار یک پیس کر عورت کو سنگھائیں تو حمل گر جائے۔

۹۔ اگر عورت گینڈے کے سینگ کا چھلہ پہنے تو حمل گر جائے۔

کالا جادو کے ذریعہ نیند کے عملیات!

نیند بہت اور لوگ فوراً سو جائیں:۔ اگر اجوائین خراسانی اور جلوتری کی جڑ ہموزن لے کر کپڑے میں باندھ کر کسی آدمی کے سرہانے

کے نیچے رکھ دیا جائے تو اس کی نیند لمبی ہو جاتی ہے

(۲) کسی کمرے میں جہاں کوئی آدمی بیٹھے ہوں اجوائن خراسانی کی دھونی کر دیں تمام آدمیوں کو نشہ ہو جائے گا اور سو جائیں گے۔

۳۔ اگر شراب میں تھوڑی سی انگیز جو ایک قسم کی روئیدگی ہے اور گیلان کے پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے ملا کر کسی کو پلا دی جائے تو وہ تین دن رات سوتے رہے اگر جگانا چاہیں تو نہ جاگ سکے لیکن اگر زیتون، پانی میں ملا کر اس کے حلق میں گرائیں تو جاگ اٹھے گا (۴) ایک زہر مکھا ہے کہ درخت چلغوزے کی جڑ اگر بتی کسی جگہ چراغ میں رکھ کر جلائیں تو جو لوگ اس کا دھواں سونگھیں فوراً سو جائیں (۵) اگر کسی خرگوش کا پتہ کھلا دیا جائے تو نیند بہت آئے، خواہ کتنا جگائیں بے ہوشی دور نہ ہو، ہوش میں لانے کے لئے سرکہ پلا دیں یا ناک میں ٹپکائیں۔

۶۔ زعفران، افیون، اور بنگ تینوں، ہم وزن لے کر روغن گل میں پیس کر جس کسی کے منہ پر مل دیا جائے فوراً سو جائے۔

۷۔ اگر مکو کی جڑ کو سوت سے باندھ کر سر پر باندھ دی جائے تو موقوف شدہ نیند آنے لگ جاتی ہے

۸۔ تخم پودینہ، تخم گل لالہ، اجوائن خراسانی، ہیند بیدستر دھتورے کا پھل، خربیول، توتا کا گوند، افیون اور مصری تمام کو باریک کر کے چنبیلی کے پانی میں ملاؤ، اور تانبے کے برتن میں ڈال کر بند کر کے ایک ہفتہ گھوڑے کی لید میں دبا دو، لید کو بدلتے رہو جب سڑاند آنے لگے تو نکال کر خشک کر لو۔ جب کسی کو سلانا چاہو تو پہلے تھوڑی سی روئی روغن گل سے تر کر کے اپنے نتھنوں سے رکھ لو پھر اس دوا

کی ایک مثقال، مرزنجوش ملاکر آگ پر رکھو جس کے دماغ میں ان کا دھواں پہونچے گا فی الفور سو جائے گا۔

پانی اور آگ پر بغیر خطر چلنا۔ لوگوں کی نظروں سے غائب ہونا، فی الفور بارش لانا

خس کے پتوں کو اونٹ کے خون میں یا باریک پیس کر اور اونٹ کے خون میں جذب کر کے رانگ کے برتن میں ڈالو برتن کا منہ اچھی طرح بند کر کے لید میں دبا دو اور ہفتہ ہفتہ بعد لید کو بدلتے رہو، اس برتن میں ایک حیوان سانپ کی شکل کا پیدا ہو جائے گا، جس کا سر اونٹ کے سر کے مشابہ ہوگا اس کی آنکھیں ہوں گی اور دو چھوٹے چھوٹے بازو ہوں گے اس وقت تمہارے پاس اونٹ کا خون ہونا چاہیئے جب وہ آنکھ کھولے تو تھوڑا سا خون اس پر ڈالو آٹھ پہر میں رطل کا چوتھا حصہ اسے خون کھلانا چاہیئے تین روز ایسا کرو، چوتھے روز اسے اونٹ کا پھیپھڑا کھلاؤ جس کو وہ فوراً نگل جائے گا، چار روز یہ ہی کھلاؤ جب اسے پیدا ہوئے سات دن گذر جائیں تو وہ پھول کر گول شکل کا بن جائے گا ایسے موقعہ پر اسے اونٹ کا پیشاب لانا چاہیئے، جس سے اس کی حرکت کم ور ہو جائے گی۔

پھر تین گھڑی تک برتن کا منہ بند رکھو بعد ازاں ایک نہایت تیز چھری برتن کے اندر لے جاکر اس کی گردن پر رکھو اور زور سے دباؤ تاکہ اس کا خون نکل کر اس برتن میں جمع ہو جائے

جو شخص اس خون کو تلوں پر لگا کر پانی پر چلے وہ ہرگز نہ ڈوبے بلکہ پاؤں تک پانی میں نہ بھیگیں، اگر آگ پر چلے تو پاؤں نہ جلیں

بلکہ آگ بجھ جائے گی۔ اگر سفر کرے گا تو بہت جلد طے ہو گا اگر یہ خون اپنے چہرے پر کوئی لگا دے تو لوگوں کی نظروں سے غائب ہو جائے اگر سر پر مل کر آسمان تلے ننگے سر کھڑا ہو تو فی الفور بارش ہو گی۔

(۱۴) لوبیا حسب ضرورت لے کر گدھے کے خون میں تر کر کے گدھے کی لید میں دفن کر دیں اور روزانہ گدھے کے پیشاب سے لید کو تر کرتے رہا کریں۔ تین مہینہ گزر جانے پر اس جگہ سرخ رنگ کے زہریلے سانپ پیدا ہو جائیں گے۔

ان کو پکڑ کر ایک چوڑے منہ والے شیشے کے برتن میں ڈال دیں بعد ازاں اور ایک ہفتہ تک انہیں گدھے کا خون بطور خوراک دیں بعد ازاں برتن کا منہ خوب مضبوطی سے بند کر دیں اور مٹی لگا دیں تین ہفتہ کے اندر یہ سانپ ایک دوسرے کو کھا جائیں گے صرف ایک باقی رہ جائے گا جس کے کئی رنگ ہوں گے اسے یونانی لوگ علموس کہتے ہیں اس کے سر پر تاج ہو گا اور کندھوں پر دو بازو ہوں گے جن سے بخوبی اڑ سکے گا۔

ایسے موقع پر اس کی بو سے بچیں اور اتنا عرصہ اس کو بند رکھیں تاکہ حرکت نہ کر سکے پھر اپنے نتھنوں کو بنفشہ و روغن بادام میں تر کی ہوئی روئی سے بند کرو، اور ہاتھوں پر چمڑے کے دستانے پہنو اور نہایت فولادی چھری لے کر برتن کا منہ کھول کر بائیں ہاتھ سے اسے مٹی کے پکے ہوئے برتن میں اٹھا دو اور فوراً اس کے حلق پر چھری رکھ دو، اس موقع پر وہ بڑا گھبرائے گا، لیکن چھری نہ اٹھانا، جب مر جائے اور تڑپنا بند ہو تو اس کا خون لے کر خشک کر لو۔ تانبے یا چاندی کو پگھلا کر اس

پر خون ڈالیں بفضل خدا طلا ہو گا، اس جانور کے سر کے خواص بہت ہیں جو درج ذیل ہیں۔

۱۔ بارش کے وقت اس کے سر کو آسمان کی طرف اٹھائیں تو بارش بند ہو جائے گی۔

۲۔ اگر لشکر کے سردار یہ سر اپنے پاس رکھے تو وہ ہر جگہ فتح پائے جس قلعہ کا رخ کریگا فتحیاب ہو گا۔

۳۔ اگر بیمار اس سر کو اپنے پاس رکھے تو شفا پائے۔

۴۔ اگر عورت یا بچہ اپنے پاس رکھے تو جنون یا آسیب سے محفوظ رہے۔

۵۔ جس شخص کے پاس یہ سر ہو گا جہاں جائے گا لوگ اس کے مطیع و فرمانبردار ہو جائیں گے، اگر وہ کسی ضرورت کا خیال کرے تو فوراً پوری ہو گی

۶۔ مٹر کے دانے کبوتر کے خون میں تر کرکے تانبہ یا کانسی کے برتن میں رکھو اور برتن کا منہ کرکے گھوڑے کی لید میں دبا دیں حتیٰ کہ اس میں بڑا انڈا پیدا ہو جائے۔

تھوڑے عرصہ بعد اس میں ایک جانور پیدا ہو گا جس کا چہرہ انسان کے مشابہ ہو گا۔ اور باقی بدن مرغ کا ہو گا دو بازو ہوں گے یہ جانور سات دن سے زیادہ زندہ نہیں رہتا بلکہ اس عرصہ کے اندر ہی مر جاتا ہے اسے موم اور مومیائی اور شراب میں آلودہ کرکے روئی کے نئے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھو اس سے حسب ذیل خواص ظہور میں آئیں گے، اول سفر دور

دراز تھوڑے عرصہ میں بآسانی طے ہو گا، دوم جو زندہ بھیڑیا، شیر چیتا وغیرہ سامنے آئے گا مطیع ہو گا۔

سوم چالیس روز تک کھانے پینے کی ضرورت محسوس نہ ہو گی اگر اس کے مرنے سے پہلے اس کا پیٹ پھاڑ کر اندر کے پانی کو شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں، پھر کسی لکڑی کا سرا تر کر کے کان میں رکھیں تو جنون کی باتیں سن سکتے ہیں اور حیوانات کی گفتگو سمجھ سکتے ہیں (۹۸) ایک گرگٹ کو پکڑ کر ذبح کریں اس کا خون خشک کر لیں پھر ایک ایک رنگ سیاہ بلا (اگر جنگلی ہو تو بہتر ہے) پکڑ کر باندھیں اور کتے کے گوشت پر گرگٹ کا خشک خون ڈال کر اس بلے کو کھلائیں اور بعد ازاں وہ گرگٹ جو ذبح کیا تھا اس کو پانی میں خوب پکا کر اس کا شوربا اس بلے کو پلائیں اور اس کے بعد تھوڑا پانی پلا دو، اب اسے تین دن تک بھوکا پیاسا رکھو اور چوتھے دن اسے سفید رنگ کی چھپکلی کھلا دو اس کے کھانے سے بلے کو بہت پیاس لگے گی۔ اس وقت اس سراج القطرب پورے کا پانی نچوڑ کر بقدر تین اوقیہ پلاؤ، اور اس کے بعد پانی میں تین اوقیہ پرانی شراب ملا کر پلاؤ۔

آٹھ پہر کے بعد اس بلے کو ذبح کرو لیکن خیال رہے کہ اس کے خون کا ایک قطرہ بھی ضائع نہ ہو پھر اس کے بلے کو پڑا رہنے دو تاکہ خشک ہو جائے پھر اس کی ہڈیاں اور گوشت کوٹ کر پرانی شراب میں ملاؤ اور اس کے خون تر کر دو پھر خشک کر کے بالوں کی چھلنی میں چھانو، جس قدر اس کا

خون ہو اس قدر مردہ کتے کے بال اور اس کی جلی ہوئی ہڈیاں اس میں ملاؤ اور پیسو تاکہ اچھی طرح آپس میں ملجائیں جب بارش برسانا چاہو تو ایک انگیٹھی پر درخت برلوق کے کوئلے سلگا کر ان پر سفوف مذکور ڈالو۔ جب دھواں اوپر جائے گا قدرت الہی سے بارش شروع ہو جائے گی۔

جب تک یہ دھونی دیتے رہوگے بارش ہوتی رہے گی۔

غائب بینی

ہر علم کی بات بتائیگا اگر ایک چھچھوندر مذکور ۵ ۸ تولہ ڈیڑھ ماشہ پانی میں بھگو کر وہ پانی کسی کو پلائیں تو وہ جس علم کی بات بطور ہذیان کے بیان کریں تک بتاتا رہیگا ایک اور جگہ لکھا ہے کہ چھچھوندر کو طلا جو ایک قسم کی شراب ہوتی ہے میں بھگو کر اور بیہوش دیکر پلائیں اور دوسری چھچھوندر کی پیٹھ ا... کے بازو دیں تو بھی کیفیت ظاہر ہوتی ہے۔

ابتدائے دنیا سے انتہائی دنیا تک کا علم جاننا ہدہد کی آنکھیں نکال اور چھچھوندر کا دل لیکر دونوں کو ہدہد کی کھال میں باندھ کر جو شخص ایسی حالت میں اپنے پاس رکھے کہ خود پاک ہو کپڑے پاک ہوں عورت اور بدبودار چیز سے قربت نہ کرے تو اللہ تعالے اسکو ابتدائے دنیا سے انتہائے دنیا تک کا علم بخش دیگا۔

تمام چیزوں کا علم جاننا سورج نکلنے سے پہلے چھچھوندر

کا گوشت بھون کر کھانے سے تمام چیزوں کا علم آجاتا ہے۔

بارش آنے کی پہچان اگر کالی اور موٹی چیونٹیاں لوگوں کے اپنے پاس آہستہ آہستہ پھرتی ہیں تو سمجھیں کہ بارش نزدیک ہے۔ اگر زرد اور باریک چیونٹیاں دوڑتی پھریں تو سمجھ لینا چاہیئے کہ بارش دور ہے۔

غائب کی چیزیں دیکھنا اگر سیاہ بلی کا کاجل ... مرغی کی چربی میں ملا کر آدمی اپنی آنکھوں میں لگائے تو اسے غائب کی چیزیں نظر آئیں۔

مردہ روحوں سے ملاقات جو کوئی ایسا کرنا چاہیئے اسے چاہیئے کہ سب سے پہلے اپنے بدن کو پاک و صاف کرے اور رات کو سوتے وقت گیندرا اور میدہ کی دھونی اپنے بستر کو دے اور اپنے پاس ... رات کو خواب میں روحیں آئیں گی اس سے بات چیت کریں گی اور وہ ان کی بات چیت کریں گی اور وہ ان کی بات چیت بخوبی سن سکے گا۔

دفینہ دیکھنا اگر چاند کی پہلی تاریخ اتوار کو واقع ہو تو مالکنگنی کا روغن نکال کر اس کا کاجل بنا کر آنکھوں میں لگائیں ... خود بخود ظاہر ہو جائے گا۔

عجائب معلوم کرنا اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ اپنی عمر کے آئندہ واقعات معلوم کریں تو ہد ہد کا دل چاب کر اپنے سرہانے کے تلے رکھے اس کو خواب

میں سب چیزیں نظر آجائیں گی، جو اس کی عمر میں واقع ہونے والی ہیں۔

غائب کے حالات معلوم کرنا ہدہد کی کھال ٹوپی میں رکھ کر ایسی حالت میں پہنے کہ بدن و کپڑے پاک و صاف ہوں تو اس پر دنیا کے کام ظاہر ہو جائیں۔

دن کے وقوعات کو خواب میں دیکھنا بروق پتھر کو چقماق کے ساتھ کپڑے میں لپیٹ کر سرہانے رکھ کر سو جائیں خواب میں وہی چیزیں نظر آویں جو دن میں وقوع آتی ہیں۔

غائب کا حال معلوم کرنا درخت کا پھل کی لکڑی کو کندر ذکر کی دھونی دے کر ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر چاند کے مہینے میں چودھویں تاریخ کو ایسا شخص جس کو کوئی ضرورت درپیش ہو بچھونے کے تلے رکھ کر اپنی حاجت کا استخارہ کرے اس کو خواب میں اس کے متعلق نیک و بد کا حال معلوم ہوگا۔

بارش کے متعلق پیشین گوئی کرنا مکڑی موسمی پیشین گوئی کرنے کے لئے بہت بڑھ کر ہے اگر برآمدے کے کونے میں کوئی مکڑی کا گھر ہو تو اسے غور سے چند روز کے لئے دیکھتے رہو۔ اگر تم اس کو تانے میں چپ چاپ بیٹھا دیکھو تو جان لو عنقریب بارش آنے والی ہے لیکن اگر ترشح کے وقت بھی ادھر ادھر پھرتی ہے تو جان لو کہ بارش زیادہ دیر نہ ہوگی۔

غضب ہیبت پیدا کرنا سفید پھول والے ڈھاک کے بیج اور پھول

اور چھوال ہموزن پیس کر جو کوئی روزانہ تولہ بھر کھائے تو چند یوم میں اس کا باطن صاف ہو جاتا ہے اور غیب سے آگاہی ہونے لگتی ہے (از عقائد ہنود)

لوگوں کی نظروں سے غائب ہونا ایک ہد ہد کو پکڑ کر اسے سراج القطرب جو ایک قسم کی روئیدگی اور بحالت تروتازگی اس کے پتے رات کے وقت، چراغ کی طرح چمکتے ہیں کہ پودے کے نیچے ذبح کرو۔ تاکہ خون پودے کی جڑوں میں جلا جائے اور ہد ہد کے دل کو نکال کر اس پودے کی جڑوں میں دفن کر دو۔ دوسرے روز ایک ایک رنگ سیاہ بلی پکڑ کر اس کو ایک کوٹھڑی میں باندھ دیں اور وہ دل جو سراج القطرب کے پودے کی جڑوں میں دفن کیا تھا لا کر اس کو کھلا دیں۔

تیسرے روز اور ایک ہد ہد لے کر اس پودے کے نیچے ذبح کریں اور دل اس کی جڑوں میں دفن کرائیں اور چوتھے دن اس کو دل کو لا کر بھی بلی کو کھلا دیں۔

پانچویں روز پھر اسی طرح کرو لیکن چھٹے روز دل کو نہ لائیں۔ بلکہ ساتویں روز دل اور سراج القطرب کا پودے آئیں۔ پیڑ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پانی میں اس قدر جوش دیں کہ بالکل گھل جائے پھر اس پانی کو صاف کر کے پانی میں اس قدر جوش دیں کہ بالکل گھل جائے پھر اس پانی کو صاف کر کے ٹھنڈا کر کے رکھ چھوڑیں۔

بعد ازاں وہ دل بلی کو کھلاؤ۔ کھانے کے بعد بلی مارے پیاس کے بنیایا

ہوجائے گی، اور اس کی آنکھوں سے آگ نکلنے لگ جائیگی پھر سراج القطرب کا پانی پیرٹ بھر کر پلا دو سیراب ہوتے ہی گھبرائیگی اور اس کی آنکھ کھلی رہ جائیں گی۔ اور قریب المرگ ہو جائے گی اس وقت ایک تیز فولادی چھری سے ذبح کرو لیکن ساعت مریخ ہو اگر دن بھی مریخ ہو تو اور بہتر ہے۔

پھر ایک مٹی کے بڑے برتن میں پاک مٹی ڈالو اور اس میں بلی کا سر رکھ کر آنکھوں میں تخم ارنڈ رکھ دو اور اس مٹی سے دبا دو اور اس بلی سے باقی جسم خون اور آنتیں وغیرہ کو پانی میں ڈال کر وہ پانی اس پر ڈالتے رہو حتیٰ کہ پیڑ اگ آئے۔

کالا جادو نمبر ۴: بروز سنیچر تو چندی جمعرات کو پاچہ نین سکھ، چار گرہ لیوے اور بوقت برہنہ ہوکر لاجونتی کے پتوں میں تر کرے اور یہ کہے کہ مائی لاجونتی تجھے اپنے کام کے لئے لئے جاتا ہوں تو گورو گورکھ ناتھ کے لئے میرے کام میں مدد دیجیو۔ جب پارچہ تر کرے تو گوگل کی دھونی اس درخت کو دیوے، پھر پارچہ کو سایہ میں سکھاوے اور پھر سایہ کسی چیز کا نہ پڑنے دے مگر بروز اتوار ایک تولہ مرگھٹ میں ہمراہ لے جاوے اور دعوت دیکر یہ کہے کہ بھائی مسلمان تم کو مائی لاجونتی نے بلایا ہے۔ تم شام کو ضرور میرے گھر آؤ۔ پھر شام کو مرگھٹ میں ہمراہ لے جاوے اور دعوت دے کر یہ کہے کہ بھائی مسلمان تم کو مائی لاجونتی نے بلایا ہے تم شام کو ضرور میرے گھر آؤ پھر شام کو مرگھٹ میں جاکر کھوپڑی لاوے، ایک حلقہ اپنے گرد کھینچے، اور لوبان کی دھونی دے، اور کچھ لونگ اور جائفل ملاکر آگ پر ڈالے اور چہ لہا مٹی کا ہمراہ لے جاوے، ان پر سایہ کسی چیز کا نہ پڑنے دے اور چراغ میں چنبیلی کا تیل جلاوے اور کھوپڑی پر سیاہی پھاڑے اور کاجل تیار ہونے تک یہ عمل پڑھے، میں آیا تیرے لاگ تو آیا میرے پاس الختی کے پوت تجھے راجہ چندر کی دھائی ہے جب تک عمل پڑھے اور کاجل تیار ہو ننگا رہے۔ واضح رہے، کہ وہ کیڑا

جس کا اول ذکر آیا ہے کہ لاجونتی کے پتوں میں تر کرے اسکی بتی بناکر کاجل بنایا جاوے پس جب کاجل تیار ہو جاوے اسے یہ آنکھ اور ایک سلائی لگاکر مطلوب کے سامنے جاوے مطیع ہوکر ہمراہ ہوگا اگرچہ سات پردوں میں ہو پھر کھوپڑی سے کاجل اٹھاکر رکھے تمام عمر کام دیگی یہ عمل نہایت مجرب المجرب ہے کبھی ضائع نہیں جاتا۔

کالا جادو نمبر ۴۱: کالا بھنورہ لے کر اس کو بند کرکے اپنی گذرگاہ میں سات روز کے بعد بھنورہ نکال کر شب کو انار کے درخت کے نیچے برہنہ ہوکر جلاوے اس کی راکھ لے کر جس کے سر پر ڈالے وہ مطیع ہوگا۔

کالا جادو نمبر ۴۲: پیشانی پر لگانے سے طالب و مطلوب دونوں کی آپس میں محبت بڑھ جاتی ہے بروز اماوس جو چاند کی ۲۸ تاریخ ہوتی ہے، اس روز جنگل میں جاکر درخت خنطل جسکو تما کہتے ہیں ایک ڈورا کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا لے کر درخت کے چاروں طرف سے لپیٹ آوے اور یہ کہہ کر آوے کہ خنطل پیر تیری کل کے روز دعوت ہے دوسرے روز ایک لڈو شیرینی بازار سے خرید کر لے جاوے اور اس درخت کی جڑ میں رکھ کر اس کے پانچ پتے توڑ لاوے، اور گھر میں آکر ان کا پانی نکال لیوے اور چنبیلی کا تیل ملاکر رکھ چھوڑے جس وقت آپ کو ضرورت ہو اس شخص کا نام لے کر جس کے واسطے عمل کرنا ہو وہ تیل پیشانی پر لگاوے انشاء اللہ آنکھ ملتے ہی دونوں میں محبت پیدا ہوگی کہ بغیر دونوں کے آرام نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

کالا جادو نمبر ۴۳

زعفران، تگر، ہڑتال، برابر لے کر پیس کر گولیاں

بناؤ، پھر ہر ایک گولی کا دھواں جس کو دوگے مسخر ہو جاوے گا

کالا جادو نمبر ۴ ہے۔ ہدہد کی بائیں آنکھ کا تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھو یا گلے میں ڈالو یا اپنی جیب میں رکھ کر مطلوب کے پاس جاؤ محبت سے پیش آئے گا اور دل سے ازحد محبت کریگا۔

کالا جادو نمبر ۵ ہے۔ بروز اتوار گھوگھو جانور کی زبان اور اڑھائی پتے نیم کے لاؤ۔ اور ان دونوں کو خوب باریک پیس لو اور اسے آنکھوں میں بطور سرمہ لگاؤ اور مطلوب کے پاس جاؤ، وہ تابع اور مطیع ہو جاوے گا۔

بذریعہ منتر دشمن کو دیوانہ کرنا

کالا جادو نمبر ۶ ہے:۔ ترکیب :۔ اتوار یا منگل کے روز گھگھو اور کالے کوے کے پر لاؤ۔ اور دونوں کو ایک ساتھ باندھ کر جلانا شروع کرو۔ اور جو خاک ان سے بنے اسپر مندرجہ ذیل منتر ۸۰ دفعہ پڑھیں پھر یہ راکھ احتیاط کے ساتھ رکھ چھوڑیں پس جس وقت یہ خاک چٹکی بھر جس کے سر پر ڈالی جاوے، اسی وقت وہ دیوانہ ہو جاوے اور گھر بار چھوڑ کر آوارہ ہو جائے گا اور بھاگ جاویگا۔ منتر یہ ہے اوم منہ پرالی پتی یا اموکن اچاٹ ہوجاٹ لا پھٹ سواہا۔

کالا جادو نمبر ۷ ہے نظروں سے غائب ہونیکا سرمہ

منتر۔ اوم مدن سکھیلے نمہ سواہا:۔

ترکیب: دھتورے کے درخت کے نیچے بیٹھ کر مندرجہ بالا منتر کا جاپ ہر روز متواتر چودہ دن کے اندر اندر ایک لاکھ کا جب

مکمل کرے۔ تو دیوی خوش ہو کے ایک سرمہ دیگی جو شخص اس سرمہ کو لگا ئیگا وہ سب آدمیوں کو دیکھ سکے گا لیکن اوسکو کسی کو نہ دکھائی دیگا۔ اگر اندھیرے میں کوئی چیز دیکھنا چاہے تو دیکھ سکتا ہے یعنی اگر اندھیری جگہ پر چلا جوے تو وہاں روشنی نمودار ہو جاویگی مگر عامل کو چاہیئے کہ عمل شروع کرنے سے پہلے برے خیالات کو دل میں جگہ نہ دیوے تاکہ اس کا منتر سدھ ہو جائے اور اس کا پھل پراپت ہو۔

کالا جادو نمبر ۴۸ { کنڈیال سفید کے پھول اور پھل لاجونتی، گورو چن ان چیزوں کو کوٹ پیس کر اور شہد ڈال کر گولیاں بنا لو جب کسی کو مطیع کرنا ہو تو ایک گولی پانی میں گھس کر ماتھے پر لگاؤ۔ جو دیکھے پر لگاؤ جو دیکھے گا محبت اور عزت کریگا

کالا جادو نمبر ۴۹ { سیاہ گھوڑے کے ناخن نیز اس کی گردن کے بال لے کر ان چیزوں کو روتی کچھر میں چاندی میں منڈھوا لو۔ اور اپنے گلے میں باندھیں تو سب لوگ محبت اور عزت سے پیش آئیں گے۔

کالا جادو نمبر ۵۰، لوگوں کو موہت کرنیکا طریقہ

تلسی کے بیجوں کا سفوف سہدیوی کے عرق میں ملا کر رکھو اتوار کے دن اس مرکب کا تلک لگاؤ، جو بھی آدمی تم کو اس حالت میں دیکھے گا موہت ہو جاوے گا یعنی تم کو محبت کرنے لگے گا۔

کالا جادو نمبر ۵۱ { کرتکا بوٹی کے عرق کو گائے کے دودھ میں ملا کر اس کا ٹیکا اپنے ماتھے پر لگائیں،

اور اپنے مطلوب کے گھر جائیں کہ پہلے اس کی نظر پڑے پس وہ ہزار جان سے عاشق ہو جائے گا،

واضح ہو کہ کرز کا بوٹی جھیل کے کنارے اگتی ہے اس کا رنگ سرخ اس کی پتیاں چھوٹی اور زمین پر بچھی ہوتی ہیں۔ اس پر کوئی پھل موسم میں نہیں آتا۔

کالا جادو نمبر ۵۲ سورج، یا چاند گرہن میں ایک سپاری خورد لے کر اس کا ذیل کا منتر ۱۰۸ مرتبہ پڑھ لو اور اس کے بعد اس سپاری کو ثابت نگل جاؤ۔ اور پھر جب تک گرہن صاف نہ ہو اس منتر کو پڑھتے رہو دوسرے دن صبح جب پاخانہ جاؤ، تو وہ سپاری اس میں نکال لو اور اس کو دودھ سے دھو کر اپنے پاس رکھو۔

پس کسی زہرہ جبیں مطلوب کو اس میں سے چاول بھر کر ہمراہ پان کے کھلاؤ گے تو وہ محبت میں ایسی فریفتہ ہو گی کہ پھر اس سے ایک گھڑی بھی جدا نہ ہو گی۔ منتر یہ ہے

اوم ہر نیگ کر نیک پر اسنری حم وسیا نک چنتر متھے سوا ہا

کالا جادو نمبر ۵۳ یہ عمل عجیب ہے بے بنجرا اس سے عمدہ عمل دوسرا نہ ہو گا ایک بلی جو لائتی ہو اس کو دیوے اکثر کشمیری لوگ لاتے ہیں۔ الغرض بلی جوان ہو اس کو تھوڑا تھوڑا گھی کھلاوے، اور روزانہ گھی زیادہ کرے یہاں تک پاؤ بھر پر نوبت پہونچے۔ پاؤ بھر ایک مرتبہ کھاوے پھر بکشنبہ کے دن ایک دیگچی یا قلعی کی لاوے اور اکیلی جگہ کوئی دوسرا

نہو غسل کر کے ایک لنگی کھار وے کی باندھے اور اس بلی کو دیگ میں ڈالے اور منہ اس کا سرپوش سے بند کر دے تاکہ بلی باہر نہ نکلے بعدہ کچھ عدد اینٹیں کہ تین نہوں چولھے کی طرح سے تین جگہ رکھے اور منہ اس چولھے کا مشرق کی طرف کرے اور اس دیگ کے تلے ایک چراغ گھی کا کہ بتی اس کی موٹی ہو جلاوے تاکہ اس بتی کی دیگ کے اوپر تک پہو نچے اور بلی کو گرمی معلوم ہو تو وہ تین مرتبہ ایسی سخت آواز دے جیسے کسی بلی کو پکڑا ہو۔ اور بعد جلانے کے بلی دیگ میں تڑپنے کریگی اور آواز اس کی بہت ڈراؤنی ہوگی، عامل کو لازمی ہے کہ ہرگز نہ ڈرے درنہ جان سے مارا جائیگا، عامل سامنے اس دیگ کے بیٹھ کر سورہ قل ھو اللہ بے تعداد پڑھے اگر ہندو ہو تو گا تری منتر پڑھے کہ آواز تپنے کی آوے۔ جب بلی تپنے کرے تو بلی کو نکال لے اور تپنے کا روغن احتیاط سے برتن میں اٹھائے اس روغن میں جس قدر سرمہ حل ہو سکے کرے۔ اور احتیاط سے رکھے وہ سرمہ عمر بھر کے لئے کافی ہے اسے اکسیر حب کہتے ہیں،

پس دو سلائی سرمہ جس امیر غریب یا حاکم یا معشوق کے سامنے لگا کر جلاوے تمام عمر فرمانبردار اور ساتھ رہے نہایت مجرب اور فوراً اثر کرنے والا آزمودہ ہے۔

کالا جادو نمبر ۵ { تنتر پیر کی مٹی تعویذ میں بند کرنے کا

بروز اتوار جس دن رنڈی یا طوائف یا حلال خوری یعنی چوہڑی یا تیلی مرجائے جبکہ اس کو گھر سے باہر لیجاتے ہیں اسکی پائنتی سے

دو پیسے مقصود کی سرہانے کی طرف پھینکے پھر ان کو اٹھا لیوے۔ اور
ننگا ہو کر لوبان یا دھوپ کی دھونی دیوے پھر فوراً سنار کے پاس جاوے
خواہ کچھ ہی اجرت لیوے ایک تعویذ بہت جلد ڈھکنے والا بنوائے پھر
اس تعویذ کو بہت جلد اس کی قبر کی طرف لے جاوے اور اس پر رکھ
کر کہدے کہ لے تیار کر آیا ہوں۔ قبر کی مٹی اس کے اندر بھر کرلے آدے
رات کو وہ تمہارے پاس آویگی اور کہے گی کہ کیوں بلایا ہے تم کہنا
میرا فلاں کام ہے کر دو غرض جب تک مٹی رہے گی کام دیگی۔
پھر اس مٹی میں جلی دے کر اپنے مطلوب کے دائیں پاؤں کے نیچے
کی مٹی ڈال کر بند کر دو۔ مطلوب اسی وقت سے ہمراہ رہے گا جب تک
مٹی کو باہر نہ نکالو گے محبوب اس وقت تک مطیع رہے گا۔

کالا جادو نمبر ۵۵ } بروز اتوار کتا سیاہ کہ داغ کسی جگہ نہ ہووے بالکل سیاہ ہو اس کی دم کاٹ
کر جو خون نکلے گا اس میں دھنی ہوئی کوری روئی قدرے لے کر
تر کرے پھر اسے سایہ میں خشک کرکے چنبیلی کا تیل ڈال کر اس روئی
کی بتی بنا کر مردہ کی کھوپڑی کا دیپک کے درخت کے نیچے جا کر برہنہ
ہو کر کاجل بنا دے مگر جنگل میں درخت ہو۔ آبادی سے باہر جہاں
کوئی نہ ٹوکے اور نہ بولے پھر اس کاجل کو آنکھ میں لگا دے اور مطلوب
کی طرف دیکھے۔ فوراً ہی ہمراہ ہوگا اور مطیع ہوگا۔

کالا جادو نمبر ۵۶ } بلی مردہ کے دانت اور کتا مردہ کے دانت لے کر ایک جگہ پیس لیں۔ اور
مطلوب کے جسم پر مل دیویں۔ یا دھونی دیویں اسی وقت محبت

میں مبتلا ہوگا۔

کالا جادو نمبر ۵۷ } منگل وار اتوار یا سنیچر چار چھپکلی جو گھروں میں ہوتی ہے دم۔ دونوں کی کاٹ لے۔ اور روئی کے پنبہ میں لپیٹ کر فتیلہ بنالو اور چراغ پر رکھ کر کاجل اتارو اس کاجل میں سے تھوڑا سا لے کر مطلوب کے دامن پر لگاؤ اسی وقت فریفتہ اور بے آرام ہوگا۔

کالا جادو نمبر ۵۸ } ایک بلی سیاہ رنگ کی لاوے، اور تمام جسم میں کوئی دوسرا رنگ نہ ہو اس کا تھوڑا سا خون لے کر جمعرات میں ملاوے اور مطلوب کے کپڑوں پر فوراً محبت ہوگی

کالا جادو نمبر ۵۹ } کسی کو قابو میں لانے کا منتر

اوم نمو بھگوتے استری پر وپش کار نی استری شری سواہا۔

ترکیب:۔ صبح ضروری حاجات سے فارغ ہو کر اس کا جپ شروع کیا جاتا ہے۔ اور کل جپ ... ۶۲ کیا جاتا ہے دوران جپ میں ناریل کے دسویں حصہ کا ہون کرنے عامل جس آدمی یا عورت کا نام لے کر جپ کرے گا وہی قابو میں ہو خواہش مند اصحاب جلدی اس منتر سے فائدہ اٹھاویں۔

کالا جادو نمبر ۶۰ } راجہ کو اپنی طرف کرنے کا منتر

منتر۔ اوم نمو بھدرائے وشنرک دالائے ڈل بل پراکرمئے ۔ وکلا بیائے اوم اور دھ کشالے کر دیپاتی ماسے خچاتی دا لش

درجن چھید ے چھید ے راج سمنگ ، جنیگ کر دکرد شرونانگ
نکونگ مدے سوا ہا۔

ترکیب :۔ راجہ کے روبرو پیش ہونے سے پیشتر اس منتر کا جپ دس ہزار کرو اور جب پیش بھی ہو تو بھی اس منتر کا جپ کرتے رہو جس جس سے آپ کا تیج اتنا بڑھے گا۔ اور راجہ کے دل پر کشش کرے گا، کہ راجہ تمہاری طرف کی بات کرے گا، لوگ راجہ کی اس بات کو دیکھ کر پرمن ہو گئے۔

کالا جادو نمبر ۶۱ کاجل سے لوگوں کو قابو کرنے کا طریقہ

گوبر کے بھوواکیڑے کر اس کی بتی بناؤ۔ رات کے وقت گائے کے مکھن کو پہنے میں تیار کر کے اس بتی کو جلاؤ اور اوپر کوئی چیز رکھ کر اس کے کاجل کو اکٹھا کر لو۔

صبح کے وقت اگر اس کاجل کو آنکھوں میں ڈال کر چلو گے تو جو بھی آدمی آپ کو دیکھے گا موہت ہو جائے گا، عقل مند کو چاہیئے کہ اس کاجل کو سنبھال کر رکھے۔ اور کسی دوسرے کو مت دیوے یہ ایسا کاجل ہے کہ جو دیوتاؤں کو بھی حاصل نہیں ہوتا۔

کالا جادو نمبر ۶۲ لوگوں کو اپنی پر موہت کرنے کا طریقہ

جو بیتر کو رے کو لے کر پیس لو جب اچھی طرح سے رکھ جاوے اس کو گیلا گائے کے مکھن میں پیس کر گولی بناؤ۔ اب اس گولی کو ضروری حاجات ہونے کے بعد رگڑ کر ماتھے پر تلک

لگاؤ، جو بھی آدمی یا عورت آپ کو تلک لگائے ہوئے دیکھے گا من اور دھن سے موہت ہو جائے گا جن سے آپ اپنی مرضی کے مطابق سلوک کر سکتے ہیں، وہ آپ کے کہنے کے مطابق کچھ نہ کہے گا۔

کالا جادو نمبر ۶۳ تلک جس سے دنیا موہت ہوتی ہے

منش کی کھوپری لاکر اس میں دھتورے کے بیج رکھے پھر اس میں شہد اور کپور ملاکر پیسے اور تلک لگائے تو چاہے مرد چاہے عورت یا استری دیکھے وہی بس میں ہو یہ وشسٹ جی لوک اندیکھا۔

کالا جادو نمبر ۶۴} کسی کو ہمیشہ کیلئے قابو کرنا!

برہم ڈنڈی، وچ اور کوٹھ کا سفوف ملا کر پان میں ڈال کر جس آدمی کو کھلایا جاوے۔ وہ ہمیشہ کے واسطے قابو میں رہے کبھی بھی قابو سے نہ نکلے، یعنی قابو کرنے والا جو کچھ بھی کہے بجالاوے اور کبھی بھی انکار نہ کرے۔

کالا جادو نمبر ۶۵} ہر دلعزیز ہونے کا منتر!

منتر ادم بھنور مرد استری۔ سرو دکھ وشی کارنی سٹر نیگا ہر نیگ سوا ہا ترکیب:۔ مندرجہ بالا منتر کا ۷۰۰ جپ کرو اور یہ جپ منگل کے دن شروع کرو اور ہر روز متواتر سات یوم تک اس کا جپ کرتے رہو اور سات ہزار دو سو منتر کے ذریعہ نارین کے ساتھ ہون کیا جاوے اور جو راکھ اس ہون سے تیار ہو اس

کو ماتھے پر لگاوے، جہاں جاوے گا قدر و منزلت حاصل کریگا اور تمام لوگ اس کی خدمت کا شوق بجا لائیں گے اگر راکھ کو ماتھے پر سے اتار دیا جاوے تو پھر اپنی اصلی حالت پر آجاویگا۔

کالا جادو نمبر ۶۶ } سیاہ بھنورے کے دونوں پر بالوں سمیت لو اور پھول پھول تگر، کاگ، جنگا سفید پھر یہ سب چیزیں ملاکر مہین کرلو، پھر اسی میں سے تھوڑا سا جس استری کے بدن پر ملو گے وہ بڑی محبت کریگی

کالا جادو نمبر ۶۷ } پیٹھ کنڈے کی جڑ کیلا گائے کے دودھ میں گھسا کر تلک لگاؤ، اس کے لگانے سے ہر بشر پیار کریگا۔

کالا جادو نمبر ۶۸ } پورنماشی یکھ نچھتر ہووے تو بوٹی کی جڑ لیکر پانی میں گھساؤ، ماتھے پر ٹیکا لگا کر جہاں جاؤ گے لوگ پیار کریں گے۔

کالا جادو نمبر ۶۹ } مجیٹھ مہندی بیج اور سفید آک کی جڑ میں اپنے جسم کا خون ملا کر اپنے ماتھے پر تلک لگاؤ۔ تو جو تم کو دیکھے گا تم سے خود بخود محبت کرے گا۔

کالا جادو نمبر ۷۰ } حمائیل، کٹھ، جگر تینوں چیزوں کو برابر لے کر کوٹ کر ملاویں تو ان کو روئی میں لپیٹ کر کپڑے کی بتی بنا کر نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ملا کر پکھ نچھتر میں جلاؤ۔ آدمی کو کھوپری اوپر رکھ کر کالک اتارو اگر کھوپری ملے تو کسی اور چیز میں کالک اتارو پھر اس میں گائے کا گھی ملاکر

کاجل بناؤ، اس کاجل کو جو کوئی کاجل کی طرح آنکھوں میں لگائے گا عورتیں اس پر موہت ہو کر دل و جان سے فدا ہو جائیں گی اور دل کی مراد بر آئے گی۔

کالا جادو نمبرا، قبضے میں کرنے کی بوٹی

چناکی بھسم، کوٹھ، پچ ناگر، اور گنگم ایک ساتھ ملا کر پیس کر عورت کے سر پر اور مرد کے پاؤں کے نیچے ڈالے جب تک جیتے رہیں تب تک داسی کی مثال رہیں گے۔

کالا جادو نمبر ۲، قبضے میں کرنے کا طریقہ

اتوار یا منگل کے دن آدھی رات کے وقت چوراہے کی مٹی ننگے جسم ہو کر لے آوے، اور روغن انگول میں حل کر کے اپنے ماتھے پر ٹیکا لگائے، جو آدمی اس کو دیکھے گا اس کی محبت میں پھنس جائیگا

کالا جادو نمبر ۳، بروز یکشنبہ جنگل میں بوقت دوپہر جاوے اور برہنہ ہو کر جس جگہ انار کو پھول لگتے ہوں اس کو یہ کہے کہ اے انار میں تجھ کو دوں گا واسطے مسخر کرنے فلاں شخص کے اور کل تیری دعوت ہے۔

دوسرے روز ایک پارچہ مطلب کا جو پرانا ہو اس کی جڑ میں دفن کر آوے اور پھول بند منہ کا توڑ لاوے اور اسکو سنگھا دے وہ مطیع ہو گا

کالا جادو نمبر ۴، انسان کا سب کے سامنے غائب ہونا مجرب ہے۔ جس دن بروز اتوار پچھ نکھتر پڑے تو

مرگھٹ یا قبرستان سے خاک لائے اور اس کو جنگل میں دفن کرے پھر اس پر چرال بو دے اور اس کی حفاظت کرتا رہے، جب اس میں بیج پیدا ہو جاویں یعنی پک جاویں تو وہ پہر کو جا کر اپنی انگشت کا خون اس پر ڈالے جب بالکل پک جاوے تو اتوار کی رات کو بیٹھے چاول پکا کر اس کے نیچے رکھ آوے اور خوشبو دے دوسرے روز جا کر اور برہنہ ہو کر اس عمل کو پڑھے، عمل پڑھنے سے درخت میں ایک شکل پیدا ہوگی۔ وہ اس کا ہمزاد ہوگا، وہ اس کی شکل کا ہوگا اس کو یہ کہے کہ اے برادر غائب ہو جا، ان الفاظ کو تین دفعہ کہنے سے وہ غائب ہو جائے گی، پھر وہ ظاہر ہو کر تم کو اجازت دے گا کہ تم اس درخت کے بیج پر یہ منتر سو مرتبہ پڑھو اور منہ میں رکھ لے جب تک یہ بیج منہ میں رہے گا وہ سب کو دیکھے گا۔ مگر ایک بیج صرف ایک مرتبہ کام آوے گا، جب بیج منہ سے نکالے گا تو وہ بے کار ہو جائے گا، پھر وہ بیج دریا میں ڈال دے اور پانچ تولہ تباشے ڈال دے یہ منتر مجھے ایک جوگی سے ملا تھا۔ منتر یہ ہے،

بھوت ماتا، بھوت پتا، اور بھوت اڑجا، کالی ناگنی الوپ، جاگ، آج رات تیرا تیلی تیری تیرا تو الوپ ہو جا۔ جاگ جے تو الوپ نہ ہووے تو ماتا پیا سو بار جاگ سولاگ۔ لاگ کر کہے خدا کی قسم ہے تجربہ ہے

کالا جادو نمبر ۵۷ ﴿ چندی جمعرات کو سیاہ بلی کا چمڑہ لاوے اور اس کی ٹوپی بنا کر پاس رکھے جب دوسرا اتوار آوے تو بوقت شام باہر جاوے اور وہ ٹوپی بلی کے چمڑے والی سر پر رکھے جس وقت گلہ گائے بھینس ل

کا شہر آوے جو اول گائے یا بھینس ہو گی اس کے سینگوں پر ایک جن سوار ہو گا۔ جو عامل کو ہی نظر آوے گا۔ اس کے سر پر بھی ایک ٹوپی ہو گی، عامل اپنی ٹوپی کو مضبوط پکڑ کر اسکی ٹوپی اتار لے مگر اپنی ٹوپی کو مضبوط پکڑے اگر جن نے پہلے یا بعد میں عامل کی ٹوپی اتار لی تو پھر اس عامل کی موت ہے۔

پس جن کی ٹوپی لا کر گوگل، لوبان کی دھونی دے اور سات روز تک صندوقچہ میں بند رکھے اور یہ عمل جس وقت ٹوپی اتاری تھی چالیس مرتبہ دریا کے کنارے پر پڑھا کرے ساتویں روز وہ جن تم سے ٹوپی مانگے گا، تم اسے کہو کہ تم اسے ٹوپی مت دو اور انگشتری دے کر چلے آؤ۔ جب الوپ ہونے کی ضرورت ہو تو وہ جن والی ٹوپی اوڑھو، پس تم سب کو دیکھو گے۔ تم کو کوئی نہ دیکھے گا، اور اس کے انگشتری کو جب تم آگ دکھاؤ گے حاضر ہو گا، جو کام کہو گے کریگا ہمیشہ تابع رہے گا۔ مگر ناجائز کام نہ کرے وہ عمل چالیس مرتبہ دریا پر پڑھا جائے گا، وہ عمل یہ ہے، مجرب ہے۔

راجہ جوگی اگن جل ان کی الٹی ریت، ڈرتے رہو گرو جی تھوڑی کرو پریت۔

کالا جادو نمبر ۷ } روزی کھلنے کا منتر

جو صاحب بے کار ہوں۔ اور روزی نہ لگتی ہو، اس منتر کو صبح سات یوم ۹۴ بار پڑھے بفضل خدا روزی لگ جاوے گی۔ منتر یہ ہے۔ کالی جہا کالی میرے پیند چھوٹی بیائی چار بھیروں چور

پسی تو پیوں جوں پان مٹھائی کٹھائی۔
یہ منتر نہایت مجرب اور آزمودہ ہے بالکل بے خطر ہے

کالا جادو نمبر ۷۷۔ مشکل حل ہو!

اسے مسلمان بھی کرسکتا ہے۔ جب مشکل پیش آوے۔ اس منتر کو سات یوم دریا کے کنارے گیارہ ہزار بار پڑھے اور گھی کا چراغ جلاوے۔ اگر آپ کی مشکل حل نہ ہو گی تو ہیں ذمہ دار ہوں منتر یہ ہے۔

یا خالص یا مخلص یا خلاص مجھے کام آوے۔ راس ہم کو مشکل تم کو آسان خواجہ خضر ہے تجلی بن کو خواجہ معین الدین لیئے بھائی کا کانٹا چھرا تا ہر اسر یا بجیو۔ یا بجیو۔

کالا جادو نمبر ۷۸۔ سب آدمیوں کو بس میں کرنیکا ٹوٹکا

مینڈھا سنگی، بچ رال، خس۔ چندن اور چھوٹی الائچی یہ سب برابر لے کر کوٹ چھان لے پھر پہننے کا کوئی کپڑا ادھر کے دھونی دے تو ناری وش ہو کر یاد کرے یہ بھی لابھ بہت ہوا اور دیکھتے ہی راجہ خوش ہو جاوے۔

کالا جادو نمبر ۷۹۔ وشی کرن کی برکی

ندی کنارے جھاؤ کی جڑ منگاوے اور جب پشپ نچھتر ہو، تب اس میں کنڈے کی چھال ملاوے پھر برابر بھی شمشان کی راکھ

ملا کر جس کسی کے اوپر چھوڑے تو وہ عورت فوراً ہی وش ہو۔

کالا جادو نمبر ۸۰ سرمہ کراماتی برائے تسخیر!

سرمہ سیاہ کی ایک ڈبی لے کر اسپر روزانہ نظر جمایا کریں اور عمل کے اختتام پر سرمہ سے کہیں کہ جو مجھے آنکھ میں لگائے۔ میرا ہو جائے چالیس یوم عمل کرنے کے بعد یہ سرمہ کھرل میں ڈال کر گور گلاب کے ساتھ کھرل کریں، اور بعد تیاری ایک سفید رنگ کی شفاف شیشی میں محفوظ کریں، جب یہ سرمہ کسی کو لگانے کے لئے دینا ہو تو سیاہ رنگ کے کاغذ میں لپیٹ کر دیں، جو کوئی اسے آنکھوں میں لگائے گا، عامل پر فریفتہ ہو جائے گا،

کالا جادو نمبر ۸۱ کم منتر وشی کرن سپاری

اوم نمو ادوشنی سپاری کامنی گاری راجا پرجا گھری پیاری منتر پڑھ کر تو ہیں موہیا کلیجہ لاؤں توڑ، جیوتا پائے بتیگی ہوا سنگ مشان سردشتہ نہ ہوئے تو بچی منوماں کی آن۔ بسیدھ طریقہ، سورج گرہن میں، سپاری پر سات مرتبہ پڑھ کر چبائے سو وشیہ ہووے۔

کالا جادو نمبر ۸۲ کم راج وشی کرن منتر

پوروا بھاسکنی نچھتر میں کسی پھلواڑی یا باغیچہ میں جا کر انار توڑ لاوے پھر انار کو دھوپ کی دھونی دے کر اس کے دانے ہاتھ میں باندھے اور بدھ کر کسی شہر میں جاوے تو راجہ وشیہ ہو جاوے

یہ ایسا منتر ہے، کہ اگر کرتے بنے تو راجہ اندر بھی وش میں ہو جاوے۔

کالا جادو نمبر ۸۳ جو چیز مانگو فوراً مل جائے

منتر: اوم نمو چامنڈے پر چنڈے اندرائے اوم نمو پر چنڈ الہی کھیو بھی یہ کرکھنی کر تھنیہ اکر کھیہ ور دیہ ماینہ ہنگ پھٹ تسواہا

ترکیب: اس منتر کا دس ہزار جپ کرو اور ایسا ہی برابر تین ماہ تک کرتا رہے اور جب آخری دن رہ جائے گا، تو عامل کو اس رات ایک بڑا خوفناک خواب دیکھنا پڑے گا اگر اس طرح دیکھنے سے ظہور میں آوے تو چاہیئے کہ اکیس دن اور یہ عمل کرے جب منتر سدھ ہو گا۔ تو دیوی رات کو کئی قسم کا ڈر و خوف دیگی اس وقت عامل کو چاہیئے کہ مستقل مزاج رہے اور اپنے دل کو قابو میں رکھے تو خود بخود پھر دیوی بس میں ہو گی اور جو چیز اس سے مانگو گے فوراً حاضر کریگی۔

کالا جادو نمبر ۸۴ عجیب منتر برائے حُب

آدھی رات کے وقت پورن ماشی کو جنگل میں جائے اور ایک ملاجو نہیں کا پودا تلاش کرے اور اس کی شاخ کو چاقو سے تراش لاوے اور اکیلے ہر روز صبح ۴ بجے ایک پوتر اور تنہا جگہ میں بیٹھ کر حسب ذیل منتر ہزار بار پڑھے اور ایک ہفتہ برابر اسی طرح عمل کرتا رہے، مگر دوران عمل میں کبھی کسی سے بات نہ کرے اور نہ کسی دوسرے کی جانب نگاہ اٹھا کر دیکھے اور نہ عورت سے

بھوگ کرے، آٹھویں دن اس لکڑی کو باریک پیس دے اور اس آٹے کو احتیاط سے رکھ چھوڑے، پس جب کسی کو محبت میں گرفتار کرنا منظور ہو تو یا اسے اپنا گرویدہ بنانا چاہو تو اس میں سے ایک چٹکی پیڑے کی مٹھائی میں ملا کر مطلب کو کھلا دے، وہ تمام عمر مطیع رہے گا۔ یاد رہے کہ حرامکاری میں اس منتر کو ہرگز کام میں نہ لاویں اور نہ ہی اس نیت سے یہ منتر سدھ ہو سکتا ہے بلکہ جب ایسی ضرورت پڑے مثلاً میاں بیوی میں تکرار ہو یا کوئی ایسا موقع پیش آوے تو کام میں لاویں۔ منتر یہ ہے

کالا جادو نمبر ۸۵ کم منتر برائے حُب

سفید آک، زعفران، صندل سرخ ہموزن لے کر اور باریک پیس کر اس پر ایک سو بار مندرجہ ذیل منتر پڑھے اور بعد ازاں ان اشیاء کو باریک پیس کر ان کا ٹیکا ماتھے پر لگائے پس کسی کے سامنے جائیگا، وہ عزت کرے گا۔ اور محبت سے پیش آئیگا۔ بلکہ آپ کا بے دام غلام بن جائے گا۔ منتر یہ ہے۔

ادم، ادم، ہری ہری، ہری، ہری، ہرنا، ہری

یہ منتر بہت عجیب ہے اور اپنے اثر میں

کالا جادو نمبر ۸۶ کم

کامل ہے، لیکن مشکل بھی ہے اس میں موقع ملنا بہت دشوار ہے۔ موقع کا منتظر رہنا چاہیئے اور جب موقع ملے تنتر کر لینا چاہیئے ہمیشہ کے لئے کر لینا چاہیئے یعنی چڑھتے چاند کو جب منگل دار تھ دوج اور بھرتی نچھتر ہو

اس دن دھکنی چھالی اور لونگ، اور چھوٹی الائچی اور مالکنگنی لے ... کر سفوف بنایئے پھر ان سب کو کھرل میں ڈال کر لاجونتی اور اپنے تھوک میں خوب حل کرے، اور چھوٹی سی گولیاں بنا کر رکھ چھوڑیں۔ پس جس شخص کو ایک گولی دی جائے تو وہ عمر بھر اس کا تابعدار اور محبت میں دیوانہ رہے گا، نہایت مجرب ثابت ہوا ہے اور بارہا لوگوں نے اس کو آزمایا ہے اور تعریف کی ہے۔ کہ نہایت زود اثر ہے اس کا ضرور تجربہ کرنا چاہیئے،

کالا جادو نمبر ۸۷

اس تعویذ کا نام پندریہ تعویذ ہے، جو کہ بڑا ہی عجیب ہے اگر اس تعویذ کو دوسرے دوسرے تعویذ کا سردار کہیں تو بجا ہے کیونکہ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ تعویذ گنڈے والے زیادہ تر اسی تعویذ کو استعمال کرتے اور آپ ناظرین نے کبھی دیکھا ہوگا کہ دوکاندار لوگ اس تعویذ کو دوکانوں پر لکھ کر چھوڑتے ہیں کہ وہ دوکان بکری میں برکت ہو جاوے یہی وجہ ہے کہ یہ تعویذ بڑا کار آمد ہے اگر اس کو پورے عمل سے کیا جاوے گا تو پھر تو بارہ میں گو دوکاندار لوگ عمل کرنا نہیں جانتے صرف اس کا تعویذ پر نتیجہ ہی ہوتا ہے، جس کو کہ آپ دیکھتے ہیں کہ ان کی دوکان پر کس طرح گاہکوں کی بھیڑ لگتی ہے اور یہ تعویذ ہر ایک اشبھ کام کے لئے چل سکتا ہے، اب ہم ذیل میں اس کے عمل کرنے کا طریقہ درج کرتے ہیں۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

طریقہ } عامل کو چاہیئے کہ ہر روز صبح اٹھ کر حاجت رفع سے فارغ ہو کر اشنان کرے اور پھر اپنے اشٹ دیو کو یاد کرے جو بھی اس کا اشٹ ہو اس کے ساتھ دھیان رگائے اور اس کا نام ثمر کرے پھر اس کے بعد اپنے من میں اس خیال کو باندھے کہ میری روزی کا بقیہ خاک رہ رہی ہے، اور میں خوشحالی کی صورت میں ہوتا جا رہا ہوں، اور ساتھ ہی مندرجہ بالا نقش کسی کاغذ کے ٹکڑے پر لکھے، ان کو ایک طاق میں رکھ دیوے مگر لکھے دفعہ مٹی کی سیاہی سے یعنی گیرو سے چالیس دن تک متواتر جاری رکھے پھر اکتالیسویں روز ہون کرنے کے بعد اس طرح کا ایک نقش زعفران سے لکھے، اور پھر اس نقش کو ڈبلی وغیرہ یا صندوق صندوقچی میں رکھے کہ جس کو وہ دوکان کا غلہ بولتا ہے یعنی جس میں اس کی نقدی وغیرہ رہتی ہے اس میں رکھ دیں۔ پھر اس پر روزگار کا کام دیکھے کہ کس طرح وہ اس کی روزی میں برکت ڈالتا ہے واقعی یہ تعویذ بڑا فائدہ مند ہے جس کسی نے اس کو آزمایا ہے مکمل پایا ہے۔

کالا جادو نمبر ۸۸ } اوم نمو کھگوتے، دسدیو تر لوچنائے ترپورن داہن آئے ذفلاں، مم وشنگ کرسوا ہا۔ ترکیب:۔ نیک ساعت میں اس منتر کو ۱۰۸ بار سپاری کے اوپر پڑھ کر پان میں کھلائے، تو مطیع ہوگا، حب کے عمل میں نہایت ہی مفید ہے۔

کالا جادو نمبر ۸۹ عورت کو مطیع کرنا!

اوم نمو کٹ ، دی کٹ گھپر ، روہنی دفلاں ، مم وشنگ کر سواہا۔ ترکیب :- اول سے اس منتر کو گرہن لگے ہوئے ہیں دس ہزار جپ کرکے سدھ کرے ، بعد میں اتوار کے دن سے جس وقت کھانا کھانے لگے تو اس پر اس منتر کا جاپ کرکے کھایا کرے اور بوقت جپ وہ کھانا اس عورت کا خیال و شکل اپنے روبرو قائم کرے اس سے بہت جلد وہ عورت قابو میں آجاتی ہے۔

کالا جادو نمبر ۹۰ { اوم نمو کالا بھیروں کالی رات کالا چیلے آدھی رات کالا لاوے تو میرا بیر پرشادی کے راکھے سی جلد جاچھانی دھرلاوے موتی کو جگا لاوے شبد سانچا پند کا نچا پھرو منتر ایشور واچا۔

ترکیب :- سورج گرہن میں بوہڑ کے درخت کے نیچے لال کپڑے پہن کر گوشت و شراب لے کر بیٹھ جاوے اور اس منتر کا بلا خوف و خطر جاپ شروع کرے ہرگز نہ ڈرے اگر کوئی اس کے سامنے آوے تو بھی حلقہ کے اندر بیٹھا رہے شراب گوشت اس جگہ رکھ کر چلا آوے ، بوقت ضرورت آدھی رات کو نہا دھو کر شراب اور گوشت اپنے پاس رکھ کر اس منتر کو شروع کرے ۱۰۸ بار مطلوب مطلوب کا تصور کرکے پڑھے ، بعد میں اس جگہ سے اٹھ کر سو جاوے مطلوب دست بستہ حاضر ہوگا ،

کالا جادو نمبر :- کام روپ ، دیس سے آئی ، کا ئیکا دیوی

جہاں سے اسمعیل جوگی کی لکی پھلواڑی پھول چنے لوناچماری جواس کی سونگھے خوشبو اس کا جیو ہمارے پاس گھر چھوڑے گھر الگن چھوڑ کر لوک کنب کی لجا چھوڑے دھائی لوناچماری کی دھائی اسمعیل جوگی کی

ترکیب :۔ نوچندی جمعرات کے دن سے دوسرے نوچندی سنیچر تک لوناچماری کا خیال کرکے ہر روز صبح دن نکلنے سے پہلے بلاناغہ ۱۰۰۱ بار اس منتر کا جاپ کرکے بھوگ لوناچماری کو گوشت، اور شراب کا لگاوے تو سدھ ہو۔ اور وقت ضرورت سات بار پھول پر پڑھ کر جس محبوبہ کو سنگھاوے وہ مطیع ہوجاوے۔

کالا جادو نمبر ۹۲ } کامروپ کامکھیا دیوی جہاں بسے اسمعیل جوگی اسمعیل نے اپنا بیڑا پہلا بیڑا انگ لپٹائے پھرو منتر ایشور یا چا دہائی گورو گورکھ ناتھ کی۔

ترکیب :۔ دیوالی کی رات کو گائے کے گھی کا چراغ جلائے اور گوگل جلائے اور مٹھائی پاس رکھ کے ۱۰۸ بار منتر پڑھے سدھ ہوئے بعد میں تین پان سالم بغیر کاٹے ہوئے کا بیڑا اپنا کر اسے سات بار منتر پڑھ کر جس کو کھلائے مطیع ہوجائے۔

کالا جادو نمبر ۹۳ } اوم، کھانگ ٹھنگ کھا ٹھا دفعہ مونگ، سنگ سا ٹھا ٹھا ٹھا، سوا ہا، اول،

اس منتر کو گرہن کے وقت میں سدھ کرنے کے بعد میں کھانے کھاتے وقت اس منتر کو ۲۱ دفعہ پڑھ کر جس کا نام لے کر پڑھے۔ کھانے پر پھونک مار کر کھائے۔ وہ مطیع و فرمانبردار ہو جاتا ہے۔ اگر پھولوں

کی مالا پر اس منتر کو پڑھ کر سرہانے رکھے عورتیں مطیع ہوں اگر جائفل پر پڑھ کر اس کو کھائے تو قوت باہ تیز ہو جاتی ہے کہتے کے کھانے کا

کالا جادو نمبر ۹۴



ایک روٹی گندم کی لے کر اس کے بارہ ٹکڑے کرکے الگ الگ یہ نام لکھے سیاہ کتی کو کھلا دے مطلوب مطیع ہو کر بے قرار ہوگا اور تیرھویں ٹکڑے پر مطلوب کا نام لکھے اور کھلا دے فوراً بے قرار ہو کر مطلوب حاضر ہوگا

کالا جادو نمبر ۹۵ حب کیلئے مجرب وظیفہ ہے

دل کبوتر ہو رہا گھیرا پڑا یٰسین کا
میرا سجن میل دے صدقہ محی الدین کا
یا کریم کرم کا یا رحیم رحیم کا کر
سخت دل کو نرم کر یا غوث الاعظم پلٹ گیر
میری ذیاد ... میری زیاد ... میری ذیاد

ترکیب:- صبح کے وقت جب سورج اندر باہر ہو یا شام کے وقت جب سورج اندر باہر ہو چلتے پانی پر یا نہر کے کنارے یا دریا کے کنارے کھڑے ہو کر اور اپنا منہ سورج کی طرف کرکے اپنے معشوق کی شکل کو ایسا تصور کرے کہ یہی معلوم ہو کہ جیسے وہ اپنی آنکھوں کے سامنے موجود ہے

اور گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر سات دفعہ یہی وظائف پڑھے اور بعد ختم وظائف کے پھر درود شریف گیارہ دفعہ پڑھے اور یہ وظائف چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کرے اور دوسری جمعرات سے پہلے ختم ہوجائے یعنی سات روز تک روز پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ معشوق سے واصل ہو اور اپنی مراد کو پہونچے۔

پرہیز ﴿ پیاز لہسن گوشت وغیرہ

مصنف صاحب نے ہر ایک کو عام اجازت دی ہے

کالا جادو نمبر ۹۶۔ عمل برائے تسخیر خلائق و عزیز بودن درجہاں

اوم اینگ، اینگ کلینگ چامنڈائی وچے

ترکیب ﴿ پراتا کال میں سندھیا پوجا سے فارغ ہو کر اول ہزار مرتبہ اوم کا جاپ کرو، منہ سورج کے نکلنے کی طرف کرو، اسی طرح ہر چہار طرف کے لئے اتنی مرتبہ پڑھو اور ان اطراف میں پھونک مارو۔ پھر نیچے اوپر اور اپنے جسم پر بھی ایسا عمل کرو، تاکہ تم تمام جانب سے محفوظ ہوجاؤ اب اپنے دل میں یقین کامل رکھو کہ تم ہر قسم کے آفات سماوی سے محفوظ ہو ہیں اسی طرح اول تم ہر سہ اوقات یعنی پراتا مدھیان ترکال کی سندھیا ختم کر کے کیا کرو۔ ہر مرتبہ ایسا کر چکنے کے بعد

اپنے نام کے ۸ عدد میں ۹۹۹ جمع کر کے منتر کا جاپ کرو، جاپ ختم کرکے گوپال جی نام کا جاپ کرو، بعد میں کسی سے کلام نہ کرو اس عمل میں پاک صاف رہنا ضروری ہے گوشت لہسن پیاز سے سخت پرہیز کرنا چاہیئے، اگر چالیس یوم تک تم اسے بلا ناغہ کرو تو تمہارا چہرہ نورانی ہو جائے گا، جو شخص تم کو دیکھے گا یا تم کو ملے گا وہ مرغوب ہو جائے گا، ہر ایک بشر تم کو خلوص دل سے محبت کرے گا اگر کسی کو کسی حاکم یا محبوب کے پاس جانے کی ضرورت درپیش ہو تو تم اس منتر کو ۱۰۸ مرتبہ پڑھو اور تمام الفاظ میں ساتویں مرتبہ اپنے داہنے ہاتھ پر پھونک مارو اور مٹھی کو بند کرو اور اس کے پاس جاؤ نزدیک جا کر مٹھی کا اشارہ اس کی طرف کرو اور اس ہاتھ کو کھول دو، درست الفاظ اصطلاحی ادا کرو وہ تمہارے ساتھ نہایت خندہ پیشانی سے پیش آئے گا تمہارا کام کرنے سے ہرگز انکار نہ کرے گا۔

اس منتر کے عامل کو فتوحات غیبی حاصل ہوتی ہیں لیکن عامل کے لئے یہ امر نہایت ضروری ہے کہ سندھیا مکمل کرے یعنی ہر سہ اوقات کی سندھیا کے بعد ایک ہزار گایتری کا جاپ ہر روز کرے اور اگر تم اس عمل کے شروع چالیس یوم باقاعدہ [illegible] کرو اور نہایت یکسوئی قلب سے اس عمل کو کرو اور پورن برہمچریہ دھرم کا پالن کرو اور ماتا جی کی کرپا سے تم پر بہت سے حالات ظاہر ہوں گے اگر تم کسی کے فراق میں مبتلا ہو اور عشق رکھتے ہو تو تم پر واجب و لازم ہے کہ مطلوب کے نام کے اعداد اس کے موکل

کے نام کے اعداد اپنے نام کے اعداد و موکل کے نام کے اعداد
ہر چہار کو یک ذات کرو، گویا بہ یقین کامل اپنے دل میں بٹھا لو
کہ تمہارے موکل نے مطلوب کو اپنے میں جذب کر لیا ہے تم میں کوئی
نہیں ہے۔

من تو شدم تو من شدی من تن شدی تو جاں شدی
تا کسی نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

پس اب تم ان تمام اعداد کے مجموعہ کے برابر مطلوب کا
تصور قائم کرکے یکسوئی قلب سے منتر پڑھو مجموعہ تمہارے قدموں
پہ ہوگی اگر تم کسی دوسرے کے لئے یہ عمل کرو تو واجب ہے کہ اول
بطریق بالا ہر دو کے اعداد جمع کرو۔ بعد میں ہر دو کی شکلوں کو اپنے
ذہن نشین اچھی طرح کرو اور وقت ورد ہر دو کی موانست زیر نظر
رکھو چالیس یوم کے اندر ان کی موافقت ہو جائے گی۔ اعداد
نکالنے سے قبل بروئے دھرم شاستر جو تش جوڑ جوڑا ضرور دیکھو اگر
درست نہ ہو تو اول درست کرو لیکن ایسا عمل دھرم کے مطابق کرو اگر
پاپ سے حرام کے لئے کرو گے تو خطا کھاؤ گے، دین دنیا دونوں سے
جاؤ گے، جوڑ جوڑا دیکھنے کا طریقہ ہمارے اندر جال میں
دیکھ سکتے ہیں۔

نوٹ:۔ بعد چالیس یوم گذرنے کے تم پر واجب ہے کہ
برہم بھوج کرو۔ اگر اس کی طاقت نہیں رکھتے تو ۲۱ براہمن کو
بھوجن کرو، اور پانچ کپڑے دو اگر غریب ہو گیارہ براہمن کو
بھوجن کراؤ، اور پانچ پانچ پیسے دو۔

کالا جادو نمبر ۹۷ - بیر منتر { عاملان عملیات و کاملان مسخرات و ماہران حاضرات

لکھتے ہیں کہ جو کوئی مصیبت میں گرفتار ہو اس کو حل کرنے کے
واسطے بیر یعنی مؤکل کو حاضر کرنا یا اپنے قابو میں رکھنا چاہیئے تو نوچندی
جمعرات کو روزہ رکھے اور شام کو دودھ کی کھیر سے کھولے پھر
ایک پہر رات گذر جانے کے بعد کسی محفوظ جگہ میں بیٹھے، اور
عطر و خوشبو لگا کر سرخ لباس پہنے اور شنگرف رومی پانی میں
گھولے ہوئے سے اپنے ارد گرد ایک لکیر کھینچے اور الائچی خورد
آٹھ لونگ آٹھ سپاری کورا دیا جس میں جلانے کے لئے گھی جلتا ہوا
کچھ عطر و مٹھائی یہ سب چیزیں اس لکیر کے اندر رکھو اور بیر حاضر
کرنے کا خیال دل میں باندھ کر یہ منتر پانچ ہزار بار ایک طشت میں
پڑھے، اسی طرح ہر روز کرنے سے انشاء اللہ تیسرے دن ایک
نہایت خوبصورت مؤکل حاضر ہو کر عامل سے پوچھے گا۔ کہ آپ نے
کس نیت کے واسطے مجھے یاد کیا ہے، اس وقت جو کچھ کہیں گے،
مانے گا، مگر عامل کو نہایت مستقل مزاجی متقی اور پاک صاف ہونا
چاہیئے، کیونکہ مؤکلان کو حاضر کرنا یا جنات وغیرہ کو قابو میں
لانا خطرے سے خالی نہیں، ہوتا گویا سب حاضر ہونے کے وقت
عامل کو کچھ نہیں کہتے پھر بھی یہ خاکی انسان ہوتا ہے، غیر جنس کو
دیکھنے سے ڈر جاتا ہے، ایسے وقت میں، اگر خوف زدہ ہو جائے
تو عمل برباد بلکہ زندگی خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے، اندر
یا مستقل مزاج رہے تو عامل کا نقصان نہیں ہوتا اور

کامیاب ہونے سے ایسے ایسے عملیات سے بڑے بڑے لطف اٹھا سکتا ہے،

بعض کہتے ہیں کہ وہ منتر بھی یہی ہے جو پیریوں کو حاضر کرنے اور بس میں لانے کے لئے پڑھا جاتا ہے، یا وہ مشکل جمیلہ پری ہوتی ہے، جو عامل کے روبرو آتی ہے مگر یاد رہے کہ اس کے ساتھ کوئی بد کلام یا حرام نیت نہیں کرنی چاہیئے یہ ہے، "جب تار اثور اے سوا ہا"

کالا جادو نمبر ۹۸۔ ہنومان منتر

عاملان مسخرات بیان کرتے ہیں کہ جو کوئی ہنومان کو اپنے قابو میں لانا چاہے اور فرمانبردار بنانا چاہے تو پہلے ہفتہ میں یا منگل میں روزہ رکھے اور دودھ کی فیرنی کھائے مگر وہ دن جس کا پہلا روزہ ہو آدھی رات کے بعد نہا دھو کر سرخ رنگ کا لباس پہنے اور خوشبو لگائے چندا لائچی خورد اور لونگ قدرے منظر سیندور کا ماتھے پر تلک دیوے پھر کسی پاک وصاف اور شور و غل سے الگ مکان میں بیٹھے اور شنگرف روجی پانی میں پیس کر اپنے گرد لکیر کھینچ کر دائرہ بنائے اور مٹھائی وغیرہ اس دائرے کے اندر رکھے اور دل میں ہنومان کو حاضر کرنے کا تصور باندھ کر یہ منتر پڑھنا شروع کرے،

اونگ ہنومان برس بارہ کے بزال ہاتھ میں لڈو منہ میں پان ہوک مار دن آؤ بابا ہنومان،

جب گیارہ سو مرتبہ پڑھ چکے تو چھوڑ دے پھر دوسرے دن ایسا کرے، چالیس روز پورا کرنے سے ہنومان خود بخود ایک بچہ پر بیٹھا ہوا، عامل کے پاس آئے گا، اور ہنومان جی مہاراج پوچھیں گے اے مرد خدا کس مدعا کے لئے تو نے مجھے یاد کیا ہے جو کچھ کہنا ہے کہہ مانگنا ہے مانگ اس وقت جو کچھ عامل کی مرضی ہو بیان کرے اور روزانہ لینا ہو جتنے مقرر ہوں اگر کسی کام میں امداد کی ضرورت ہو تو چاہیئے۔

الغرض جو کچھ عامل کہے وہ پورا کرے گا، مگر یہ بھید ہرگز ظاہر نہ کرنا چاہیئے، ورنہ عمل کی تاثیر اڑ جائے گی، عامل کے واسطے یہ بات رکھنا ضروری ہے۔ کہ دوران عمل میں سات دن کے بعد ہی ایسی ایسی واہیات اور خطرناک شکلیں نظر آنے لگتی ہیں، جن کے دیکھنے سے عامل ڈرتا ہے مگر مستقل مزاج اور نڈر رہنا چاہیئے وہ صورتیں عامل کو صرف ڈرانے اور بھگانے کے لئے ہوتی ہیں، کوئی نقصان نہیں کرتیں اور نہ وہ دائرہ کے اندر آسکتی ہیں۔

بعض عاملوں نے لکھا ہے وہ مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ چالیس روز بلا ناغہ پانچ ہزار بار یہ منتر پڑھنا بھی نہایت مفید ہے
اے ہنومان کی صورت حاضر شو ... رامچندر جی مہاراج

عمل جادو نمبر ۹۹۔ منہ مانگی چیزیں حاصل کرنا!

منتر۔ اوم ایہ تیاگی مم تیاگ ... تھنگ دیبی سے رنگ دی رنگ سے سواہا۔ ترکیب۔ صبح سویرے اٹھ کر اشنان کرکے اور پاک

کپڑے پہن کر اُس پر بیٹھ جاؤ۔ پھر گوگل یا دھوپ دہکاؤ اور چار لاکھ منتر کا جپ ایک سال تک برابر کرتے رہو تاکہ ایک سال کے اندر اندر دیوی حاضر ہو وے اور جو چیز تم مانگو وہی لاکر دیگی، یعنی تمہاری ہر ایک خواہش کو پورا کریگی،

کالا جادو نمبر ۱

ذیل کا جادو بڑی دقت سے ایک عامل کامل سے بہ زرِ کثیر ہاتھ آیا ہے لیکن ہم اپنے شائقین کے فائدے کی خاطر ظاہر کرتے ہیں عمل یہ ہے عمل شروع کرنے سے قبل مندرجہ ذیل اشیاء بہم پہنچاؤ۔

(۱) حیض کا وہ کپڑا جو کہ پہلی دفعہ کا ہو یعنی جس عورت یا لڑکی کو پہلی مرتبہ حیض آیا ہو۔

(۲) دیوالی والا چراغ جو ہندو مذہب کے کسی بزرگ نے عصب سے پہلے مندر کے برج یا چوکھٹ پر جلایا ہو۔

(۳) خوشبودار تیل چنبیلی یا دیگر اس وقت جبکہ کولہو سے نکل رہا ہو وزنی قریباً نصف سیر لیکر کسی بوتل میں بند کر کے رکھدو۔

(۴) گوبر اس بیل مذکورہ بالا کا اس وقت لو جبکہ وہ کولہو کی حالت میں چل رہا ہو۔ اور وہ گوبر زمین پر نہ گرا ہو بلکہ راستہ میں ہی ہاتھوں ہاتھ سے لو۔

(۵) شہر سے باہر کسی قلبہ شدہ کھیت سے مٹی کے تین چار ڈھیلے لاؤ اور اسے محفوظ کر لو۔

(۶) برگ کنگرہ سیاہ خشک شدہ

(۷) کوئلے جو آگ دہکانے کے لئے ہوں۔

(۸) لوبان کوڑیہ یا گوگل دھوپ۔

(۹) سندور اور لوبان چند عدد

(۱۰) ایک عدد تلوار

(۱۱) ایک عدد چادر جس کو سوئی نہ لگی ہو۔

(۱۲) مٹی کا ایک نیا سرپوش

ترکیب عمل ہذا دیوالی کی رات کو آبادی سے باہر کسی چوراہے میں سنسان جگہ پر چلے جاؤ جہاں کسی قسم کا شور وغل بالکل نہ ہو، اور نہ ہی کوئی آس پاس آدمی ہو اور نہ ہی اس جگہ روشنائی ہو۔ چوراہے کے عین بیچوں بیچ نصف دھوتی اوپر اور نصف نیچے اوڑھ کر اپنے مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاؤ۔ اگر آپ ہندو ہیں تو آپ سات دفعہ گائتری منتر اور مسلمان ہیں تو سات مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مارو، بعد ازاں اپنے دائیں ہاتھ کی بڑی انگلی اپنے منہ کے پاس لے جاؤ اور سات دفعہ منتر مذکورہ بالا پڑھتے جاؤ۔ اور دوران عمل میں انگلی کو اپنے منہ کے سامنے گھماتے رہو اور دم کر کے پھونکتے جاؤ پھر سات مرتبہ گائتری منتر یا آیت الکرسی پڑھ کر اس تلوار پر دم کرو اپنے گرد رام ریکھ یعنی گول دائرہ تلوار سے بناؤ اور جس جگہ دائرہ ختم ہو ان دونوں سروں کے درمیان تلوار کو زمین میں گاڑ دو اس کے بعد اس قلعبند شدہ کھیت میں ڈھیلوں سے چولہا مٹی کا بنائیں اور بیٹھنے کی جگہ اس نر گاؤ کے گوبر سے لیپ کر دو۔ جو کہ ذرا خشک ہو جائے

اور چراغ کے نیچے بھی اس قبلہ شدہ کھیت کی مٹی اور گوبر سے لیپ کر دو۔ اور اس دیوالی والے حیض والے چراغ میں خوشبودار تیل ڈالو۔ اب کپڑے کے چار حصے کر کے ان چاروں حصوں کی چار ہی بتیاں بناؤ۔ اور ہر ایک بتی میں کھنگرہ بباہ خشک شدہ کے ایک ایک دو دو پتے ڈال دو اور چراغ میں ان بتیوں کو رکھدو لیکن ان کی آگ اس قدر نہ ہو جو چراغ تک پہونچے دت دو چار کوئلوں کا دھکنا ہی کافی ہوگا ان کوئلوں پر لوبان کو ڈیہ یا۔ گوگل خوشبو کی دھونی دیتے رہو، لونگ اور سندور اس چوٹھے کے چاروں طرف بکھیر دو۔ یہ سب کام کرنے کے بعد چادر کو فوراً اتار دو، اور مادر زاد ننگے ہو کر ذیل کے منتر پڑھو اور چاروں طرف دم کر کے خاطر جمعی سے بیٹھ جاؤ۔

اللہ جیسے بادشاہ محمد جیسے وزیر خواجہ جیسے فقیر۔ جیسے پیغمبر ہر صاحب جیسے پیر دایئں رکھوں جبرائیل بایئں رکھوں، میکائیل آگے رکھوں اسرافیل پیچھے رکھوں، اسرافیل یا بال کی رکھشا کون کرے ہتر دہ ہزار نام ایک بسایئں۔

اس کے بعد اس چراغ میں چاروں طرف ان بتیوں کو جلاؤ اور دل کی توجہ کیساتھ مندرجہ ذیل منتر کو پڑھنا شروع کر دو اور بتیوں کو بغور دیکھتے رہو۔ حسب ضرورت بتیوں کو سر کاتے رہو اور چراغ کو بھی حسب ضرورت ٹیڑھا کرتے رہو تاکہ چاروں بتیاں برابر جلتی رہیں۔ اور ان میں سے کوئی بھی بجھنے نہ پائے۔ اور اگر کوئی بجھنے لگے، تو تھوڑا سا ڈال دینا اور چوٹھے کے نیچے

بھی خوشبو جلاتے رہو اور ضرورت کے ساتھ کوئلے بھی
نیچے ڈالتے جاؤ اور منتر پڑھتے جاؤ اور بتیوں کے اوپر سرپوش
لٹکا کر بھلا بطور کاجل جمع کرتے جاؤ اگر بھلا سرپوش سے زیادہ
ہو کر نیچے ہی گرنے لگے، تو اس کو اتار کر کسی چاندی کی ڈبیا میں
اتار لو، اور اس کے اندر تازہ مکھن ملاؤ جو کہ پہلے ایک چینی
کی پیالی میں رکھا ہوا ہو منتر اس وقت تک پڑھتے رہو جب
تک بتیوں میں تیل ختم نہ ہو جائے، جب تمام تیل ختم ہو جائے تو
سرپوش سے تمام کاجل بڑی حفاظت سے اتار کر مکھن میں
ملا کر ڈبیہ بند کر دو۔ اور جب تک کاجل ڈبیہ میں نہ ڈالا جائے
اس وقت تک خوشبو جلاتے رہو، اس کے بعد مندرجہ ذیل
منتر کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھو اور ڈبیہ کا منہ کھول کر فوراً دم کر کے ڈھکنا
بند کر دو اور دھوتی اوڑھ لو، اگر ہندو ہو تو گائتری منتر اور اگر
مسلمان ہو تو آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر اکھاڑ لو۔ اور دائیں
ہاتھ سے تلوار کی نوک سے اپنے پاس سے دور کر کے دائرہ کی لکیر کھینچو۔
اس کے بعد باہر نکل آؤ اور تمام چیزوں کو وہیں چھوڑ دو
سوائے اس ڈبیہ کے اور کوئی چیز ہمراہ نہ لاؤ اور پیچھے مڑ کے
بھی ہرگز نہ دیکھو مکان پر اگر ڈبیہ کو حفاظت سے رکھ کر
سو جاؤ۔ صبح سویرے اٹھ کر گڑ کا حلوہ بنا کر سیاہ رنگ
کے کتے کو کھلا دو۔ اور اس ڈبیہ کو اس وقت تک نہ کھولو
جب تک نہ کھولو جب تک کوئی ضرورت نہ پڑے بوقت ضرورت
طریقہ ذیل پر عمل کرو۔

تھوڑا سا مکھن والا کاجل اپنے داہنے ہاتھ کی کسی انگلی کے ناخن میں لگاؤ اور پھر ۱۰۱ مرتبہ دم کر کے ڈبیہ بند کر لو اور مطلوب کے سامنے چلے جاؤ اگر مطلوبہ عورت ہو تو فوراً وہ مکھن والا کاجل جو داہنے ہاتھ کی انگلی کے ناخن پر لگا ہوا ہے اپنی کسی آنکھ پر لگا لو اگر مطلوب مرد ہے تو ابرو پر لگاؤ جو چاہو اور جس غرض کے لئے جاؤ مطلوب بیقرار ہو کر عاجزی کریگا۔ اور جو حکم کرو گے بجا لائے گا۔ اور بے انتہا الفت محبت سے پیش آئے گا۔ گویا ایک باہمی عشق ہو گا، منتر یہ ہے

پھول ہنسے پھول بیسے خواجہ خضر پیغمبر بسے اس پھول کی کیوے پاس اٹھ کر آوے پر آوے ہمارے پاس نہ چھوٹے نہیں تو ہاں کلیجہ پھوٹے آوے پر آوے تو پرتپال کی لات کھاوے ایسی کھائی کھاوے جو ہر کام سے جاوے آوے نہ گھڑی گھڑے کو آرام نہ بیٹھی بیٹھے کو سکھ جب تک نہ دیکھے ہمارا مکھ پھر منتر ایشور مہادیو تیرا وا جا چلے کام موجہ اللہ و محمد کرے۔

کالا جادو نمبر ۱۰۱ } ذیل کا عمل جو ایک بنگالی فقیر سے ہزار ہا مصائب جھیلنے کے بعد ہمارے ہاتھ آیا ہے اپنے چند دوستوں کے اصرار کرنے پر ہدیہ ناظرین کرتے ہیں۔ آپ کو پروردگار کی قسم اس عمل کو حرام کے کام میں استعمال نہ کریں۔ ورنہ خدا کی طرف سے آپ کو سزا ملے گی اور آپ شیطان کے مرید بن جائیں گے اور جہنم کے

دروازے آپ کے لئے کھول دیئے جائیں گے، یہ عمل جو سینکڑوں آدمیوں کا آزمودہ ہے ذیل میں درج کیا جاتا ہے آپ اسکو پاک محبت میں لاکر فائدہ اٹھاویں۔ جو ناظرین اس کو عمل میں لا دیں گے وہ اس کی داد دیں گے

ترکیب عمل ہذا:۔ نو چندی اتوار کے دن کنواری لڑکیوں کے ذریعہ نئے چاولوں کا چھلکا اتروا دو اور اس کی حفاظت سے رکھ لو اور اسی دن یا رات کو کوئی اتنا پرانا چراغ لاؤ، جو کم از کم پانچ سال رہا ہو اور کم از کم اس میں ایک سیر تیل اس میں آسکے اگر چراغ نہ ملے تو اس دن یا رات کو پرانی کھوپڑی لاؤ جو کہ کہیں سے نہ ہی بوسیدہ اور نہ ہی ٹوٹا پھوٹا ہو اور ان کے نیچے والی مٹی بھی رہو اور چاند گرہن شروع ہونے سے پیشتر ایک سیاہ رنگ کی گائے کا دودھ جب ضرورت کسی مٹی کے برتن کو دے میں لاؤ گے گائے ایسی سیاہ ہو کہ اس کے بدن کا ذرا سا حصّہ بھی کسی اور رنگ کا نہ ہو یعنی تمام بدن بالکل سیاہ ہو

پس اسی مٹی اور کالے رنگ کی گائے جو دودھ دینے والی ہو کہ گوبر کو ملا کر چراغ یا کھوپڑی کے بیرونی طرف لیپا کر دو اور خشک کر لو پس چاند گرہن شروع ہونے سے پیشتر کسی سنسان جگہ میں جہاں شور وغل نہ ہو وہاں تمام سامان مذکورہ بالا لے کر چلے جاؤ۔ اس جگہ کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو اور نہ ہی کوئی روشنی وغیرہ ہو، بالکل تنہائی کی جگہ ہو اور وہاں کسی پیپل کے درخت کے نیچے جا کر بیٹھ جاؤ، جو کہ بڑا اور پرانا ہو، جو کہ پہلے سے تجویز شدہ ہو۔

جب چاند گرہن شروع ہو اس پیپل کے نیچے والی مٹی یا پتھروں کے ٹکڑوں سے عارضی چولہا بناؤ۔ اور اس چولھے پر چراغ یا کھوپڑی رکھ دو اس چراغ یا کھوپڑی کا نیچے والا لیپ شدہ حصّہ آگ کی طرف رہنا چاہیئے اور اس چراغ یا کھوپڑی میں

ہ کالی گائے والا دودھ اور چاول ڈال دو چراغ یا کھوپری
سے نیچے آگ جلاؤ مگر آگ ان لکڑیوں کی جلاؤ۔ جو کہ پیپل کے نیچے
گری ہوئی خشک لکڑی پڑی ہوں، پس چاند گرہن سے پہلے
ان پکا کر نیچے سے آگ کھینچ لو اس بات کا خیال رہے کہ فیرنی
آگ پر اس وقت کوئی چمچہ وغیرہ بالکل نہ ڈالا جائے
بلکہ وہی لکڑی والی لکڑی پھیرتے رہو۔ جس وقت اس چراغ یا
کھوپڑی میں فیرنی پک جاوے، تب وہ چراغ یا کھوپڑی اٹھا کر
اس وقت نہایت زور سے اس پیپل کے درخت کی جڑ پر مارو
اس جو چاول درخت کی جڑ سے چمٹ جائیں ان کو علیحدہ ڈبیہ
میں بھر کر رکھ دو اور اپنے ہاتھوں کو کپڑے سے خوب صاف کرلو پھر
ڈبیہ کو الگ رکھو۔ اب نیچے گرے ہوئے چاولوں کو اکٹھا کرنا
شروع کرو۔ جو کہ جڑ سے چمٹے ہوئے نہ ہوں اس کو دوسری
ڈبیہ میں بند کر کے رکھدو۔ اس بات کا خیال رہے کہ یہ دونوں
ڈبیاں ایک جگہ نہ ہوں اور نہ ہی ان کو اکٹھا رکھا جاوے تاکہ
بھول نہ جاؤ۔ اور گھر میں الگ الگ فاصلے پر رکھا جاوے،
نوٹ:- (۱) چاند گرہن شروع ہوتے ہی تمام کپڑے اتار کر
ننگے ہو جاؤ، اور عمل شروع کرو اور جب ان دونوں ڈبیوں میں
علیحدہ علیحدہ چاول بند ہو جاویں تو چاند گرہن ختم ہونے پر کپڑے
پہن کر چلے آؤ، جب تک چاند گرہن ختم نہ ہو جاوے وہیں
کھڑے رہو اور ان عمل میں ڈراؤنی شکلیں عمل میں آ دیں گی
مگر ہرگز نہ ڈرو اور نہ ہی پیچھے پھر کر دیکھو۔ سیدھے

اپنے مکان پر آہستہ آہستہ قدم چلتے آؤ (نیشنگ ہو) اس عمل کو چاند گرہن کامل میں کرنا چاہیئے چاند گرہن ناقص اور کامل دو قسم کا ہوتا ہے، یہ جاننے کے لئے کہ چاند گرہن ناقص ہوگا۔ یا کامل بڑی بڑی جنتریوں خاص کر مشہور عالم جنتری یا علمی جنتری کا پور سے دریافت کر لیجئے گا۔

نوٹ:۔ اگر چراغ یا کھوپری اور چاول نوچندی اتوار کو لائے ہوں اس کے بعد اگر چاند گرہن کا استعمال نہ کرو گے تو دونوں اشیاء بے کار ہو جاویں گی اور اس کا اثر زائل ہو جائے گا، اس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ چاند گرہن کی تاریخ معلوم کر کے اس سے قبل ایک دو ماہ چراغ یا کھوپری لاؤ اور چاول کنواری لڑکی کے ناخنوں سے حسب ترکیب بالا نکلواؤ۔

اور جس رات کو چاند گرہن کی تاریخ معلوم کر کے اس سے قبل ایک دو ماہ چراغ یا کھوپری لاؤ اور چاول کنواری لڑکی کے ناخنوں سے حسب ترکیب مذکورہ بالا نکلواؤ۔ جس رات کو چاند گرہن ہو۔ اس میں مذکورہ چیز رکھو اور جس جگہ یہ عمل کرنا ہو وہ جگہ دن کو پہلے ہی دیکھ بھال آؤ اور اگر پیپل کے درخت کی خشک لکڑیاں دن کو اکھٹی کر کے وہاں رکھ آؤ تاکہ رات کو وقت نہ ہو غرضکہ دن کو تمام سامان مکمل کرنا چاہیئے۔

ترکیب استعمال نمبر ا برائے حُب!

ذبیحہ کے چاول جو جڑ سے چھٹ گئے تھے اور علیحدہ ذبیحہ میں رکھے گئے تھے، ان میں دو چار چاول لے کر ان کو باریک پیس لو اور ان میں ایک ماشہ آبریشم بیس دانہ خونہ یعنی اکلیل الملک برادہ شیشم کا آرہ نیزبدن کی میل اور جرابا ملا کر یہ پانچوں چیزیں کسی مٹھائی میں ملا کر تو جس کی آتوار کو جس کسی کی خواہش آپ کا دل کرتا ہو۔ اس کو کھلا دو اس قدر محبت میں فریفتہ اور بے قرار ہو گا، جیسے لیلےٰ مجنوں میں تھی۔

غرضکہ دیوانگی کی حد تک عشق پیدا ہو گا اس عمل سے آپ کا مطلوب تا زیست آپ سے علیحدہ نہ ہو گا جو حکم کرو گے بجا لائے گا۔

ترکیب استعمال نمبر ۲ برائے جدائی!

اس ذبیحہ کے چاول جو کہ جڑ سے نیچے گر گئے تھے ان میں سے دو چار چاول لے کر کسی چیز میں کھلا دو۔ اس وقت آپ دونوں کے درمیان سخت دشمنی پیدا ہو جاوے گی اور وہ شخص آپ سے فوراً علیحدہ ہو جائے گا۔

جدائی کے لئے صرف نیچے گرے ہوئے چاول ہی کھلانے کافی ہیں اور کوئی چیز سوائے شیرینی یا پان کے نہیں ملائی

چاہیئے اور نوچندی اتوار کا بھی ضروری نہیں ہے، جدائی کے لئے خواہ کوئی دن ہو استعمال میں لا سکتے ہیں مگر محبت کے نوچندی اتوار ضروری ہے جدائی کے لئے نہیں

نوٹ:۔ عامل کے چاولوں کو ہر ایک شخص استعمال کر سکتا ہے خواہ عامل خود کسی کو دے خواہ عامل سے کوئی زبردستی چھین کر لے جاوے۔ یا چرا کرلے گئے ہوں دوسرا شخص بھی عامل کی طرح ان چاولوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، ناظرین کو چاہیئے کہ یہ عمل کسی سخت ضروری وقت کے لئے استعمال کریں اس قسم کی محبت و عداوت کسی خاص سبب اور مجبوری کے وقت کرنی چاہیئے، ایسے خواہ مخواہ نہ کرنی چاہیئے۔

ختم شد

(مسعود لیتھو پریس دہلی)